تبصرة الخوارق

مُصنّفہ

سید من اللہ بن سید علی اللہ محمد الحسینیؒ

قیمت: پانچ روپے

۱۹۶۶ء

مطبوعہ اعجاز پرنٹنگ پریس، چھتہ بازار حیدرآباد دکن، آندھراپردیش، ذی قعدہ ۱۳۸۵ھ

Marfat.com

Marfat.com

سلسلۂ مطبوعات بندہ نواز اکیڈمی ۔۱

تبصرۃ الخوارقات

مُصَنّفہ

سیّد من اللہ بن سیّد علی اللہ محمد الحسینیؒ

کرامات و واقعات

حضرت بندگی مخدوم ابوالفتح صدرالدین سید محمد حسینی خواجہ گیسودراز بندہ نوازؒ

سنہ تصنیف ۹۸۱ ہجری

بہ تصحیح متن و ترجمہ و مقدمہ

سیّد مبارز الدین رفعت

پروفیسر اُردو و فارسی مہارانی کالج میسور

Marfat.com

12821۵

مطالب

۱۔ مقدمہ
۲۔ متن و ترجمہ تبصرۃ الخوارقات
(۱) واقعات و کرامات (ایک سو پانچ واقعات و کرامات)
(۲) خاتمہ
(۳) حضرت بندگیِ مخدوم رضؓ کے ننانوے نام
(۴) کنیت
(۵) لقب
(۶) ولادت
(۷) نسب
(۸) شجرۂ خلافت
(۹) خلفاء
(۱۰) مریدانِ کامل
(۱۱) وصیت
(۱۲) حلیہ
(۱۳) حصار
(۱۴) اولاد ـــــ اولاد کی اولاد ۱۱۵

Marfat.com

نذر

حضرت بندگی مخدومؒ کے سوانح طیبہ کے موضوع پر لکھی ہوئی

اس اہم کتاب کا اردو ترجمہ بارگاہِ حضرت بندگی مخدومؒ کے سجادہ نشین

مخدوم محترم حضرت مولانا سید شاہ محمد محمد الحسینی مدظلہٗ

کی خدمت میں بصد ادب و احترام اس عاجزانہ اور درد مندانہ

التجا کے ساتھ پیش ہے ؎

کبھی آپ سید محترم کریں مجھ غریب پہ یوں کرم

مری چشمِ تر کا سلام پیش حضور بندہ نوازؒ ہو!

خاکپائے چشتیان

سید مبارز الدین رفعت

Marfat.com

Marfat.com

مقدمہ

ہندوستان میں عظیم المرتبت چشتیوں کا سلسلہ خواجہ بزرگ حضرت بندگی مخدوم معین الدین چشتی اجمیریؒ سے شروع ہوتا ہے۔ آپ سے لیکر حضرت بندگی مخدوم خواجہ گیسو درازؒ تک جتنے چشتی بزرگوں نے مسندِ رشد و ہدایت کو زینت بخشی۔ وہ سب اللہ اکبر کس پائے کس مرتبے اور کس جلالت شان کے بزرگ ہوئے ہیں! اور ان سب کے آخر میں اس سلسلے کی آخری کڑی ویسی ہی جلالت شان والی، مرتبہ و درجہ میں ان ہی کی ہمسر ویسی ہی فیضان رساں اور ویسی ہی انسانیت پرور، خواجۂ دکن، بندگی مخدوم حضرت سید محمد حسینی گیسو دراز بندہ نواز کی ہے۔

خواجۂ دکن بندگی مخدوم سیدنا حضرت ابو الفتح صدر الدین سید محمد محمد حسینی گیسو دراز بندہ نوازؒ سنہ ۷۲۱ھ بمقام دہلی تولد ہوئے۔ پندرہ سال کی عمر میں بندگی مخدوم حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی کے خلیفہ اور جانشین بندگی مخدوم حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلی کے مرید ہوئے چھتیس برس کی عمر میں اپنے پیر کے جانشین مقرر ہوئے اور سجادۂ خلافت کو زینت بخشی۔ تقریباً پچاس سال تک دہلی میں رشد و ہدایت کی شمع روشن رکھنے کے بعد (۸۲) سال کی عمر میں تیمور کے حملۂ دہلی سے کچھ پہلے سنہ ۸۰۱ھ میں دہلی کی اقامت ترک فرمائی۔ اور گجرات سے ہوتے ہوئے سنہ ۸۰۲ھ میں گلبرگہ پہنچے۔ بہمنی سلطنت کے آٹھویں فرماں روا سلطان فیروز شاہ بہمنی نے اپنے دار السلطنت میں آپ کا شاندار استقبال کیا۔ گلبرگہ پہنچنے کے بعد آپ نے اپنی حیاتِ طیبہ کے باقی بائیس یا تئیس سال یہیں بسر فرمائے! اور دکن کی سیاسی، سماجی اور دینی حالات پر غیر معمولی طور پر اثر انداز ہوئے۔ ایک سو چار سال اور کچھ مہینوں کی عمرِ دراز پاکر آپ نے ۱۶ ذی قعدہ سنہ ۸۲۵ھ کو وصال فرمایا۔ آپ کی حیاتِ طیبہ آٹھویں اور نویں صدی ہجری کے

Marfat.com

ہندوستان کی دینی، علمی، ثقافتی، سیاسی، سماجی اور لسانی تاریخ کا ایک نہایت اہم باب ہے۔ آپ نے ہی سلسلۂ عالیہ چشتیہ میں سب سے پہلے تصنیف و تالیف کی طرف توجہ فرمائی۔ اردو، فارسی اور عربی تینوں زبانوں میں تصوف اور عرفان کے موضوع پر کتابیں لکھیں۔ آپ ہی اردو کے اولیں نثر نگار قرار پائے۔ آپ نے ہی دکن کی سیاست پر اپنا اثر ڈالا کہ فیروز شاہ بہمنی کے بھائی سلطان احمد کو بہمنی تخت نصیب ہوا۔ آپ ہی کی بلند و بالا اور قد آور شخصیت کی وجہ سے پورے دکن میں سلسلۂ عالیہ چشتیہ کو غیر معمولی حسنِ قبول حاصل ہوا۔

افسوس ہے سلسلۂ عالیہ چشتیہ کے اس چشتی اعظم کے سوانح طیبہ کے پورے گوشے عوام و خواص کی آپ سے صدیوں کی بے پایاں عقیدت کے باوجود ابھی تک پوری طرح منظرِ عام پر نہیں آئے ہیں۔ اور تو اور آپ کی لکھی ہوئی ایک سو پچیس کتابیں بھی سب کی سب شائع نہیں ہوئی ہیں۔ اسی طرح آپ کے سوانح طیبہ اور آپ کی تعلیماتِ مبارکہ کے بعض نہایت اہم ماخذ بھی ہنوز طبع نہیں ہوئے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آپ سے ایسی باتیں بھی منسوب کر دی گئی ہیں جو بالکل بے سر و پا اور بے اصل ہیں۔ یہ سب کتابیں طبع ہو کر عام ہو جائیں تو اسی وقت حضرت بندگی مخدومؒ کے فیضانِ جاریہ اور آپ کے مقامِ بلند کا پورا پورا اندازہ ہو سکیگا۔

حضرت بندگی مخدومؒ کے سوانح طیبہ کے سلسلہ میں جو کتابیں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں، ان میں حضرت بندگی مخدوم کے ملفوظات کے مجموعوں کو اولیت حاصل ہے۔ آپ کے ارشادات اور آپ کی مبارک محفلوں کے حالات چار مختلف حضرات نے مختلف زمانوں میں بطور ملفوظات مرتب فرمائے تھے۔ ایسے چھ ملفوظ مرتب ہوئے تھے۔ پہلا ملفوظ مخدوم زادہ سید ابن رسول معروف بہ میاں منجھلے نے مرتب کیا تھا۔ اس کا کچھ حصہ دہلی میں مرتب ہوا تھا اور باقی حصے گلبرگہ میں۔ دوسرا ملفوظ قاضی علم الدین ابن شرف الدین اجودھنی نے جمع کیا تھا۔ تیسرا ملفوظ چھتر کے رہنے والے حضرت شیخ الاسلام کا جمع کردہ تھا۔ چوتھا ملفوظ منظوم تھا اور اسے ملک زادہ عثمان جعفر نے ترتیب دیا تھا۔ پانچواں ملفوظ بندگی مخدوم کے بڑے فرزند بندگی میاں سید اکبر حسینیؒ نے قیامِ دہلی کے زمانے میں مرتب فرمایا تھا۔ یہ سب ملفوظ اب ناپید ہیں۔ ان کے کسی نسخے کا کسی بھی کتب خانہ میں ابھی تک پتہ نہ لگ سکا۔ ان مذکورہ ناپید ماخذوں کے بعد جو کتابیں ملتی ہیں اور ہماری دسترس میں ہیں، وہ ترتیب زمانی کے لحاظ سے حسب ذیل ہیں:۔

(۱) جوامع الکلم (۲) سیر محمدیؒ (۳) تاریخ حبیبیؒ (۴) محبت نامہ

(۵) شمائل الحبل (۶) تبصرۃ الخوارقات

تبصرۃ الخوارقات اس سلسلے کی آخری اور نہایت اہم کڑی ہے۔

تبصرۃ الخوارقات کے مصنف حضرت سید من اللہ حسینی ایک طرف تو بندگی مخدوم

Marfat.com

حضرت سیدنا گیسو دراز بندہ نوازؒ کے ہم جد ہیں تو دوسری طرف حضرت بندگی مخدومؒ کی دوسری صاحبزادی حضرت بی بی بتول زوجہ حضرت سید سالار لاہوری کی اولاد میں ہیں۔ اس طرح خاندان حضرت بندگی مخدومؒ سے ان کا دہرا بلکہ تہرا رشتہ ہے۔ والد کی طرف سے ان کا سلسلہ نسب آٹھویں پشت پر حضرت مخدوم خواجہ گیسو دراز بندہ نواز سے جا ملتا ہے۔ شجرہ حسب ذیل ہے:

سید من اللہ بن سید علی اللہ بن سید محمد بن سید شاہ علی اللہ بن سید محمد عرف سید محمود حسینی بن سید شاہ فضل اللہ حسینی بن سید علی برج العشاقؒ بن سید جلال الدین برج الاولیاءؒ بن حضرت سید علیؒ۔

حضرت سید علی حضرت بندگی مخدوم سیدنا گیسو دراز بندہ نوازؒ کے حقیقی جد ہیں۔

حضرت سید جلال الدین برج الاولیا، حضرت سید یوسف حسینی شاہ راجو قتال کے چھوٹے بھائی اور حضرت بندگی مخدوم کے سگے چچا ہوتے ہیں۔ حضرت برج الاولیاء کے اکلوتے صاحبزادے سید علی برج العشاق ہیں۔ ان کے فرزند سید شاہ فضل اللہ حسینی سے حضرت بندگی مخدوم کی حقیقی نواسی یعنی حضرت بندگی مخدوم کی بڑی صاحبزادی حضرت بی بی ستی فاطمہ کی صاحبزادی منسوب تھیں۔ ان ہی کے بطن سے سید محمد معروف بہ سید محمود حسینی تولد ہوئے۔

سید محمد بن فضل اللہ سے حضرت بندگی مخدوم کے پوتے میاں بندگی حضرت سید ید اللہ حسینی (صاحب روضۂ حمد) کی صاحبزادی، جو بی بی خونزا حجت اللہ دختر بی بی بتول بنت بندگی مخدومؒ کے بطن سے تھیں منسوب تھیں۔ وہ اپنے خسر اور حضرت بندگی مخدوم کے پوتے اور آپ کے اولین جانشین ہیں۔ میاں بندگی حضرت شاہ ید اللہ حسینیؒ نے بڑی توجہ سے اپنے اس داماد اور مرید کی تربیت فرمائی۔ داماد اور مرید کو بھی اپنے خسر اور پیر سے والہانہ عقیدت تھی چنانچہ انھوں نے آپ کے ملفوظ کو "محبت نامہ الٰہی و اسرار نامہ خدائی" کے نام سے مرتب کیا۔ اس ملفوظ میں ۳ رجب ۸۴۳ھ سے ۲۵ محرم ۸۴۸ھ تک کے ملفوظ جمع فرمائے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میاں بندگی حضرت سید شاہ ید اللہ حسینی کے وصال کے بعد سید محمد عرف سید محمود حسینی اپنے محل محترم حضرت بی بی منت اللہ کے ساتھ بیدر منتقل ہو گئے کیونکہ حضرت بندگی مخدوم کے خاندان مبارک کے بیشتر اراکین پایہ تخت کی تبدیلی کے بعد گلبرگہ سے بیدر منتقل ہو گئے تھے۔ میاں بندگی حضرت شاہ ید اللہ حسینی کی صاحبزادی حضرت بی بی منت اللہ اپنے وقت کی بڑی بابرکت خاتون گزری ہیں۔ بیدر ہی میں آپ نے ایک خانقاہ کی بنا رکھی اور جب ۲۸ ذی الحجہ ۸۸۸ھ میں آپ کا وصال ہوا تو آپ کا روضہ بھی بیدر ہی میں بنا۔ آپ کے وصال کے بعد آپ کے دوسرے صاحبزادے سید شاہ علی آپ کی درگاہ اور آپ کی خانقاہ کے سجادہ نشین مقرر ہوئے۔ یہ خانقاہ ایک عرصہ دراز تک بیدر میں فیضان چشتیہ بندہ نوازیہ کا کام کرتی رہی۔ سید شاہ علی نے کچھ کم

Marfat.com

پچیس سال سجادہ نشین رہنے کے بعد ۸ ربیع الاول ۹۱۲ھ کو وفات پائی۔ کسی نے انکے وصال کی تاریخ کہی ؎

سید اعظم پناہ و پشت دیں　　مثل او دیگر نباشد مہ جبیں
جانشین سید اعلیٰ علی　　عالم ربانی و اہل یقیں
از وفاتش رخنہ در دین فتاد　　فہم کن تاریخ شان از "حزم دیں"
۹۱۲ھ

آپ کے جانشین حضرت سید محمد ہوئے۔ آپکے وجود سے حضرت بی بی امنت اللہ کی خانقاہ کو بڑی رونق رہی اور آپ کی ذات سے فیضانِ چشتیہ کا سلسلہ جاری رہا۔ حضرت سید محمد نے (۴۴) سال کی عمر پاکر ۳ ذی الحجہ ۹۳۲ھ کو وصال فرمایا۔ آپ کے بعد آپ کے بڑے صاحب زادے سید محمود ثانی نے خانقاہ نشین ہوکر سجادہ کو زینت بخشی۔ آپ کے اور تین بھائی تھے، سید حسین، سید علی اللہ عرف سید بابو اور سید احمد حسینی۔ خواجہ محب اللہ ابوالحسن سید علی اللہ عرف سید بابو صوفی منش اور ذی علم بزرگ تھے ۹۱۲ھ میں ولادت ہوئی۔ ان کے انتقال کی تاریخ معلوم نہیں۔ یہی بزرگ تبصرۃ الخوارقات کے مصنف کے والد محترم ہیں۔ سید علی اللہ عرف سید بابو کے چار فرزند تھے۔ سب سے چھوٹے فرزند سید من اللہ حسینی تھے۔ اور تبصرۃ الخوارقات کے مصنف ہیں۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات کے حالاتِ زندگی تفصیل سے معلوم نہیں۔ خود ان کی تصنیف کردہ کتاب سے بھی ان کے حالاتِ زندگی پر کچھ زیادہ روشنی نہیں پڑتی۔ جو کچھ معلوم ہوتا ہے وہ بس اتنا ہی ہے کہ وہ اپنے والد سید علی اللہ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ غالباً انہیں رواج زمانہ کے مطابق عربی اور فارسی کی مروجہ تعلیم ملی تھی۔ ان کی شادی بیدر کے مشہور قادری بزرگ حضرت مخدوم سید محمد ملتانی قادریؒ کے پوتے حضرت رفیع الدین ابن حضرت مخدوم حجیؒ کی صاحبزادی خوانزادہ ام ہانی سے ہوئی تھی۔ ۹۸۱ھ میں جبکہ انھوں نے کتاب تبصرۃ الخوارقات مرتب کی ہے، ان کے دو اولادیں ہوچکی تھیں۔ ایک لڑکا سید محمد اور ایک لڑکی بی بی منت اللہ۔ اسوقت ان کی عمر غالباً تیس پینتیس سال سے زیادہ نہ ہوگی۔ ان کی گزر بسر کی کیا صورت تھی اس کا بھی پتہ نہیں چلتا۔ غالباً حضرت بندگی مخدومؒ کی اولاد و احفاد کو جو جاگیریں اور معاشیں مختلف سلاطین سے ملی تھیں ان میں سے ان کو بھی حصہ رسدی ملتا ہوگا۔ توکل اور قناعت پر گذر بسر ہوتی ہوگی اور مشغلہ حیات رشد و ہدایت ہوگا! انھوں نے اپنی پوری زندگی بیدر ہی میں بسر کی اور انتقال بھی وہیں کیا اور غالباً بی بی منت اللہ کی درگاہ کے احاطہ میں دفن ہوئے۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات کو اپنے جد اعلیٰ اور اپنے سلسلے کے پیر بندگی مخدوم حضرت سید نا گیسو دراز بندہ نوازؒ سے دلی عقیدت تھی۔ انھوں نے حضرت بندگی مخدوم کے وصال کے تقریباً ڈیڑھ سو سال بعد ۹۸۱ھ

Marfat.com

میں اپنے والد کے ارشاد کی تعمیل میں حضرت بندگی مخدوم کے حالات، خوارقات آپ کے مریدوں اور خلفا اور آپ کی اولاد و احفاد کی تفصیل پر تبصرۃ الخوارقات کے نام سے ایک کتاب مرتب کی۔ اس کتاب کے دو حصے ہیں۔ پہلے حصے میں حضرت بندگی مخدوم سے متعلق آپ کے سن مبارک کے اعداد یعنی (۵۰۱) کی رعایت سے ایک سو پانچ روایتیں جمع کی ہیں۔ دوسرا حصہ جو پہلے حصہ کا ضمیمہ ہے اس میں حضرت بندگی مخدوم کی حیات طیبہ سے متعلق ضروری معلومات فراہم کرنے کے بعد آپ کے مریدوں اور خلفاء کی فہرست دی ہے۔ اس کے بعد آپ کی اولاد و احفاد کی اپنے زمانے تک تفصیل درج کی ہے۔ ماشاءاللہ حضرت بندگی مخدوم کی اولاد خوب پھلی پھولی اور آپ کے وصال کے ڈیڑھ سو سال کے اندر اس خاندانِ مبارک کی اتنی شاخیں ہو گئیں کہ —— تبصرۃ الخوارقات کے مصنف کو بھی بعض شاخوں کی تفصیلات معلوم نہ ہو سکیں۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات نے اپنی کتاب کے پہلے حصے میں جو روایتیں حضرت بندگی مخدوم سے متعلق جمع کی ہیں وہ تین طرح کی ہیں۔ پہلی قسم کی روایتیں وہ ہیں جو انھوں نے اپنے خاندان کے بزرگوں یا حضرت بندگی مخدوم کے سلسلے میں بیعت کردہ حضرات سے سنیں۔ دوسری قسم کی روایتیں وہ ہیں جو انھوں نے خود حضرت بندگی مخدوم کی تصانیف سے نقل کی ہیں۔ آخری قسم کی روایتیں وہ ہیں جو حضرت بندگی مخدوم کے سوانح طیبہ پر لکھی ہوئی کتابوں یا حضرت بندگی مخدوم کے سلسلے کے بزرگوں کے ملفوظات سے نقل کی ہیں۔ انھوں نے ہر روایت کی ابتدا ہی میں اپنا ماخذ بتا دیا ہے۔ اس کے لئے انھوں نے مخففات استعمال کی ہیں اور کتاب کے آخر میں ان مخففات کی تفصیل بھی درج کر دی ہے۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات نے جو مخففات استعمال کئے ہیں وہ یہ ہیں:-

مس : مسموع - سنی ہوئی روایت

سمر : اسمار الاسرار

خا : خاتمہ

دی : دیوان

جوا : جوامع الکلم

مح : محبت نامہ

مہ : ملفوظات شاہ من اللہ حسینی

سی : سیر محمدی

مو : مولود منظوم

Marfat.com

اس طرح صاحب تبصرۃ الخوارقات کے کُل نو ماخذ ہیں۔ ایک مسموع یعنی سُنی سنائی روایتیں۔ تین ماخذ حضرت بندگی مخدومؒ کی تصانیف مبارکہ ہیں۔ باقی چار ماخذوں میں ایک آپ کی سیرت مبارک۔ حضرت بندگی مخدوم کے ملفوظات کے دو مجموعے اور حضرت بندگی مخدومؒ کے دو پوتوں کے ملفوظات۔ اب ان ماخذوں کی تفصیل ملاحظہ فرمائیے:-

۱۔ اسمار الاسرار: اسمار الاسرار حضرت بندگی مخدومؒ کی نہایت بلند پایہ تصنیف ہے اور قیام گلبرگہ کے زمانے میں املا کرائی گئی ہے اس میں بقول حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ حقایق و معارف رمز و ایما اور اشارات کی زبان میں بیان کئے ہیں۔" حضرت بندگی مخدومؒ نے اس کتاب کے (۴۷) سبقاً سبقاً صرف ملک نادہ شہاب الدین، مخدوم زادہ میاں ید اللہ، میاں عبداللہ اور حضرت قاضی بہاالدین کو مخصوص مجلس درس میں پڑھائے بھی ہیں۔ البتہ چند مقاموں پر حروف مقطعات کی شرح کو پوشیدہ رکھا۔ اس مخصوص مجلس درس میں بس یہی اصحاب ہوتے تھے۔ ان کے سوا کوئی اور شریک درس نہ کیا جاتا تھا صاحب تاریخ حبیبی نے لکھا ہے کہ" حضرت قطبی فرماتے تھے کہ حضرت شیخ نصیرالدین محمودؒ کے سر مبارک کی قسم اگر کوئی میرا باپ اور شیخ بھی ہوتا اور کہتا کہ اس کتاب کو آپ نے جس طرح لکھا ہے مجھے اس کا سبق دیجئے تو کبھی نہ دیتا اور اس کو کے اسرار ظاہر نہ کرتا۔" حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے ہیں کہ یہ کتاب الہام ہے۔ اس لئے تنزیل کے ڈھنگ پر مرتب کی گئی ہے۔ مقصد معارف قرآنی کی تفسیر و تاویل ہے۔ اسی وجہ سے اسمار کی تعداد بھی حضرت بندگی مخدومؒ نے قرآنی سورتوں کے برابر رکھی ہے۔

اس کتاب کو مولانا سید عطا حسین مرحوم نے اپنے مقدمہ کے ساتھ مرتب کر کے حیدرآباد سے شائع کیا ہے۔

۲۔ خاتمہ: شیخ طریقت ضیاء الدین ابوالنجیب عبدالقاہر سہروردی کی تصانیف میں ایک کتاب عربی زبان میں "آداب المریدین" ہے۔ جس پایہ کے آپ مصنف تھے یہ کتاب بھی اسی پایہ کی ہے۔

"آداب المریدین" ایک جامع کتاب ہے لیکن مختصر ہے بقول مولانا عطا حسین، حضرت بندگی مخدوم حکیم الامت تھے اور اپنے زمانے کے حالات اور رجحانات اور کمزوریوں سے خوب واقف تھے آپ نے محسوس کیا کہ آداب المریدین کے موضوع پر ایک مبسوط اور مکمل کتاب کی ضرورت ہے۔ آپ نے اس کتاب کی اخری شرح لکھنے کے بعد ۸۰۰ھ میں " خاتمہ " کے نام سے ایک اور کتاب تصنیف فرمائی جو بطور اس کے تکملہ یا ضمیمہ کے لکھی گئی ہے۔ مولانا عطا حسین مرحوم نے اس کتاب کو بھی سنہ ۱۳۵۶ھ میں اپنے مقدمہ کے ساتھ شائع کردیا ہے۔

Marfat.com

۳۔ دیوان: حضرت بندگی مخدومؒ فارسی کے بلند پایہ شاعر بھی تھے۔ کبھی محمد اور کبھی شہباز تخلص فرماتے تھے۔ آپ کے فارسی کلام کو آپ کے خلیفہ مولانا عماد فتح پوری نے "انیس العشاق" کے نام سے دیوان کی صورت میں مرتب کیا تھا۔ یہ دیوان بھی مولانا عطا حسین مرحوم کے مقدمہ کے ساتھ چھپ چکا ہے۔

۴۔ جوامع الکلم: حضرت بندگی مخدومؒ کے بڑے صاحب زادے میاں بندگی حضرت سید اکبر حسینیؒ نے آپ کے قیامِ دہلی کے زمانے میں ایک ملفوظ مرتب فرمایا تھا۔ یہ ملفوظ اب ناپید ہے۔ اس کے بعد آپ نے حضرت بندگی مخدومؒ کے قیام گجرات کے دنوں میں جوامع الکلم کے نام سے ایک اور ملفوظ مرتب فرمایا۔ یہ ملفوظ دوشنبہ ۱۸ رجب ۸۰۲ھ سے شروع ہوتا ہے اور ربیع الثانی ۸۰۳ھ پر ختم ہو جاتا ہے۔ اس ملفوظ کی نہایت درجہ اہم خصوصیت یہ ہے کہ حضرت بندگی مخدوم نے اسے ملاحظہ فرمایا ہے اور اس کے تعلق سے ارشاد ہوا ہے کہ اگر میں لکھتا تو ایسا ہی لکھتا۔ حضرت بندگی مخدومؒ کی تعلیمات اور آپ کے سوانح طیبہ کے تعلق سے اس کتاب کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ جناب حامد صدیقی کے مقدمہ کے ساتھ یہ کتاب ۱۳۵۶ھ میں درگاہ شریف سے شائع ہو گئی ہے۔

۵۔ مولود منظوم: حضرت بندگی مخدوم کا ایک اور ملفوظ جو منظوم تھا، ملک زادہ، مقبول خانوادہ برگزیدہ ملک عثمان جعفر نے مرتب کیا تھا۔ یہ ملک زادہ حضرت بندگی مخدوم کے مرید اور آپ کے اجازت یافتہ تھے۔ یہ ملفوظ اب ناپید ہے اور اس کا کوئی نسخہ ابھی تک کسی کتب خانہ میں دریافت نہیں ہوا ہے۔ تبصرۃ الخوارقات ہی اب تک وہ تنہا کتاب ہے جس میں اس ناپید کتاب کے کچھ اقتباسات محفوظ رہ گئے ہیں۔

۶۔ سیرِ محمدیؒ: اس کتاب کے مصنف حضرت مولانا محمد علی سامانیؒ ہیں۔ مولانا محمد علی سامانیؒ حضرت بندگی مخدوم کے مرید اور خادم بارگاہ ہیں۔ انھوں نے ۸۳۱ھ میں حضرت بندگی مخدومؒ کی ایک سیرتِ طیبہ لکھی۔ چونکہ یہ کتاب حضرت بندگی مخدوم کے خادمِ خاص کے قلم سے نکلی ہے اور وہ بہت سے واقعات کے چشم دید راوی ہیں، اس لئے اسے غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ اس کتاب کا اصل فارسی متن اور اس کا اردو ترجمہ "سیر محمدی مع ترجمہ المعروف بہ تحفۂ احمدی" کے نام سے کلیم سید شاہ نذیر احمد قادری نے ۱۳۴۷ھ میں الہ آباد کے یونانی دواخانہ پریس سے شائع کر دیا ہے۔

۷۔ محبت نامہ: محبت نامہ حضرت بندگی مخدوم کے پوتے، بندگی میاں سید محمد اصغر کے صاحبزادے اور حضرت بندگی مخدومؒ کے اولین جانشین بندگی میاں سید شاہ یداللہ حسینیؒ (صاحب روضۂ خرد) کے ملفوظات ہیں۔ کتاب کا پورا نام "محبت نامۂ الٰہی و اسرار نامۂ خدائی" ہے۔ اس کے جامع میاں بندگی حضرت یداللہ حسینیؒ کے مرید، خلیفہ اور داماد حضرت سید محمد بن فضل اللہ حسینی عرف سید محمودؒ ہیں۔ ملفوظ ۳ رجب ۸۴۳ھ

Marfat.com

سے شروع ہوتا ہے اور ۲۰ محرم ۸۴۴ھ کی ایک مجلس کے بیان پر ختم ہو جاتا ہے۔ بندگی میاں حضرت سید شاہ ید اللہ حسینی عرف قبول اللہ حسینیؒ حضرت بندگی مخدومؒ کے بڑے چہیتے پوتے ہیں اور آپ کے وصال کے بعد ہی آپ کے سجادہ نشین ہوئے ہیں۔ اکثر مجلسوں میں حضرت بندگی مخدومؒ کے ایسے حالات بیان فرماتے ہیں جو دوسری کتابوں میں نہیں ملتے۔

یہ کتاب اب تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ جناب رحیم الدین صاحب نے اس کے فارسی متن کی تصحیح کی ہے اور اس کا اردو میں ترجمہ بھی کر دیا ہے۔ لیکن اصل متن کی طرح یہ ترجمہ بھی ابھی تک طبع نہیں ہوا ہے۔

۸۔ **شمائل الجمل و شمائل الکمل:** یہ کتاب حضرت مخدوم کے دوسرے پوتے اور بندگی میاں حضرت محمد اصغر کے دوسرے صاحب زادے اور حضرت بندگی میاں سید ید اللہ حسینیؒ کے چھوٹے بھائی، میاں بندگی سید شاہ من اللہ حسینی مشہور بہ ابو الفیضؒ کے ملفوظ ہیں آپ کا مزار مبارک آج بھی بیدر میں مرجع عوام و خواص ہے۔ اس کے جامع آپ کے صاحبزادے بندگی میاں ابو الحسن ناصر الدین سید کلیم اللہ حسینیؒ ہیں۔ ملفوظ کا آغاز ۳ ذوالحجہ ۸۶۴ھ سے ہوتا ہے اور آخری مجلس جس کا حال اس میں بیان ہوا ہے وہ ۱۳ جمادی الاول ۸۶۵ھ کی ہے۔ بندگی میاں من اللہ حسینیؒ اپنے جد امجد حضرت مخدومؒ کے عشق میں اس درجہ ڈوبے ہوئے ہیں کہ آپ کی کوئی مجلس حضرت بندگی مخدومؒ کے ذکر سے خالی نہیں۔ اس کتاب میں حضرت بندگی مخدومؒ کی حیات طیبہ اور آپ کی تعلیمات سے متعلق بیش قرار معلومات درج ہیں۔ یہ کتاب ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ دنیا میں اس کا ایک ہی معلومہ نسخہ حضرت مولانا شیخ علاء الدین جنیدیؒ سجادہ نشین بارگاہ حضرت مخدوم سیدنا سراج الدین جنیدیؒ (گلبرگہ) کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات نے اپنی تالیف کے سلسلے میں حضرت بندگی مخدومؒ کے سوانح طیبہ سے متعلق تقریباً تمام اہم کتابوں کو اپنے پیش نظر رکھا ہے۔ لیکن حیرت ہے کہ اس سلسلے کی ایک اہم ترین کتاب ان کی نظر سے کیسے رہ گئی۔ یہ کتاب ہے تاریخ حبیبی۔ جوامع الکلم اور سیر محمدی کے بعد اسی کتاب کو حد درجہ اہمیت حاصل ہے۔ اس کے مصنف مولانا عبد العزیز ابن شیر ملک بن محمد واعظی ہیں۔ مولانا عبد العزیزؒ حضرت بندگی مخدومؒ کے چھوٹے صاحب زادے بندگی میاں حضرت محمد اصغر عرف میاں لہرؒ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ انھوں نے یہ کتاب ۸۹۱ھ میں لکھی ہے اور یہ زمانہ بندگی مخدومؒ کے سجادے اور پوتے میاں بندگی حضرت سید محمد اصغر کے صاحب زادے بندگی میاں سید شاہ ید اللہ حسینیؒ کی سجادگی اور سلطان علاء الدین ابن احمد شاہ ولی بہمنی کی حکومت کا عہد ہے۔ یہ کتاب حضرت بندگی مخدومؒ کے وصال کے صرف (۶۶) سال بعد لکھی گئی ہے۔ اس کتاب کا اصل فارسی متن ابھی تک شائع نہیں ہوا ہے۔ البتہ اس کا اردو ترجمہ جو نواب معشوق یار جنگ کا کیا ہوا ہے، ۱۳۶۸ھ میں درگاہ شریف کی طرف

Marfat.com

سے شائع کردیا گیا ہے۔

کتاب تبصرۃ الخوارقات ابتدائی عادل شاہی دور کی فارسی کا ایک اچھا نمونہ ہے۔ قدیم اردو بولنے والے جب فارسی لکھتے تھے تو ان کی فارسی کیسی ہوتی تھی، اس کتاب سے اس کا تھوڑا بہت اندازہ ہوتا ہے۔ گویا یہ دکنی فارسی ہے۔ اس کتاب سے اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اب فارسی لکھنے والے گھروں میں فارسی نہ بولتے تھے۔ بلکہ قدیم اردو یا دکنی بولتے تھے۔ اس قدیم اردو کے اثرات ان کی فارسی پر بھی نمایاں نظر آتے ہیں۔

صاحب تبصرۃ الخوارقات اوسط علمی استعداد کے بزرگ معلوم ہوتے ہیں۔ غالباً انھوں نے بس یہی ایک کتاب تالیف کی تھی کیونکہ ان کی کوئی تصنیف دستیاب ہوتی ہے اور نہ ہی اس کا کہیں ذکر ملتا ہے۔ انہیں تصنیف و تالیف کا بھی کوئی خاص سلیقہ نہیں۔ مولف کا اصل مقصد حضرت بندگی مخدومؒ سے متعلق بعض خوارقات کو بیان کرنا اور اس کے بعد آپ کی اولاد و احفاد کے وسیع سلسلے کے ناموں کو ضبط تحریر میں لانا معلوم ہوتا ہے۔ اس کتاب کی سب سے بڑی اہمیت یہ ہے کہ اس میں بعض ایسی روایتیں درج ہیں جو اس سے پہلے کی لکھی ہوئی کتابوں میں نہیں ملتیں۔ مثلاً عام طور پر حضرت بندگی مخدومؒ کے متعلق مشہور ہے کہ آپ نے اپنے سن مبارک کے اعداد کے برابر یعنی (۱۰۵) کتابیں تصنیف فرمائیں۔ اس روایت کی کوئی سند نہیں ملتی لیکن صاحب تبصرۃ الخوارقات واضح طور پر بیان کرتے ہیں کہ آپ نے (۱۲۵) کتابیں تصنیف فرمائی تھیں اور تصنیف کا طریقہ یہ تھا کہ انہیں املا کراتے تھے۔ کتاب کے تمام ہو جانے کے بعد آپ نے اس پر کبھی نظر ثانی نہیں فرمائی۔ اسی طرح حضرت بندگی مخدومؒ کے خلفاء کی جو فہرست سیر محمدی یا تاریخ حبیبی میں درج ہے اس سے زیادہ مکمل فہرست ہمیں تبصرۃ الخوارقات میں ملتی ہے۔ اس فہرست میں کچھ نام ایسے بھی ہیں جو اس سے پہلے لکھی ہوئی مذکورہ صدر کتابوں میں نہیں ملتے۔

ڈیڑھ سو سال کی مدت کے اندر اندر دکن میں حضرت بندگی مخدومؒ کا خاندان مبارک کافی وسیع ہو گیا تھا۔ آپ کے صاحب زادوں اور صاحب زادیوں کی اولاد کا سلسلہ بہت پھیل گیا تھا۔ اب وقت آچکا تھا کہ اس خاندانِ مبارک سے تعلق رکھنے والوں کا تذکرہ ایک جگہ مرتب ہو جائے۔ مولف تبصرۃ الخوارقات نے اپنے زمانے تک کے ایسے تمام افراد کے نام اور ان کا نسب نامہ تبصرۃ الخوارقات کے ضمیمے میں محفوظ کر دیا ہے، جو کسی نہ کسی طرح حضرت بندگی مخدومؒ سے نسبی تعلق رکھتے تھے۔ یہ ایک بہت بڑی خدمت تھی جو صاحب تبصرۃ الخوارقات نے انجام دے دی۔ بعد کے مصنفوں اور خاص طور پر تاریخ خاندان محمدیا تاریخ محمدی کے مصنف نے اس سے کافی استفادہ کیا۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کتاب تبصرۃ الخوارقات کو کافی حسن قبول حاصل ہوا تھا۔ کیونکہ اس کتاب کے قلمی نسخے، نایاب نہیں۔ کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد، کتب خانہ نواب سالار جنگ حیدرآباد، کتب خانہ [illegible] گلبرگہ، کتب خانہ مولانا شیخ علاء الدین جنیدیؒ اور کتب خانہ درگاہ حضرت [illegible]

Marfat.com

کے قلمی نسخے موجود ہیں۔ اس کم سواد نے کتب خانہ روضتین گلبرگہ، کتب خانہ مولانا علاء الدین جنیدی گلبرگہ اور کتب خانہ درگاہ حضرت امین الدین اعلیٰؒ بیجاپور کے نسخوں کو اپنے سامنے رکھ کر تبصرۃ الخوارقات کا موجودہ مصححہ متن مرتب کیا ہے۔ اس کے ساتھ فارسی متن کے مقابل اس کا اردو ترجمہ بھی درج کر دیا ہے۔ بعض مقامات پر اس کم سواد کو ترجمہ میں خاصی دشواری پیش آئی خصوصاً حضرت بندگی مخدومؒ کی کتاب اسمار الاسرار اور اس کے بعض مقامات کی جو شرح بندگی میاں حضرت سید اکبر حسینیؒ نے فرمائی ہے اس کے بعض حصے اس کم سواد کی فہم ناقص سے اونچے ہی رہے۔ دو ایک مقامات پر جہاں اس کم سواد کی فہم ناقص نے بالکل ہی جواب دے دیا ہے، وہاں حاشیہ میں اس بات کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔

اس کتاب کے متن کی تصحیح اور اس کے ترجمہ میں جو بیش بہا رہنمائی مجھے مخدوم محترم مولانا شیخ علاء الدین جنیدی مدظلہٗ سجادہ نشین بارگاہِ سیدنا سراج الدین جنیدیؒ سے ملی ہے۔ اس کا بصد تشکر اعتراف مجھ پر فرض ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ اس ہیچمدان نے مولانا کی عالمانہ صحبتوں سے کافی استفادہ کیا ہے۔ مولانائے محترم ایک نہایت درجہ بالغ نظر عالم ہیں۔ عمومی طور پر پورے اولیائے ہند اور خصوصی طور پر اولیائے دکن کے بارے میں ان کا مطالعہ نہایت وسیع اور عمیق ہے۔ ان کا سینہ ان بزرگوں سے متعلق معلومات کا ایک بیش بہا خزانہ ہے۔ افسوس ہے کہ مولانائے محترم اپنے جوہر اصلی کی طرف سے حد درجہ غفلت برتتے ہیں۔ اگر وہ اپنی دوسری کم درجہ کی مصروفیتوں سے صرف نظر فرما کر محض اسی موضوع کے لئے اپنے آپ کو وقف فرما دیں تو یقیناً ہندوستان ایک عالم متبحر کی جلیل القدر علمی خدمات سے محروم نہ رہ جائے گا۔

حضرت بندگی مخدومؒ سے متعلق اس اہم کتاب کے متن کو مرتب کرنے اور اس کا ترجمہ کرنے کی ہمت تمام تر نتیجہ ہے اس کم سواد کے نہایت درجہ شفیق اور محترم استاد پروفیسر سید محمد صاحب قبلہ مدظلہ العالی کی تشویق اور ہمت افزائی کا۔ ان کے ایک ادنیٰ خادم، ان کے ایک کم سواد شاگرد کے پاس الفاظ نہیں ہیں جن کے ذریعہ ان کی شفقت، کرم گستری اور شاگرد نوازی کا شکریہ ادا کر سکے۔

اس کم سواد نے کسی نام و نمود کی ہوس یا کسی مادی فائدے کی تمنا کے بغیر، صرف بارگاہ حضرت بندگی مخدوم سیدنا بندہ نوازؒ گیسودرازؒ سے اپنی غیر متزلزل اور بے پایاں عقیدت کیلئے اظہار کیلئے یہ خدمت انجام دی ہے بس اس دعا پر اس گزارش کو تمام سمجھئے کہ یہ حقیر سعی بارگاہ حضرت بندگی مخدومؒ میں مقبول ہو جائے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ؛

میسور
۲۰ فروری ۱۹۶۶ء

خاکپائے بارگاہ بندہ نوازؒ
فقیر سید مبارز الدین رفعت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العَالَمِینَ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ رَسُولِہٖ وَآلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجمَعِینَ

اَمَّا بَعد، ایں کلمات کرامات عاشقِ شہبازِ بلند پرواز کہ جواہر خزینۂ اسرارِ سبحانیست، وملفوظات خوارقِ عارفِ سرفرازِ الجامع الحقیقت والمجاز کہ زواہر گنجینۂ انوارِ ربانیست، از زبانی ہم رازِ نبیؐ، و ہم سرِ علیؓ، اعنی خواجہ محب اللہ ابوالحسن علی بن ابی الفتح محمد الحسینی المعروف بہ سید بابو، ادھم اللہ تعالیٰ علیٰ عیننا و راسنا مادامت الشمس طالعۃ ولعین جاریۃ، شنیدہ شد کہ چہ نقل ہا در کتب ہا افتادہ اند، از آں سبب مردمان باز ماندہ اند۔ اگر کسے ایں را جمع کند چہ خوب باشد تا جہانیان مستفید گردند۔ بنا براں ایں کمینہ با قصور فہم خویش و از اندازۂ فہم سقیم خویش بہ اندیشیدہ و تجاسر نمودہ روا نداشت کہ چنیں جواہر غیبی و زواہر لاریبی متفرق گذاشتہ شوند ورنہ بیت:

ترجمہ: نبیؐ کے ہم راز اور علیؓ کے ہم سِر یعنی خواجہ محب اللہ ابوالحسن بن ابی الفتح محمد حسینی المعروف بہ سید بابو، اللہ تعالیٰ ان کو جب تک سورج طلوع ہوتا ہے اور چشمے بہتے رہیں ہمارے سر اور آنکھوں پر سلامت رکھے، کی زبانی سُنا گیا کہ بلند پرواز عاشق شہباز کے کلمات کرامات جو اسرارِ سبحانی کے خزانے کے جواہر ہیں اور سرفراز عارف اور جامع حقیقت ومجاز کے خوارق کے ملفوظات جو انوارِ ربانی کی تابناکیاں ہیں، مختلف کتابوں میں بکھری ہوئی ہیں۔ اس لیے لوگوں کی ان تک پہنچ نہیں ہوتی۔ اگر کوئی شخص ان کو جمع کرے تو خوب ہو اور جب تک دنیا باقی رہے لوگ ان سے مستفید ہوں۔ اس لیے اس کمینہ نے اپنی کم فہمی اور اپنی ناقص سوجھ بوجھ کے باوجود اس پر کافی غور کیا، اور جسارت کر کے اس بات کو گوارا نہ کیا کہ ایسے غیبی جواہر اور ایسی لاریبی تابناکیاں جمع نہ ہوں

کسے کو کہ باشد کم از مور چہ
چہ زہرہ زند در یا سخن گوید او
کسے کو کہ باشد منور ز حق
من اللہ وصفش چہ آرد بنطق

و چونکہ خوارقات علیہ حضرت گیسو دراز اگر چہ بسیار است، و ملفوظات کرامات سنیہ او بے شمار اگر جملہ آں مذکور کنم در تقریر نہ گنجد و در تحریر نہ انجامد۔ اگر مطلقاً از آں تقاعد نمایم، مریدان و معتقدان را نوعی حیرانی پیدا آید۔ پس بحکم ما لا یدرک کلہ لا یترک کلہ، چیزے کہ دانستہ نشود بر ہمہ آں چیز ترک کردہ نشود، ہمہ آں چیز را صد و پنج نقل کرامات کہ بر سر ہر نقل نام کتاب اشارۃ بحرف است، بہ تفصیل ذیل صد و پنج کرامات در تبصرہ مندرج است۔ و یکے خاتمہ کہ در ذکر اسماء و کتب، و کنیت، و لقب، و خطاب، اب و ام و مولد، و ارادت و خلافت و سجادگی، و عمر و مصنفات، و وفات، قبر و نسب، و خلفاء و مریدان کامل، و وصیت و نقش، خاتمہ، و حلیہ و حصار و ذکر بعضے اوراد است، بتاریخ و سنہ احدی ثمانین تسعمایہ مسطور نمودہ آنکہ بیحل اگر صاحب دلے گاہے مطالعہ ایں کلمات کرامات خوارقات مشرف گردد، شاید کہ بحال ایں فقیر الحقیر الی اللہ القوی الغنی کہ کمترین خدمتگاران

بکھری ہوئی چھوڑ دی جائیں۔ ورنہ سے

(ترجمہ: ایسا شخص جو چیونٹی سے کم تر ہو اس کی کیا مجال کہ وہ دریا کے تعلق سے کچھ کہے اور ایسے شخص کے بارے میں جو حق کی طرف سے منور ہو من اللہ اس کے وصف بیان کرنے کے لیے گویائی کہاں سے لائے)

حضرت گیسو دراز کے خوارق عالیہ بہت ہیں اور آپ کے مبارک کرامات کے ملفوظات بے شمار ہیں۔ اگر ان سب کا ذکر کروں تو تقریر میں نہ سمائیں اور تحریر ان کے لیے کافی نہ ہو۔ اگر ان میں کچھ کمی کروں تو مریدوں اور معتقدوں کو بڑی حیرانی ہو۔ اس لیے اس قول کے مطابق کہ جو چیز پوری طرح سمجھ میں نہ آئے اس کو پوری طرح نہ چھوڑ، اس کتاب میں ایک سو پانچ کرامات بیان کئے ہیں۔ ہر نقل کی ابتدا میں اس کتاب کے ابتدائی حروف لکھ دیئے ہیں جس سے یہ نقل لی گئی ہے۔ تبصرہ میں ایک سو پانچ کرامات بہ تفصیل ذیل درج کئے گئے ہیں۔ اور ایک خاتمہ جس میں آپ کا نام آپ کی لکھی ہوئی کتابوں کے نام، کنیت، لقب اور خطاب آپ کے والد اور آپ کی والدہ کا نام، پیدائش، ارادت، خلافت، سجادگی، عمر، تصانیف، وفات قبر، نسب، خلفا، مریدان کامل، وصیت، نقش، خاتمہ، حلیہ، حصار اور بعض اوراد کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ کتاب سنہ ۹۸۱ ہجری میں لکھی گئی۔ اگر کبھی کوئی صاحب دل ان خوارقات کے ملفوظات کے کلمات کرامات کے مطالعہ سے

Marfat.com

بندگی میاں، قطب جہاں، ولی زماں است
و کمترین معتقدان درگاہ مرشدِ مرشدان،
پیوند دلِ شکستگان است، و مشتمیر و مولف این
جواہر آبدار و زواہر نامدار است، بندۂ بندگان
دربار حضرت عالی جاہ، و غلام غلامان دربان
بلند پناہ، من اللہ بن علی اللہ محمدؐ
الحسینی رزقہ اللہ المحبت والمعرفتہ
نظرے افتد، آئینہ دل مکدر بدان متجلی شود
و جمال صورتِ معشوق در آں آئینہ مشاہد
گردد۔ بشفقت عام و کرم تام خویش
بندگی میاں، فرد آوان، حضرت
والدی و مرشدی حرفاً بعد حرفٍ، و ورقاً
بعد ورقٍ و جزءاً بعد جزءٍ بنظر مبارک
مشرف کردہ۔ و اگر جائے بحکم بشریت سہوے
واقع شدہ بود، آں را بدست مبارک
اصلاح آوردہ، ایں کتاب را بہ تبصرۃ
الخوارقات نام نہادہ۔ حق تعالیٰ
سایۂ بندگی میاں بر سرِ ما و بر سرِ طالبان بیت:
ز مسترشدانش کمینہ منم
ز مستا لغانش کمینہ منم
ازلاً و ابداً بخاک قدم روشن گرداند، واللہ
الموفق والمستعان و علیہ التوکل والتکلان،
(۱) نقل است (مس) کہ خواجہ احمد دبیر
و قاضی راجا پیش حضرت سلطان العاشقین،
رحمۃ للعالمین، منتخبۂ عرفان السالکین الواصلین،

مشرف ہو تو شاید غنی اور قوی خدا کے حقیر فقیر
بندگی میاں، قطب جہاں اور ولی زماں کے
خدمت گاروں میں سب سے کمترین، ٹوٹے دلوں
کو جوڑنے والے مرشدوں کے مرشد کی درگاہ کے سب سے
ادنیٰ معتقدان جواہر آبدار اور زواہر نامدار کے مؤلف،
دربار حضرت عالی جاہ کے بندوں کے بندے اونچی بارگاہ کے
دربان کے غلاموں کے غلام من اللہ بن علی اللہ محمد الحسینی
(اللہ اس کے جذبۂ محبت اور اس کی معرفت میں
اضافہ فرمائے) پر ایک نظر پڑ جائے۔ اس کا مکدر دل اس
سے روشن ہو جائے۔ معشوق کے جمال کی صورت اس
آئینہ میں نظر آئے۔ اپنی شفقت عام اور کرم تام سے
کام لے کر زمانے میں یکتا میرے والد اور میرے مرشد
حضرت بندگی میاں نے اس کتاب کا ایک ایک حرف،
ایک ایک ورق اور ایک ایک جز ملاحظہ فرمایا ہے۔
اگر بشری تقاضے سے کہیں غلطی ہو گئی تو اسے اپنے
دستِ مبارک سے درست فرمایا ہے۔ اور اس کتاب
کا نام تبصرۃ الخوارقات رکھا ہے۔ حق تعالیٰ بندگی میاں
کو ہم طالبوں (ان کے مریدوں اور استعانت چاہنے
والوں میں سب سے کمینہ میں ہوں) کے سروں پر باقی
اور پائندہ رکھے اور ان کے غلاموں کے غلام کی آنکھیں
دن رات اور ہمیشہ ہمیشہ ان کے قدموں کی خاک سے
روشن ہوتی رہیں۔ واللہ الموفق والمستعان
علیہ التوکل والتکلان۔
(۱) نقل ہے (مس) کہ خواجہ احمد دبیر اور قاضی راجا
نے عاشقوں کے سلطان، رحمت عالم، عارفوں، سالکوں

Marfat.com

قطب الملکوت، غوث الاہوت والجبروت
سلطان العرفا، برہان الاصفیا، وتاج الاولیاء،
ہم سر انبیا، سرورِ عالمیان، مرشد جہانیان، پیر
ہر پیر و جوان، خدابین، خدانما، قطب الصمدانی،
شفیع الزمانی، سرو چمن اولیای تحت قبائی
لا یعرفہم غیری، خورشید سپہر کُنت کنزاً مخفیاً
فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق لا
عرف، نہنگ دریائے احدیت، پلنگ صحرائے
صمدیت، شیر بیشۂ ربوبیت، سیمرغ قلۂ الوہیت
ہم دم نبی، ہم قدم وصی، ہم راز مصطفیٰ، ہم راز
مرتضیٰ، قطب الاقطاب، غوث الملکوت والابدال
والاوتاد، عاشق شہباز، عارف سرفراز،
الجامع الحقیقۃ والمجاز، قطب اہل راز و نیاز،
بلند پرواز، آگاہ سرفراز، از ہمہ ممتاز، صدر الدین
ابوالفتح، الولی الاکبر الصادق، جعفر الثانی، سید
السادات، صاحب الکشف والکرامات، سلطان
الاولیا، حضرت میراں سید محمد الحسنی والحسینی،
گیسو دراز رضی اللہ عنہ وارضاہ، عرضداشت
نمودند کہ لقب حضرت مرشدی بہ صدر الدین
چہ سبب است، سلطان العاشقین، زبدۂ
آل رسول رب العالمین درج دہان را بلولوء
آبدار حقیقت بیان را از مرجان تابدار بر
گشادہ، و تیغ زبان را کہ کلید قفل اسرار ہاست
از نیام برکشیدہ، فرمودند کہ یک روز چند مریدان
حضرت شیخی و مرشدی نصیر الدین محمود

اور واصلوں میں منتخب، قطب ملکوت، غوث
لاہوت وجبروت، عارفوں کے سلطان، اصفیا
کے برہان، اولیا کے تاج، انبیا کے ہم سر، دنیا
والوں کے سردار اور مرشد، ہر بوڑھے اور جوان
کے پیر، خدابیں، خدانما، قطب الصمدانی، "میرے
اولیا میرے دامن میں ہیں، ان کو میرے سوا کوئی
نہیں جانتا" کہنے والے کے چمن کے سرو، "میں
ایک چھپا ہوا خزانہ تھا، میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں،
پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا" ارشاد فرمانے والے
کے آسمان کے سورج، دریائے احدیت کے نہنگ،
صمدیت کے صحرا کے پلنگ، ربوبیت کے جنگل کے
شیر، الوہیت کی چوٹی کے سیمرغ، نبی کے ہم دم،
وصی کے ہم قدم، مصطفیٰ کے ہم راز، مرتضیٰ کے ہم سر
قطبوں کے قطب، ملکوت، ابدال اور اوتاد کے
غوث، شہباز عاشق، سرفراز عارف، حقیقت
اور مجاز کے جامع، راز و نیاز سے آگاہ، بلند
پروازوں کے قطب، آگاہی سے سرفراز، سب سے
ممتاز صدر الدین، ولی اکبر الصادق، جعفر ثانی،
سید السادات، صاحب کشف و کرامات، سلطان
اولیا، حضرت میراں سید محمد الحسنی الحسینی،
گیسو دراز سے عرض کی حضرت کا لقب صدر الدین
کیوں ہے؟ عاشقوں کے سلطان اور زبدہ آل
رسول رب العالمین نے حقیقت بیان کے لیے
اپنے دہن مبارک کے خزانے کے آبدار موتی اور
تابدار مرجان بکھیرے۔ زبان کی تلوار جو رازوں

Marfat.com

اودھی کہ کاملان و عالمان و عاشقان و صادقان
بودند، موصوف بموت معنوی گشتہ بودند موتوا
قبل ان تموتوا نقد وقت ایشان شدہ بود
و از ہمہ حظوظ و لذات بیرون افتادہ بودند
پیش حضرت شیخ بصورت عرضداشت پرسیدند
سید محمد بن سید یوسف را بر بالادست ما نشانیدن
چہ معنی دارد؟ حضرت شیخ فرمودند کہ شما پیش از صبح بیایید
جواب خواہم گفت۔ ایشان پیش از صبح بر حضرت شیخ آمدند
حضرت شیخ فرمودند کہ ہر ہمہ مراقبہ شوید۔ در مراقبہ شدند۔
فرمودند کہ ببینید مرتبہ سید محمد۔ ایشان دیدند کہ سید محمد
بر کنگرۂ عرش طواف می کند و جولان گری می
نماید۔ ہر ہمہ متحیر و حیران ماندند۔ حضرت شیخ
فرمودند کہ مرتبہ سید محمد ازیں بالاتر است۔ ایشان
را شوق بے حد است و اشتیاق بے عد درونے
نمود کہ آں ہم ببینیم۔ ایشان باز صورت حال
بموقف عرض رسانیدند تا آں ہم بتائید آخر الامر
دیدند کہ بالائے عرش یک محل است چنیں چناں
و در آں محل صدر ہا گسترانیدہ اند۔ و بالائے صدر
یک صورت نشستہ است چنیں و چناں مصرع
کہ شرمندہ از طلعتش مہر و ماہ۔ و بر زیر دست
آں صورت ارواح ہمہ اولیا نشستہ اند۔ و
در آں محل حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وسلم ہم ہستند۔ آخر ملا سکان
پیش حضرت رسالت پناہ صلی اللہ
علیہ وسلم خبر آوردند کہ سید محمد

کے قفل کی کنجی ہے، نیام سے باہر نکالی اور فرمایا
کہ ایک روز میرے شیخ اور میرے مرشد شیخ
نصیر الدین محمود اودھی سے ان کے چند مریدوں نے
جو کاملوں، عالموں، عاشقوں اور صادقوں میں
تھے اور "مر جاؤ تم مرنے سے پہلے" کے قول کے مطابق
ان کی موت ہو چکی تھی، اور دنیا کی تمام لذتوں اور
مزوں سے وہ باہر ہو چکے تھے، عرضداشت کی صورت
میں پوچھا کہ آپ سید محمد ابن سید یوسف کو ہم سب کے
اوپر بٹھاتے ہیں۔ اس کے کیا معنی ہیں؟ حضرت
شیخ نے فرمایا کہ تم صبح ہونے سے پہلے آجاؤ، تمہارے
اس سوال کا جواب دوں گا۔ یہ لوگ صبح ہونے سے
پہلے حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت شیخ
نے فرمایا کہ تم سب مراقبہ کرو۔ تمام نے مراقبہ کیا۔ فرمایا
کہ سید محمد کا مرتبہ دیکھو۔ انھوں نے دیکھا کہ سید محمد عرش
کے کنگورے کا طواف کرتا ہے۔ اور تیزی سے گھوم رہا
ہے۔ یہ دیکھ کر سب حیران رہ گئے۔ حضرت شیخ نے فرمایا
کہ سید محمد کا مرتبہ اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ انھیں بے حد
شوق اور انتہا سے زیادہ اشتیاق ہوا کہ اسے بھی دیکھیں
اور یہ صورت حال عرض کی آخرکار آپ کی تائید
سے دیکھا کہ عرش کے اوپر ایک محل ہے۔ ایسا اور ویسا۔
اس محل میں صدر بچھائی گئی ہے۔ صدر کے اوپر ایک
صورت بیٹھی ہے۔ ایسی اور ویسی۔ اس کے چہرے
کے آگے چاند اور سورج بھی شرمائیں۔ اس
صورت کے نیچے تمام اولیاء کی روحیں بیٹھی ہوئی ہیں۔
اس محل میں حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی تشریف فرما

Marfat.com

آمده است۔ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم طلبید و بشارت بہ بالائے دست آں صورت نمودہ فرمودند کہ بنشیں۔ سید محمد گفت، ایں دین است۔ ہمہ ارواح اولیا بہ زیر دست ایں نشستہ، من بالائے دست چوں نشینم؟ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم خود از دست مبارک گرفتہ بالائے دست او نشانیدند و فرمودند کہ ایں است تو صدر دین و قوام دین است۔ دین تو است۔ ہمہ ارواح اولیا ایستادہ بہ سید محمد دست بوسی کردند و مرحبا گفتند۔ ایشاں را بعد ایں مشاہدہ کما حقہ اعتقاد بر من شدہ۔ بعدہ فرمودند، از آں وقت تا ہنوز نہ لقب من بہ ہفت طبق آسماں و عرش میاں ملایکاں مشہور بہ صدر الدین است و در جہاں بہ گیسو دراز است۔

ہیں۔ اتنے میں فرشتوں نے حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں عرض کیا، سید محمد آیا ہے۔ آپ نے طلب فرمایا اور اس صورت کے ہاتھ کے اوپر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد ہوا کہ بیٹھ۔ سید محمد نے کہا یہ دین ہے، تمام کی روحیں اس کے ہاتھ کے نیچے بیٹھی ہیں۔ میں اس کے ہاتھ کے اوپر کیسے بیٹھوں؟ حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مبارک ہاتھ سے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس صورت کے ہاتھ کے اوپر بٹھا دیا۔ اور فرمایا کہ یہ دین ہے اور تو صدر دین اور قوام دین ہے۔ دین تو ہے۔ تمام اولیاء کی روحیں کھڑی ہوگئیں۔ اور سید محمد کی دست بوسی کی۔ اور مرحبا کہا۔ اس مشاہدے کے بعد ان لوگوں کا مجھ پر کما حقہ اعتقاد ہوا۔ اس کے بعد فرمایا کہ اس وقت سے اب تک میرا لقب آسمان کے سات طبقوں، عرش اور فرشتوں میں صدر الدین اور زمین پر گیسو دراز مشہور ہے۔

(٢) نقل است (مس) کہ باز خواجہ احمد دبیر و قاضی راجا پیش سرور عاشقاں، سلطان السالکاں، امام المستغرقین، ہمام المتصدقین، تاج العارفین، رئیس المعشوقین، راس المحققین، سید المحبوبین، غواص دریائے قدم، حاضر بحضوری دم بہ دم، قرۃ عین محمدیؐ، نور عین علیؓ، نایب مناب نبیؐ، قایم مقام وصیؓ، کعبہ صوفیان باصفا، صاحب اسرار مصطفےٰؐ، ہو المرشد فی العموم حضرت

(٢) نقل ہے (مس) پھر خواجہ احمد دبیر اور قاضی راجا نے عاشقوں کے سرور، سالکوں کے سلطان، مستغرقوں کے امام، متصدقوں کے ہمام، عارفوں کے تاج، معشوقوں کے رئیس، محققوں کے سردار، محبوبوں کے سید، دریائے قدم کے غواص، محضر دم بہ دم کے حاضر، قرۃ عین محمدیؐ، نور عین علیؓ، نایب مناب نبیؐ، قایم مقام وصیؓ، باصفا صوفیوں کے کعبہ، صاحب اسرار مصطفےٰؐ، سب کے مرشد، حضرت

Marfat.com

بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ عرضداشت نمودند
کہ سبب ملقب حضرت مرشدی بہ گیسو دراز چہ
بود؟ فرمودند کہ برائے ارادت حضرت شیخیؒ و
مرشدی خواجہ محمود اودھی رفتہ بودم حضرت
شیخ بر بالائے بام بودند۔ خادم را فرمودند کہ
سید محمد را طلب۔ خادم آمدہ گفت، سید محمد
کیست۔ دو سہ کس کہ بنام سید محمد نشستہ
بودند، خادم حیران شد کہ کرا طلبم۔ مارا اگرچہ
معلوم بود کہ خادم حیران شدہ پیش حضرت
شیخ خواہد رفت۔ و ایں ہم معلوم بود ملقب
بہ ایں لقب خواہم شد۔ امامن ہم جوابے
دادم تا حمل برے ادبی نشود۔ خادم باز گشت
پیش حضرت شیخ گزرانید کہ دو سہ کس بنام
سید محمد نشستہ اند، کرا طلبم؟ حضرت شیخ فرمودند
کہ سید محمد گیسو دراز را طلب۔ خادم آمدہ
بنام سید محمد گیسو دراز مارا طلبیدہ برد۔ ازاں
وقت لقب من بہ گیسو دراز شد۔

بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ آپ کے
گیسو دراز لقب کی کیا وجہ ہے۔ فرمایا کہ ایک بار
میں اپنے شیخ اور مرشد حضرت خواجہ محمود اودھی
سے ملنے گیا۔ حضرت شیخ کوٹھے پر تشریف فرما تھے۔
خادم سے فرمایا کہ سید محمد کو بلا۔ خادم آیا اور
اس نے پوچھا کہ سید محمد کون ہے؟ سید محمد نام کے
دو تین آدمی بیٹھے ہوئے تھے۔ ہر ایک نے
جواب دیا۔ خادم حیران ہوا کہ کس کو بلائے۔ اگرچہ
ہم کو معلوم تھا کہ خادم حیران ہو کر حضرت شیخ
کے پاس جائے گا اور یہ بھی معلوم تھا کہ میں اس
لقب سے ملقب ہوں گا۔ اس کے باوجود میں نے
بھی جواب دیا تاکہ بے ادبی نہ سمجھی جائے۔ خادم
لوٹ گیا اور حضرت شیخ سے عرض کیا کہ سید محمد نام
کے دو تین آدمی بیٹھے ہیں، کس کو بلاؤں؟ حضرت
شیخ نے فرمایا کہ سید محمد گیسو دراز کو بلا۔ اس وقت
سے میرا لقب گیسو دراز ہو گیا۔

(۳) نقل است (جوا) کہ حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ را یارے بود۔ او را درویشے
یک جیتیل دادہ بود کہ اصلا کیسۂ تو خالی نشود۔
یکباری انچہ در کیسۂ او بود حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ ستدند و فرمودند بنشیں پیش
من چگونہ پُر خواہد شد۔ ناگاہ شخصے معتقد آں
یار پیدا شد۔ پائے بوسید و پنج تنکۂ زر
پیش نہاد۔

(۳) نقل ہے (جوا) کہ حضرت مخدوم رضی
اللہ عنہ کا ایک مرید تھا۔ ایک درویش نے اسے
ایک جیتیل (اس دور کا ایک سکہ، پیسہ) یہ کہہ کر دیا
تھا کہ تیری تھیلی کبھی خالی نہ رہے۔ ایک بار حضرت
مخدوم ؓ نے جو کچھ اس تھیلی میں تھا لے لیا اور فرمایا
بیٹھو اور دیکھو میں اسے کس طرح بھرتا ہوں۔ یکایک
اس مرید کا ایک معتقد آیا۔ اس کے پاؤں کو بوسہ دیا اور پانچ
تنکے (اس دور کا ایک سکہ، روپیہ) بطور نذر پیش کئے۔

Marfat.com

(۴) نقل است (جوا) کہ در ابتدا احوال
والدۂ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ پیوند
بحضرت شیخ نصیر الدین نہ کردہ بودند، اصلا بصوم
دوام و طے و بیدار شدن بہ یک ساعت راضی
نبودند۔ تا آنکہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
گلہ پیش حضرت شیخ کردند۔ حضرت شیخ مصلا بدست
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ داد و برادر فرستادند۔
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بوالدہ گفتہ، مصلا بدستش دادند
والدۂ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ ہائے، ہائے
بگریست و گفت، می دانم حضرت شیخ مصلا
برائے آں فرستادہ است تا من ترک تو
بگیرم۔ اکنوں من ترا نہ نجانم۔ ہر چہ شیخ فرماید
تو دانی بکن۔ باایں ہم خالی از مزاحمت نبودند۔
تا آنکہ حضرت شیخ در پردہ شدند۔ سالہا
والدۂ حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بہ تجسس حال
حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بودند و معتقد حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ نبودند۔ بعضے اوقات گفتندے
کہ من شنیدہ ام از والد تو و از صوفیان دیگر
کہ یاران بندگی شیخ الاسلام نظام الدین بودند،
می گفتند کہ درویشاں ایں چنیں باشند کہ در
دوکان بنگ فروش بروند۔ چوں ایں بخورند
تا خلق داند کہ بنگ خورند کسے بر
ایشاں نیاید۔ ایشاں بخدائے خویش
بفراغ دل مشغول باشند۔ و بعد
چند روز یک مشتی نخود بخورند۔ آخر و قانع

(۴) نقل ہے (جوا) کہ ابتدا میں حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ کی والدہ حضرت شیخ نصیر الدین
سے آپ کے رابطہ کو پسند نہ کرتی تھیں اور
آپ کے صوم دوام اور طے اور ایک گھڑی
رات سے بیدار رہنے پر بالکل راضی نہ
تھیں۔ یہاں تک کہ حضرت مخدوم نے حضرت شیخ
کے آگے اس کا گلہ کیا۔ حضرت شیخ نے حضرت بندگی
مخدوم کے ہاتھ ایک مصلا آپ کی والدہ کے پاس بھیجا۔
حضرت نے والدہ سے عرض کیا اور مصلا ان کے
ہاتھ میں دے دیا۔ آپ کی والدہ ہائے، ہائے
کہہ کر رونے لگیں۔ اور کہا میں جانتی ہوں کہ حضرت
شیخ نے مصلا اس لیے بھیجا ہے تاکہ میں تجھے
چھوڑ دوں۔ اب میں تیرا دل نہ دکھاؤں گی۔
جو کچھ شیخ فرمائیں، اس پر سمجھ کر عمل کر۔
اس کے باوجود وہ مزاحمت سے باز نہ آئیں۔
یہاں تک کہ حضرت شیخ کا انتقال ہو گیا۔ کئی
سال تک وہ آپ کے احوال کی ٹوہ میں رہیں اور
آپ کی معتقد نہ ہوئیں۔ کبھی کہتیں کہ میں نے تمہارے
والد اور دوسرے صوفیوں سے سنا ہے کہ حضرت
بندگی شیخ الاسلام نظام الدین کے مرید کہتے تھے کہ
درویش ایسے ہوتے ہیں جو بھنگ فروش کی دوکان
پر جائیں، بھنگ پئیں، تاکہ لوگوں کو معلوم
ہو کہ یہ بھنگ پینے والے ہیں اور کوئی ان کا پیچھا
نہ کرے۔ اور وہ اطمینان کے ساتھ اپنے خدا سے
رجوع رہیں۔ چند روز کے بعد مٹھی بھر چنے کھائیں آخر کار

Marfat.com

یعنی کہ از خانہ زاد بعضے از آں جملہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ خبر داند۔ حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ را دیوانہ گفتند۔ چوں ہماں پیش آمد اعتقاد کردندے و گفتندے ہر کہ گفت تو نشنود و ہر زن داند او چنیں و چناں از آں ہفت طشت خانہ بخورد۔ تو زادۂ منی۔ از اول حال تا ہفتاد سال قریب معائنہ کردم۔ از انچہ از شیخ فرید الدین و از شیخ نظام الدین و شیخ نصیر الدین شنیدہ ام از تو ہماں دیدہ شدم۔ ہر کہ ترا دید ایشاں را دید۔ بعد ازاں بر نہالچۂ خود نہ نشستے دور سر آں کھٹ بعد آمدن حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ نماندے۔ آں گزاشتہ نہالچۂ خویش پیش حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ فراز کردے۔ خود گوشہ گرفتے و نشستے۔

(۵) نقل است (جوا) چوں روز استفتاح بود۔ جوگی جوان موازنہ سی سال پیش حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ آمدہ نشست روز استفتاح البتہ بجہت تجدید بیعت و ملاقات خلق ہجوم بسیار بودہ است۔ گفت من از دور بخدمت آمدہ ام۔ سخن دارم۔ اگر خلوت شود عرض دارم۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ مولانا خضر خادم را گفتند، آنکہ تجدید بیعت کردہ ام و بجہت دوگانہ بیروں رفتہ اند ہم ایشاں را برار۔ و باقی خلق را برار، ایشاں را آوردند۔

میں نے کسی خانہ زاد کو اپنے احوال کچھ کچھ بتائے اس نے مجھے دیوانہ کہا۔ وہی دیوانہ ہو گیا۔ پھر آپ کی والدہ آپ کی معتقد ہو گئیں۔ اور کہا کہ جو تیری بات نہ مانے اور اسے بکواس جانے وہ ایسی اور ایسی مصیبتوں میں مبتلا ہو۔ تو میرا جنا ہے۔ ابتدا سے لے کر سات سال تک میں قریب سے دیکھا ہے۔ جو کچھ میں نے شیخ فرید الدین شیخ نظام الدین اور شیخ نصیر الدین کے بارے میں سنا ہے وہ سب باتیں میں نے تجھ میں دیکھی ہیں۔ جس کسی نے تجھے دیکھا، اس نے ان لوگوں کو دیکھا۔ اس کے بعد وہ پھر کبھی اپنے نہالچے پر نہ بیٹھیں۔ حضرت بندگی مخدومؒ کے آنے پہ کبھی اپنے پلنگ پر نہ رہتیں، پلنگ چھوڑ کر آپ کے لیے اپنا نہالچہ بچھا دیتیں اور خود کسی گوشے میں ہو جاتیں اور کبھی نہ بیٹھتیں۔

(۵) نقل ہے (جوا) کہ استفتاح کا دن تھا۔ ایک جوگی جس کی عمر تیس سال کے قریب ہو گی، حضرت مخدومؒ کے پاس آکر بیٹھ گیا۔ استفتاح کا دن تھا اس لیے تجدید بیعت اور ملاقات کے لیے مخلوق کا بہت ہجوم تھا۔ جوگی نے آپ سے کہا میں بہت دور سے آیا ہوں۔ اگر خلوت ہو جائے تو ایک بات کہنا چاہتا ہوں۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے اپنے خادم مولانا خضر سے فرمایا کہ جن لوگوں کی بیعت کی تجدید ہو گئی ہے کر دی ہے، اور دو رکعت نماز پڑھنے کے لیے

Marfat.com

سخن با ہر کس فرمودند۔ ایشاں معذرت کردند۔ آغاز کرد کہ من مخصوص بر شما از زمین دور آمدہ ام سخن دارم۔ فرمودند چہ مقصود است، بگو۔ گفت، مارا چیزے پیر ما دادہ بود۔ وگفتہ کہ مرد را بدہی۔ پرسیدم، مرد کرا گویند۔ آنکہ ازاں حظ نگیرد۔ بسے تفحص کردم۔ مرد جز شما نیافتم آمدم تا فرمان پیری آرم۔ انچہ با خود دارم شمارا بدہم۔ فرمودند بارے بدانم چیست؟ گفت، رساین، یعنی کیمیائی۔ اینچنیں نیست کہ پیش تو ایں دم چیزے بطلبم و مسوزم و راست کنم۔ چیزے موجود در زنبیل من است۔ اشارت شود بکشم و پیش شما بدارم۔ و پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از ہر جنس خوردہ افتادہ بود نیم تنکہ، ودہ گانی و تنکہ نقرہ وغیرہ آں فرمودند، کیمیائے من ہمیں است۔ مرا دگر حاجت نیست گفت می دانم شمارا چہ کار آید۔ اما فقیری دیلونی الواحاجتیاں را بدہی۔ او را کار آید۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند آں را کہ خدا بدہاند بدہم و یا ہر جا کہ خوش آید بغیر اذن او بدہم؟ گفت، آں را کہ خدا بدہاند، بدہ۔ فرمودند، ایشاں بندگان خدا اند۔ از من بر ایشاں رحیم است می تواند کہ بغیر من ایشاں را رساند۔ و مہم ایشاں کفایت کند۔ من درمیاں چہ فضولی کنم گفت ہیلہ علم چرا بداست۔ فرمودند نیکو می گوئی میاں مانیست کہ ہر کہ ازیں جہاں فقر و تہی دست رود

باہر چلے گئے ہیں انھیں بھی بلا لاؤ۔ وہ باقی لوگوں کو بھی ان کے گھروں سے بلا لائے۔ آپ نے ان سب سے بات کی، پھر ان سے معذرت چاہی۔ خلوت ہو گئی۔ جوگی نے کہا میں صرف آپ کے لیے اتنی دور سے آیا ہوں۔ آپ سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں۔ فرمایا جو کچھ کہنا چاہتے ہو کہو۔ کہا ہم کو ہمارے گرو نے ایک چیز دی تھی اور کہا تھا کہ یہ چیز کسی مرد ہی کو دینا۔ میں نے گرو سے پوچھا کہ مرد کس کو کہتے ہیں۔ کہا مرد وہ ہے جو اس چیز سے لذت گیر نہ ہو۔ میں نے بہت ڈھونڈا آپ کے سوا کسی کو مرد نہ پایا۔ اب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں تاکہ اپنے گرو کے حکم کی تعمیل کروں اور جو کچھ اپنے پاس رکھتا ہوں آپ کو دے دوں۔ آپ نے فرمایا آخر مجھے معلوم بھی تو ہو کہ وہ کیا چیز ہے۔ کہا رساین یعنی کیمیا۔ یہ ایسی چیز نہیں کہ آپ کے سامنے اسی وقت کوئی چیز طلب کروں، اسے جلاؤں اور وہ چیز تیار کروں۔ وہ چیز میری زنبیل میں موجود ہے۔ حکم ہو تو اسے نکالوں اور آپ کی خدمت میں پیش کر دوں۔ حضرت بندگی مخدومؒ کے آگے ہر قسم کی ریزگاری پڑی ہوئی تھی، نیم تنکہ، دہ گانی، اور چاندی کے تنکے۔ فرمایا کہ میری کیمیا یہی ہے مجھے کسی اور چیز کی حاجت نہیں۔ کہا، میں جانتا ہوں یہ چیز آپ کے کیا کام آئے گی لیکن کسی فقیر اور حاجتمند کو دیجیے۔ ان کے کام آئے گی۔ فرمایا خدا جن کو دینا چاہے ان کو

Marfat.com

اورا در فردائے قیامت عند اللہ جاہے و جلالتے و منزلتے عظیم باشد۔ و آں را کہ ایں علم باشد ہرگز دست او خالی نبود۔ دل او مالا مال بجاں باشد۔ و او فقیر نشود۔ دل او تاریک گردد۔ و درونہ مغشوش و مکدر باشد کہ ہیچ وقتے بکار نباید۔ خود را از آں چناں دولت محروم کنم و ہیچ ازیں برنخورم، فایدہ چیست؟ یکے دیگر با او بود۔ گفت، می گفتم کہ ایں مرد است۔ ہیچ قبول نخواہد کرد۔ باز گفت، چیزی دیگر دارم آں بستاں۔ فرمودند، آں چیست؟ گفت، در شہر قتال خواہد شد و بلاہاء عظیم خواہد فتاد۔ ترا چیزے بگویم تو بدآں رہ نمائی دشمن ترا نیابد کہ بتو نکبتے رساند۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، آمدہ را دفع کند یا نہ آمدہ را؟ گفت، نہ آمدہ را۔ فرمودند، آمدہ نہ آمدہ است، برای ایں خیرچہ بلا بر خود گیرم، مرا چہ نفع کند؟ آں روز کہ اجل رسد لبہر درد یا شکم درد میرم۔ پس فایدہ من ازیں چیست؟ گفت، من آمدہ شرمندہ می شوم از من چیزے بستاں۔ و گفت، سرمہ دارم آں را در چشم کشی۔ در نظر غایب شوی ترا معتقدا بسیار اند۔ اگر آں سرمہ در چشم کشی، میان ایشاں در آی، ایشاں ترا نہ بینند و تو جملہ حکایت ایشاں بشنوی۔ بہ ایشاں بگوئی، سخت معتقد شوند۔ کار تو بیشتر شود۔ رہ سلوک مسلوک گردد فرمودند

دوں یا اس کی مرضی کے بغیر دوں۔ جوگی نے کہا خدا جن کو دینا چاہے ان کو دیجئے۔ فرمایا، یہ لوگ خدا کے بندے ہیں۔ خدا ان پر مجھ سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ میرے بغیر بھی ان کو دیتا ہے اور ان کی مشکلوں کو آسان کرتا ہے۔ میں درمیان میں یہ فضول کام کیوں کروں۔ کہا، علم کے تحفے میں کیا برائی ہے؟ فرمایا، تم ٹھیک کہتے ہو لیکن ہمارے یہاں یہ ہے کہ جو کوئی بھی اس دنیا سے فقیر اور خالی ہاتھ جائے گا، کل قیامت کے روز اللہ کے پاس اس کی شان، اور مرتبہ اور منزلت بہت بڑی ہوگی جس کے پاس یہ علم ہوگا اس کا ہاتھ ہرگز خالی نہ ہوگا۔ وہ مالا مال رہے گا اور فقیر نہ ہوگا۔ اس کا دل تاریک ہو جائے گا۔ اس کا باطن میلا اور مکدر ہوگا۔ اور کسی وقت وہ اس کے کام نہ آئے گا۔ پھر بتاؤ، ایسی دولت سے اپنے آپ کو محروم کروں اور اس سے کچھ حاصل نہ کروں، اس سے کیا فائدہ ہے۔

ایک اور آدمی اس جوگی کے ساتھ تھا۔ اس نے کہا میں نہ کہتا تھا کہ یہ مرد ہے۔ کوئی چیز قبول نہ کرے گا۔ اس کے بعد جوگی نے کہا کہ شہر میں قتل و غارت گری کا ہنگامہ برپا ہونے والا ہے اور بڑی مصیبت آنے والی ہے۔ آپ کو ایک چیز بتاتا ہوں آپ سمجھ لیجیے۔ اس سے آپ کے دشمن آپ تک نہ پہنچ سکیں گے اور آپ کو کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ حضرت بندگی مخدوم نے فرمایا کہ یہ چیز آئے ہوئی بلا کو ٹالے گی یا نہ آئی ہوئی کو

Marfat.com

نیکو گوئی ما ایں چنیں کسے را بھاند و نا میمیم۔ اما میاں ما قانو نست کہ اگر بخواہیم بر حکایت کسے اطلاع یا بیم بدل خویش باز آئیم۔ ہر چہ دل ما گوید ہماں بکنیم۔ وہماں باشد کہ دل گفتہ باشد گفت ہلہ ایں قبول کن۔ وگرنہ من خجل شدہ باز می روم۔ بر شما جواری و عورتاں اند۔ اگر چیزے برائے امساک بستانی ایشاں را حظے باشد۔ فرمودند آنکہ چندیں سال تن خویش را کسب کرد، او را صاف کرد، تزکیہ داد، ایں قدر دست گرد او بماندام خود نہ شد کہ انچہ خواہد بدارد و انچہ نخواہد بگذارد؟ درین سخن ماند۔ دوم بار یار او آغاز کرد نمی گفتم [illegible] است، از ما ہیچ قبول نمی کند و نخواہد کرد [illegible] گفت شما شب تنہا می باشید۔ وقت خود دروں می برید۔ ایں قدر باشد کہ وقت خود بیاید۔ خود فراز شود۔ وخود دروں رود۔ فرمودند درویش و منقطع، واہلِ دل را با ہجوم زیاں کار است یا سود مند؟ گفت زیانِ کار۔ فرمودند، دیدی ہجوم ہا کہ بر در است؟ گفت، دیدم بسیار خلق پیش در نشستہ اند۔ فرمودند، ایشاں ایں نہ دیدہ اند کہ وقت خود می آید و خود می رود۔ با ایں ہم ایں ہجوم است۔ اگر بدانند بداں معنی را ام آس زدن دشوار شود۔ آنکہ چرا آں کنم کہ انچہ زیاں کار من باشد زیادہ شود۔ او شکستہ دل شد۔ آغاز کرد کہ شنو، از دور آمدہ ام۔ خجل شدہ مے روم۔ از آں ما ہیچ قبول نکردی فرمودند

کہا نہ آئی ہوئی کو ٹلے گی۔ فرمایا جو بلا نہ آئی ہو اس کے لیے یہ بلا کیوں مول لوں۔ اس سے مجھے کیا فائدہ ہوگا۔ جس دن موت آئے گی۔ سر کے درد یا پیٹ کے درد سے مر جاؤں گا۔ پھر اس سے میرا کیا فائدہ ہوگا۔

جوگی نے کہا میں آیا ہوں، آپ میری کوئی چیز قبول نہیں کرتے۔ شرمندہ ہوتا ہوں مجھ سے کچھ تو لیجئے۔ پھر کہا، میرے پاس ایک سُرمہ ہے۔ اگر آپ اسے آنکھوں میں لگالیں تو لوگوں کی نظر سے غائب ہو جائیں گے۔ آپ کے معتقد بہت ہیں۔ اگر آپ آنکھوں میں یہ سُرمہ لگا کے ان کے درمیان آئیں تو یہ لوگ تو آپ کو نہ دیکھ سکیں گے لیکن آپ ان کی ساری باتیں سُن سکیں گے۔ اگر آپ یہی باتیں بعد میں ان سے کہیں تو آپ کے بہت زیادہ معتقد ہو جائیں گے۔ آپ کا کاروبار اور بڑھے گا۔ سلوک کا راستہ طے ہوگا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا تم ٹھیک کہتے ہو۔ ہم ایسے شخص کو بھانڈ کہتے ہیں۔ ہمارے درمیان قانون ہے کہ اگر ہم چاہیں تو کسی کی باتیں معلوم کرلیں۔ اپنے دل کی طرف رجوع کریں اور جو کچھ ہمارا دل کہے وہی کریں۔ وہی ہوتا ہے جو دل کہتا ہے۔ پھر جوگی نے کہا یہ تحفہ قبول کیجئے، ورنہ میں تو شرمندہ ہی جاتا ہوں۔ آپ کی لونڈیاں اور عورتیں تو ہوں گی۔ اگر امساک کے لیے کوئی چیز لیجئے تو ان سے بڑی لذت ملے گی۔ حضرت مخدومؒ نے

Marfat.com

چرا خجل شوی؟ ہرچہ گفتی، ہمہ نیکو گفتی۔ اما آنچہ
مرا بکار نیاید برائے آں دست فراز نہ کنم۔ دانی
چہ کار آید۔ بر دست او چیزے خردہ داوند۔
گفت، مارا بدیں چیز احتیاج نیست۔ فرمودند،
می دانم۔ اما از آں ماست۔ بستان بستدو
آں را در گرہ بست۔ بعد ازاں یک انار بدست
او دادند بہ تبرک بستد و گفت، ایں را من تمام
خواہم خورد۔ بر سر و چشم داشت۔ و آں را در بغل
محکم گرفت۔ پیشانی بر آستان در نہاد۔ و آں
گچی شکستہ بود۔ پیشانی سود و بہ بہائے گریست
و وداع کرد۔ قدرے دور رفت، و باز گشت۔
و گفت، من خجل شدہ می روم۔ از آں ما قبول
نکردی۔ از دور آمدہ بودم۔ مخصوص بر تو آمدہ
بودم۔ فرمودند، سلامت برو۔ آنچہ مرا بر آں احتیاج
نباشد بر خود نگیرم۔ رفت، باز آمد۔ گفت، یکباری
ہم بر تو خواہم آمد۔ گفتند، بیای۔ باز قدرے
زمیں رفت۔ باز آمد۔ گفت، نام من یاد داری؟
گفتند، نام تو چیست؟ گفت، بارکندائی۔
اگر از کسے ایں نام من بشنوی، بدآں آں
منم۔ از آں وقت باز نیامدہ۔

میاں جوگیاں بارکندائی ہست۔ نیک
او را اعتقاد کنند۔ و میاں ایشاں معظم است
در زمیں لکھنوتی باشد، بادشاہ لکھنوتی روزے
او را گرفت۔ گردن زد۔ ناگاہ دیدند جامہائے
سپید پوشیدہ، در بازار می گردد۔ بازگرفتند، و بردند۔

فرمایا کہ جس نے اپنے جسم کو اتنے دنوں تک کسب
کرایا، اس کو صاف کیا اور اس کا تزکیہ کیا،
کیا اس کو اپنے جسم پر اتنی قدرت حاصل نہ
ہوگی کہ جس چیز کو وہ چاہے رکھے اور جس کو
نہ چاہے چھوڑ دے؟

حضرت مخدوم کی یہ بات سن کر وہ خاموش
ہوگیا۔ اس کے دوست نے دوبارہ کہا کہ میں
نہ کہتا تھا کہ یہ مرد ہے، ہم سے کوئی چیز قبول کرتا
ہے اور نہ کرے گا۔ اس کے بعد جوگی نے کہا
آپ رات کو اکیلے رہتے ہیں۔ اپنی کھاٹ آپ
خود اندر لے جاتے ہیں۔ ایسا ہونا چاہیے کہ کھاٹ
اپنے آپ آئے، اپنے آپ ہی اٹھے اور اپنے
آپ ہی اٹھے اور اپنے آپ ہی اندر جائے۔
حضرت مخدوم رح نے فرمایا، درویش، خلوت گزیں
اور اہل دل کے لیے لوگوں کا ہجوم نقصان دہ ہے
یا فائدہ مند؟ جوگی نے کہا، نقصان دہ ہے۔
حضرت مخدوم رح نے فرمایا کہ تم نے اس ہجوم کو
دیکھا جو ہمارے دروازے پر ہے۔ جوگی نے کہا، ہاں
دیکھا ہے۔ ایک مخلوق آپ کے در پر بیٹھی ہے۔ فرمایا کہ ان
لوگوں نے یہ نہیں دیکھا ہے کہ کھاٹ آپ خود آتی ہے اور آپ
خود جاتی ہے۔ اس کے باوجود اتنا ہجوم ہے۔
اگر یہ بات بھی انھیں معلوم ہو جائے تو میرا سانس
لینا تک دشوار ہو جائے۔ پھر وہ کام کیوں
کروں جس کے کرنے میں میرا نقصان اور
زیادہ ہو۔

Marfat.com

این بار درمیان چاه انداخت۔ بر سنگ کرد۔
باز زمین ہموار کرد۔ باز دیدند با چند جوگی گذر
کنان در بازار می رود۔ باز گرفتند۔ سنگ بزرگے
در گلوئی او بستند۔ در لب آب لکھنوتی غرق کردند۔
باز دیدند پیش در بادشاہ تو ضیع مراقبہ نشستہ
بر سر وسرین یدو پا نشستہ است۔ باز بردند۔
این بار جا ہا داد۔ اورا تعظیم و معذرت فرمود۔
نیک عمر دراز داشت۔ اما برعاشق شہباز آمد
خود جوان موازنہ سی سال بود۔

وبار دیگر جوگی ہم درخانہ دہلی کہنہ نزدیک
دروازہ بدائون آمدہ بود۔ ویکے جوان سبز رنگ۔
سر و پا برہنہ۔ اندران رنگے پیش شاہباز آمدہ
نشست۔ بسیار جہد کرد کہ چیزے ازیں بستان۔
یعنی از کیمیا و سیمیا۔ حضرت بندگی مخدوم فرمودند
مرا کار نیاید۔ ہرگز نستانم۔ واگر گفتار او باز گر
دانم ہمانچہ نوشتہ ام از آن آن جوگی، مکرر شود۔
او نیز ہر بارے در صحن خانہ می گشت۔ ومی گفت
مارا چرا، از خود می رانی؟ جہانے سرگرداں ماست۔
حضرت بندگی مخدوم فرمودند در آں چیزائے چیزے
مرا بکار نیاید۔ برائے چہ ستانم۔ او ہم گریست
سر بر آستان نہاد۔ پیشانی سود۔ باز گشت۔

یہ سن کر جوگی دل شکستہ ہوا۔ کہنے لگا کہ سنیے،
میں دور سے آیا تھا۔ اب شرمندہ جا رہا ہوں
کیوں کہ آپ نے ہماری کوئی چیز قبول نہ کی۔
حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ تم شرمندہ کیوں ہوتے ہو،
جو کچھ تم نے کہا وہ ٹھیک کہا۔ لیکن جو چیز میرے
کام کی نہ تھی اسے لے کر میں کیا کرتا۔ اور تم
بھی جانتے ہو کہ وہ چیز میرے کس کام کی تھی
اس کے بعد حضرت مخدومؒ نے اس
جوگی کے ہاتھ میں کچھ دانگ رکھے۔ جوگی نے
کہا،" مجھے اس چیز کی ضرورت نہیں۔ فرمایا
کہ میں یہ بات جانتا ہوں لیکن یہ ہماری طرف سے ہے
اسے لے لو۔ وہ اٹھ کھڑا ہوا۔ اور آپ کے دیئے ہوئے
دانگ اپنی گرہ میں باندھ لیے۔ اس کے بعد حضرت
مخدومؒ نے ایک انار اس کے ہاتھ میں دیا۔ اس
نے کھڑے ہو کر یہ انار تبرک کے طور پر لے لیا اور کہا کہ
اسے میں پورا کھاؤں گا۔ پھر اسے اپنے سر پر رکھا، آنکھوں
سے لگایا اور اپنی بغل میں اچھی طرح رکھ لیا۔ پھر اس نے
آپ کے آستانے پر پیشانی رکھی۔ آستانے کی
گچ اکھڑ گئی تھی۔ اس پر اپنی پیشانی رگڑی اور
ہا ہا کہہ کر رونے لگا۔ اور رخصت ہو گیا۔ تھوڑی
دور ہی گیا تھا کہ لوٹ کر آگیا اور کھڑے ہو کر عرض
کیا کہ میں شرمندہ جا رہا ہوں کہ آپ نے ہماری
کوئی چیز قبول نہیں کی۔ میں دور سے آیا تھا اور
صرف آپ کے لیے آیا تھا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا،
سلامتی کے ساتھ جاؤ۔ مجھے جس چیز کی ضرورت

Marfat.com

نہ تھی وہ میں نے نہیں لی۔ یہ سُن کر وہ چلا گیا۔ لیکن پھر لوٹ کر آگیا اور کہنے لگا ایک بار پھر آپ کے پاس آنے کو جی چاہا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا، آؤ، آؤ، پھر کچھ دُور گیا اور واپس آگیا۔ کہنے لگا، آپ کو میرا نام معلوم ہے؟ فرمایا، تیرا نام کیا ہے۔ کہا، میرا نام بارکندائی ہے۔ اگر آپ کسی سے یہ نام سُنیں تو سمجھیں یہ میں ہی ہوں۔ اس کے بعد وہ لوٹ کر نہ آیا۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا جوگیوں میں بارکندائی نام کا ایک شخص ہے۔ اُس پر لوگوں کا بڑا اعتقاد ہے۔ اور وہ جوگیوں میں بہت بڑا مانا جاتا ہے۔ لکھنوتی کی بات ہے کہ ایک روز لکھنوتی کے بادشاہ نے اسے پکڑ لیا۔ اور اس کی گردن اُڑا دی۔ یکایک لوگوں نے دیکھا کہ وہ سفید کپڑے پہنے بازار میں گھوم رہا ہے۔ بادشاہ کے لوگوں نے اسے پھر پکڑ لیا اور اسے پکڑ کر بادشاہ کے پاس لے گئے۔ اب کی بار اسے ایک کنوئیں میں ڈالا گیا۔ اور اسے پتھروں سے بھر دیا گیا۔ پھر لوگوں نے دیکھا کہ وہ چند جوگیوں کے ساتھ بھیک مانگتا ہوا بازار میں پھر رہا ہے۔ اسے پھر پکڑ لیا۔ ایک بڑا پتھر اس کے گلے میں ڈال کر دریائے لکھنوتی کے کنارے اسے پانی میں غرق کر دیا گیا۔ پھر لوگوں نے دیکھا کہ وہ بادشاہ کے دروازے پر مراقبہ کی حالت میں اپنی دونوں رانوں پر پیر رکھے بیٹھا ہے۔ اسے پکڑ کر پھر بادشاہ کے پاس لے گئے۔ اب کی بار اس نے جوگی کو خلعت دیا، اس کی بڑی تعظیم کی اور معذرت

Marfat.com

چاہی۔ اس نے بڑی لمبی عمر پائی۔ لیکن جب وہ حضرت عاشقِ شہباز سے ملنے آیا تھا تو تیس سال کا نوجوان تھا۔

ایک اور دفعہ پرانی دہلی کے اسی مکان میں جو بدایوں دروازے کے قریب تھا ایک جوگی آیا تھا۔ سبزہ رنگ جوان ننگے سر اور ننگے پانو۔ اسی رنگ میں حضرت شہباز کے آگے آکر بیٹھ گیا۔ اور کہنے لگا کہ آپ کے مُرید عبدالغفار کے پاس ایک ہی چیز یعنی کیمیا ہے۔ دوسری چیز یعنی سیمیا ان کے پاس نہیں ہے۔ اس نے بھی بہت کوشش کی۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ یہ چیزیں میرے کام نہیں آتیں۔ میں انھیں ہرگز نہ لوں گا۔ اس واقعہ کو بیان فرماتے ہوئے حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے ہیں کہ اس جوگی نے جو کچھ کہا اس کو اگر دُہراؤں تو جو کچھ پچھلے جوگی کے تعلق سے میں نے کہا اسی کی تکرار ہوگی۔ وہ بھی ہلا ہلا مکان کے صحن میں گھومنے لگا۔ اور کہتا جاتا تھا کہ آپ ہمیں اپنے سے دُور کیوں کرتے ہیں۔ حالانکہ ایک دنیا ہمارے پیچھے پھرتی ہے۔ حضرت مخدومؒ نے فرمایا کہ خدا کے فضل سے جو چیز میرے کام نہیں آتی، اسے میں کیوں لوں۔ وہ بھی بہت رویا، اپنا سر آستانے پر رکھا، پیشانی رگڑی اور چلا گیا۔

(۶) نقل است (جوا) کہ مولانا نصیرالدین قاسم دانشمند مرید حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از وسوسہ نالید۔

(۶) نقل ہے (جوا) کہ حضرت بندگی مخدومؒ کے مرید مولانا نصیرالدین قاسم دانشمند نے حضرت بندگی مخدومؒ سے عرض کیا کہ انھیں وسوسے بہت ستاتے ہیں۔

Marfat.com

او را تعلیم کردند عملے۔ بعد قلیل مدتے پرسیدند
کہ امروز حال وسواس چیست؟ گفت،
پیش ازیں وہم حضور در خیال من می گزشتے۔
امروز خیال وسوسہ در خاطر نمی آید۔ ہرچند کہ می
جویم کہ وسوسہ جائے باشد، نام و نشان او نمی یابم۔

(۷) نقل است (جوا) آں کہ حضرت شیخ
یعنی شیخ نصیرالدین را از سبب تحمل حق طبل و
علم عطا شدہ بود۔ و ایں مرتبہ عظیم ہست میان
اولیاء خدا۔ بعد حضرت شیخ آں ولایت بہ چہار
کس قسمت شد۔ یکے صوفی بود۔ یعنی حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ۔ دوم صندوق تراش
بود۔ سیوم کلالے بود۔ چہارم عورتے بود۔ ہر کہ
از میان ایشاں می مرد، آں ولایت بحضرت
مخدوم بندگی رضی اللہ عنہ و ارضاہ باز می آمد۔ و
بایشاں تا قیامت مسلم و مفوض خواہد بود۔
انشاء اللہ تعالیٰ۔

(۸) نقل است (مح) کہ حضرت مخدوم رضی اللہ
عنہ دوم بار بہ زیارت خدمت شیخ فریدالدین
رفتند۔ شیخ زادہ منور در جوف خانۂ شیخ
علاءالدین فرود آوردند۔ در آں جوف خانہ ہفت
صد پریاں ساکن بودند۔ ہیچ کس در آں جا ماندن
نمی توانست کہ می زدند و بیرون می کردند۔ بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ را ہماں جا فرود آوردند۔ چوں
شب آمد، بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ سر در مراقبہ

آپ نے انھیں ایک عمل بتایا۔ کچھ دنوں کے بعد ان
سے پوچھا کہ آج وسواس کا کیا حال ہے۔ عرض کیا
کہ جس طرح اس سے حضوری کا وہم بھی میرے خیال
میں نہ آتا تھا آج وسوسہ کا خیال میرے دل میں
نہیں آتا۔ بہت ڈھونڈھتا ہوں وسوسہ کہیں ملے،
اس کا نام و نشان نہیں پاتا۔

(۷) نقل ہے (جوا) کہ حضرت شیخ یعنی حضرت
شیخ نصیرالدین کو تحمل حق کی وجہ سے انھیں طبل و علم عطا
ہوا تھا۔ اور یہ خدا کے اولیا میں بہت بڑا مرتبہ ہے۔
حضرت شیخ کے بعد وہ ولایت چار شخصوں کو ملی۔
ایک صوفی تھا یعنی حضرت بندگی مخدومؒ۔ دوسرا
تابوت بنانے والا۔ تیسرا کمہار۔
چوتھا شخص جس کو یہ دولت ملی ایک عورت تھی۔
ان میں سے جو کوئی انتقال کر گیا۔ اس کی ولایت
بھی حضرت بندگی مخدوم کو عطا ہوتی گئی۔ اور ان شاء اللہ
تعالیٰ قیامت تک ان ہی کے سپرد اور تفویض
رہے گی۔

(۸) نقل ہے (مح) کہ حضرت مخدومؒ دوسری بار
حضرت شیخ فریدالدین کے مزار کی زیارت کے لیے
تشریف لے گئے۔ شیخ زادہ منور نے آپ کو شیخ
علاءالدین کے مکان کے احاطے میں اتارا۔ اس
احاطے میں سات سو پریاں رہتی تھی۔ کوئی بھی
اس میں نہ رہ سکتا تھا کیونکہ یہ پریاں اسے
نکال دیتی تھیں۔ حضرت بندگی مخدومؒ کو اسی جگہ
اتارا گیا۔ جب رات آئی تو حضرت بندگی مخدومؒ

Marfat.com

گرد نشستند۔ ایشاں دور شدہ مزاحمت
دادن گرفتند۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
بصری آوردند۔ در غضب آمدند۔ وفرمودند، می باشید
یا ازایں جا بیرون کنم؟ ایشاں ماندند، ہیچ مزاحمت
دتشویش ندادند۔

(۹) نقل است (خ) بعد از زمانے بزیارت
خدمت شیخ فریدالدین رفتند۔ ناگاہ خادم روضہ آمد۔
دید ہر عضوے از عضوے دیگر جدا ماندہ۔ قبر خدمت
شیخ فریدالدین بخوں آلودہ۔ دواں بر شیخ زادہ
منور آمد۔ و گفت، کہ سید محمد را کسے کشت۔
شیخ زادہ فی الحال دوید۔ چہ بیند کہ حضرت بندگی مخدوم
نشستہ اند۔ ہیچ نہ گفت۔ متحیر شدہ بازگشت۔
چوں بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ برائے وداع رفتند،
شیخ زادہ پرسید۔ آں شب چہ بود؟ حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، اے شیخ زادہ سخنے
می گویم، بشنوید۔ درشان عقلی رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم آمد وَمَا قَتَلُوهُ وَمَا صَلَبُوهُ وَلٰكِن شُبِّهَ
لَهُم۔ وایں را تجلی می گویند۔ وایں حکایت در
اجودھن ہنوز مشہور است۔

مراقبہ کر کے بیٹھ گئے۔ پریوں نے آپ کے گرد حلقہ بنا
آپ کے مراقبہ میں خلل ڈالنا چاہا۔ حضرت بندگی مخدوم
نے مراقبہ سے سر اٹھایا اور غصے کے ساتھ فرمایا کہ
تم خاموش رہو گی یا اس جگہ سے میں تمھیں باہر
نکال دوں۔ پریاں خاموش ہوگئیں اور پھر مزاحمت
کی اور نہ کوئی تکلیف دی۔

(۹) نقل ہے (خ) کہ کچھ مدت کے بعد
حضرت بندگی مخدوم شیخ فریدالدینؒ کے مزار کی
زیارت کے لیے تشریف لے گئے۔ یکایک روضہ کا
خادم آگیا۔ اس نے دیکھا کہ آپ کا ہر عضو دوسرے
عضو سے جدا پڑا ہے۔ اور حضرت شیخ فریدالدینؒ
کی قبر خون آلودہ ہوگئی ہے۔ وہ دوڑا دوڑا
شیخ زادہ منور کی خدمت میں پہنچا اور کہا کہ
کسی نے سید محمد کو مار ڈالا ہے۔ شیخ زادے
اسی وقت دوڑے ہوئے آئے۔ دیکھا کہ حضرت
بندگی مخدوم بیٹھے ہوئے ہیں۔ یہ دیکھ کر وہ
حیران رہ گئے۔ کچھ نہ کہا اور لوٹ گئے۔ جب حضرت
بندگی مخدوم ان سے رخصت ہونے کے لیے
ان کے پاس گئے تو شیخ زادے نے پوچھا کہ
اس رات کیا ہوا تھا؟ حضرت بندگی مخدوم
نے فرمایا کہ اے شیخ زادے، ایک بات کہتا
ہوں، سنئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
شان عقلی کے بارے میں آیا ہے کہ "نہ انھوں
نے آپ کو قتل کیا نہ آپ کو صلیب دی، لیکن وہ شبہ
میں ڈال دیئے گئے۔" اسی کو تجلی کہتے ہیں۔

Marfat.com

(۱۰) نقل است (م ح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ پیش از آں کہ از عالم ظاہر سوئے باطن باز خواہند گشت مقبول آں حضرت شاہ ید اللہ را طلبیدہ فرمودند ایں چنیں نیست کہ ما را از حقیقت خبرے نیست و اگر نباشد چندیں عمر ضایع کردہ باشم۔ ہر کسے مقدار خویش خبرے دارد بداں ماند کسے روئے دید، کسے دستے دید، کسے پائے دید، فی الجملہ حقیقت او را دیدند بدانچہ توانستند۔ و نیز می فرمودند کہ خالق و مخلوق اعیان و اشیا چہ باشد۔ عمریست کہ خبر خالق ہیچ نمی بینم۔ اشیا و مخلوق را کجا دخل است۔ بیرون افتادہ گفتہ است ؎

غیرتش غیر در جہاں نگذاشت
لاجرم عین جملہ اشیا شد

(۱۱) نقل است (م ح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ مقبول حضرت شاہ ید اللہ را ہفدہ سال بعد از وفات از حال خویش علم ندادند کہ با خدا چہ معاملہ گذشت۔ مقبول الحضرت شاہ ید اللہ ہم نپرسیدند۔ بعد ہفدہم سال خود خبر دادند کہ ملائکہ آمدند۔ پرسیدند، ما پیش حضرت عزت می رویم۔ چہ گوئیم۔ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، بگوئید علمے کہ برائے تو بیان کردہ ام ہماں کافی است۔ ایشاں پائے بوسیدند و باز گشتند۔

(۱۰) نقل ہے (م ح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ نے عالم ظاہر سے عالم باطن کی طرف جانے سے پہلے مقبول آنحضرت، شاہ ید اللہ کو طلب کیا اور ان سے فرمایا کہ ایسا نہیں کہ ہمیں حقیقت کی کچھ خبر نہیں۔ اگر ہمیں حقیقت کی کچھ خبر نہ ہوتی تو ہم نے اتنی عمر ضائع کی۔ ہر ایک کو اپنی اپنی استعداد کے مطابق خبر ہوتی ہے۔ جیسے کسی نے چہرہ دیکھا، کسی نے ہاتھ، اور کسی نے پیر۔ مختصر یہ کہ ہر ایک نے حقیقت کو اتنا ہی دیکھا جتنا دیکھنے کا وہ اہل تھا۔ پھر فرمایا کہ خالق، مخلوق، اعیان اور اشیا کیا ہیں۔ ایک عمر ہو گئی کہ خالق کی کچھ بھی خبر نہیں ملتی۔ اشیا اور مخلوق کا کیا دخل ہے۔ باہر پڑے ہوئے نے کہا ہے ؎

تیری غیرت نے دنیا میں کسی کو غیر نہ چھوڑا
ناچار تو ہی تمام چیزوں کی اصل بن گیا

(۱۱) نقل ہے (م ح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ نے اپنی وفات کے سترہ سال کے بعد بھی مقبول حضرت، شاہ ید اللہ کو اپنے حال کی خبر نہ دی کہ خدا کے ساتھ کیا معاملہ رہا۔ مقبول حضرت شاہ ید اللہ نے بھی یہ بات نہ پوچھی۔ سترہ سال کے بعد آپ نے خبر دی کہ فرشتے آئے۔ اور پوچھا کہ ہم حضور باری میں جاتے ہیں، کیا عرض کریں۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ جو علم میں نے تیرے بارے میں بیان کیا ہے، وہی کافی ہے۔ انھوں نے آپ کے پیروں کو بوسہ دیا، اور لوٹ گئے۔

Marfat.com

(۱۲) نقل است (مح) کہ شیخ علاء الدین اندری
رحمۃ اللہ علیہ عاشق عورتے بودند تا دوازدہ سال
ہر شبے در کوئے او برفتے۔ درون خانہ شدی۔
اگر محل یافتی والا بہ گرد خانہ تمام شب گردیدے۔
نزدیک صبح باز می گشتے۔ در خانہ می آمدے۔
تمامت روز شیخ را در اضطراب و ناپاک گذشتے۔
وہر وقتے کہ از خانہ بیروں می آمدے و ایں بیت
می خواندے۔ بیت ؎

دل را ز عشق چند ملامت کنم کہ ہیچ
ایں بت پرست کہنہ مسلماں نمی شود

یک شبے معشوقہ اش بچوب زدن گرفت۔
سر شکست۔ خون بیروں آمد۔ درویشے دید۔
گفت، علاء الدین ازیں بخدا باز گرد۔ گفت
باخدائے بودہ ام، بخدا باز نہ گردم نشنیدہ
کہ من خدمت گار میر محمّدم۔

(۱۲) نقل ہے (مح) کہ شیخ علاء الدین
اندری رحمۃ اللہ علیہ ایک عورت پہ بارہ سال
تک عاشق رہے۔ ہر رات اس کے کوچے میں
جاتے۔ اگر موقع ملتا تو اس کے گھر کے اندر جاتے
ورنہ تمام رات اس کے گھر کے اطراف گھومتے
رہتے۔ اور صبح لوٹ کر اپنے گھر آجاتے۔ پھر تمام
دن شیخ پر اضطراب اور بے تابی کی کیفیت طاری
رہتی۔ جب اپنے گھر سے نکلتے تو یہ شعر پڑھتے ؎

اپنے دل کو میں عشق پر کب تک
ملامت کروں کہ یہ پرانا بت پرست مسلماں نہیں ہوتا۔

ایک رات ان کی محبوبہ نے انھیں لکڑی
سے اتنا پیٹا کہ ان کا سر پھٹ گیا اور سر سے
خون بہنے لگا۔ یہ دیکھ کر ایک درویش نے کہا
کہ علاء الدین خدا کے لیے اس سے باز آؤ۔
کہا، میں ایک باخدا کے ساتھ تھا، بخدا
باز آیا، کیا تم نے نہیں سنا کہ میں سید محمّد
کا خدمت گار ہوں۔

(۱۳) نقل است (مح) کہ حسن خضر یارے از
یاران حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بود۔
از جہت
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ جاں باخت۔ روزے
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را زحمت سخت
گرفتہ بود۔ حسن خضر آمد۔ از مادر حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ پیراہن حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
طلبیدہ پوشید۔ و گرد سر ہفت کرت گشت۔

(۱۳) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی
مخدومؒ کے مریدوں میں ایک مرید تھے حسن خضر۔
انھوں نے حضرت مخدومؒ کے لیے اپنی جان دے
دی۔ ایک روز حضرت مخدوم سخت بیمار ہو گئے۔
حسن خضر آئے اور حضرت مخدومؒ کی والدہ سے
آپ کے کپڑے مانگے اور انھیں پہن لیا پھر سات
مرتبہ آپ کے اطراف گھومے۔ اور کہا ہم جیسے بہتر
پیدا ہوں گے، قطبوں کے قطب سید محمّد جیسا کوئی

Marfat.com

وگفت ہم چو ما بسیاراں پیدا شوند۔ ولے ہمچوں
سید محمد قطب الاقطاب در عالم کے شود۔ در خانہ
رفت۔ بعد سیوم روز نقل کرد۔ بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ را صحت شد۔ بسیار تعلق کردند۔ و می فرمودند
ازگروہ ما حسن خضر جاں باخت۔ دیگر چہ کند۔

(۱۴) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ چوں بہ ہفتم آسماں رسیدند، جبرئیل
ملاقات کرد۔ وگفت، مصرع

کہ شود با قلب قالب جملگی روح

چنانچہ بیت حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
بریں دلالت می کند۔ بیت

مرا روح القدس داد ست پندے
کہ شو با قلب قالب جملگی روح

(۱۵) نقل است (مح) ہر وقتے کہ حضرت
خواجہ حبیب اللہ ابو المرشد مقبول الحضرت
شاہ ید اللہ از زیارت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
باز می گردیدند، تا بہ چبوترہ سید مسعود حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ رسانیدن می آمدند۔

(۱۶) نقل است (مح) کہ قول حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ ہر چیزے کہ ہست یک نظر بروے
انداختہ ام۔ یعنی ہمہ را یک نظر دیدم۔ دوم نظر
نیست۔ بیت

بیک دیدہ ہمیں بینم دو عالم
کہ آں دیدہ توئی نے چشم پُر نم

دُنیا میں پھر کہاں آئے گا۔ اس کے بعد وہ اپنے
گھر چلے گئے۔ اور تیسرے دن انتقال کر گئے۔
حضرت بندگی مخدومؒ کو بہت رنج ہوا۔ فرماتے
تھے، ہمارے گروہ میں حسن خضر نے جان دے دی،
اس سے زیادہ وہ اور کیا کرتا۔

(۱۴) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ
جب ساتویں آسمان پر پہنچے تو جبرئیلؑ سے آپ
کی ملاقات ہوئی۔ جبرئیلؑ نے کہا کہ قالب بدل کر
سراسر رُوح ہو جا۔ چنانچہ حضرت بندگی مخدوم
کا یہ شعر بھی اسی پر دلالت کرتا ہے۔ فرماتے ہیں:

مجھے رُوح القدس نے یہ نصیحت کی ہے
کہ تو قالب بدل کر سراسر روح ہو جا

(۱۵) نقل ہے (مح) کہ جب کبھی بھی حضرت
خواجہ حبیب اللہ، ابو المرشد، مقبول آنحضرت،
شاہ ید اللہ حضرت بندگی مخدومؓ کے مزار کی زیارت
کر کے لوٹتے تو حضرت بندگی مخدومؓ آپ کو پہنچانے
کے لیے سید مسعود کے چبوترے تک تشریف لاتے تھے۔

(۱۶) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ
کا فرمانا تھا۔ میں نے ہر چیز پر ایک ہی نظر ڈالی ہے
اور سب کو بس ایک نظر دیکھا ہے، دوسری نظر
نہیں ڈالی۔

ایک ہی نظر میں دونوں عالموں کو دیکھا
میری چشم پُر نم میں دیکھا بس تو ہی ہے

Marfat.com

(۱۷) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ روزے نشستہ بودند۔ مقبول الحضرت شاہ یداللہ قدس اللہ سرہٗ رفتند۔ چہ بینند تمام ریش و دندانِ مبارک سیاہ گشتہ ہمچو جوانے چہار دہ سالہ شدہ نشستہ۔ مقبول الحضرت شاہ یداللہ پرسیدند حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را کہ ایں چیست؟ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند ایں را تجددِ امثال می گویند و امثال ایں اولیا را بسیار بود۔

(۱۸) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ شبے در جنگل پنالہ نماز شروع کردند۔ در تکرار اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ صبح دمید۔

(۱۹) نقل است (مح) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را تا سی سال گرسنگی نہ گرفتہ بود۔

(۲۰) نقل است (مح) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را از غیب آوازے آمد کہ سید محمد ہو، سید محمد ہو۔

(۲۱) نقل است (مح) کہ مولانا شہاب الدین مردے بزرگے بود صد من کاغذ یاد داشت و او را یکے از علما فحول شمردند۔ با حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بسیار مودت و محبت داشتے و می گفتے دولت آں انبیرا است کہ ہمچو تو نے مرید او ست۔ و بحضور حضرت بندگی مخدوم

(۱۷) نقل ہے (مح) کہ ایک روز حضرت بندگی مخدومؓ بیٹھے ہوئے تھے۔ مقبول الحضرت شاہ یداللہ قدس سرہٗ آپ کے پاس گئے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ آپ کے تمام بال اور دندانِ مبارک چودہ سالہ لڑکے کی طرح سیاہ ہو گئے ہیں۔ مقبول الحضرت شاہ یداللہ نے حضرت بندگی مخدومؓ سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ حضرت بندگی مخدومؓ نے فرمایا اسے تجددِ امثال کہتے ہیں اور ایسا تجددِ امثال اولیاء سے بہت ہوا ہے۔

(۱۸) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ نے ایک رات پنالہ کے جنگل میں نماز شروع کی۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ (ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں) کی تکرار میں صبح ہو گئی۔

(۱۹) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ کو تیس سال تک بھوک نہ لگی۔

(۲۰) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ کو غیب سے آواز آئی سید محمد ہو، سید محمد ہو۔

(۲۱) نقل ہے (مح) کہ مولانا شہاب الدین نامی ایک بزرگ تھے۔ ان کو ایک سو من کتابیں یاد تھیں۔ وہ زبردست علما میں شمار کئے جاتے تھے۔ انھیں حضرت بندگی مخدومؓ سے بڑی محبت اور مودت تھی۔ کہتے تھے کہ اس کو بڑی دولت ملی جسے تم سا مرید ملا۔ حضرت

128210

Marfat.com

رضی اللہ عنہ بر سر سجادہ جلوس نفرمودے تا آنکہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بر سر لحاف چہار توئی جلوس نفرمودند۔

(۲۲) نقل است (مح) کہ شیخنا و مخدومنا و حبیبنا حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ می فرمودند کہ من بست و چہار سالہ بودم کہ در مرتبہ خدمت خواجہ فرید الدین رسیدہ بودم۔ ایں زمان خود صد سالہ شدم کہ شناسد۔ خواجہ حبیب اللہ ابو المرشد مقبول الحضرت شاہ ید اللہ می فرمایند کہ معنی سخن حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ اینست یعنی بست و چہار سالہ بودم کہ دریں مقام رسیدم و انچہ می فرمودم خدائے آں می کرد۔

(۲۳) نقل است (مح) کہ ابن عربی صاحب فصوص و صاحب فتوحات می فرمایند کہ ورائے ایں وجود وجودے نیست۔ و حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ و ہو المرشد فی العموم در مصنفات خود چنیں مرقوم فرمودند اگر او در ایام من بودے اورا ازیں شواہد باز آوردمے و اورا ازیں شواہد بعلو بردمے و از ورا الورا نظارہ اش شدمے۔ ایمان بہ تجدید آوردے مسلمان از سر شد اگر ایں سخن من خلاف حق الحقیقت است چنگ دوستان خدائی و عارفاں خدائے در دامن من۔

(۲۴) نقل است (مح) حضرت بندگی مخدوم

بندگی مخدومؒ کے سامنے اس وقت سجادہ پر نہ بیٹھتے تھے جب تک کہ حضرت بندگی مخدومؒ لحاف چار توئی پر تشریف فرما نہ ہوتے۔

(۲۲) نقل ہے (مح) کہ ہمارے شیخ ہمارے مخدوم اور ہمارے حبیب حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے تھے کہ میں چوبیس سال کی عمر میں حضرت خواجہ فرید الدین کے درجہ کو پہنچ گیا تھا۔ اب کہ میری عمر سو سال کی ہوگئی ہے میرا مرتبہ کون جان سکتا ہے۔ خواجہ حبیب اللہ، ابو المرشد مقبول الحضرت شاہ ید اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مخدومؒ کے اس ارشاد کے یہ معنیٰ ہیں میں چوبیس سال کی عمر میں اس مقام پر فائز ہوگیا تھا میں جو کچھ کہتا، خدا وہی کرتا تھا۔

(۲۳) نقل ہے (مح) کہ صاحب فصوص الحکم و فتوحات مکیہ ابن عربی فرماتے ہیں اس وجود کے آگے کوئی وجود نہیں۔ سب کے مرشد، حضرت بندگی مخدومؒ اپنی تصانیف میں لکھتے ہیں کہ اگر ابن عربی میرے زمانے میں ہوتے تو میں انھیں ایسی باتیں کہنے سے باز رکھتا اور ان باتوں سے اوپر لے جاتا انھیں ورا الورا کا نظارہ کراتا۔ ان کے ایمان کی تجدید ہوتی اور وہ نئے سرے سے مسلمان ہوتے۔ اگر میری یہ بات حق الحقیقت کے خلاف ہے تو خدا کے دوستوں اور خدا کے عارفوں کا پنجہ میرے دامن پر۔

(۲۴) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ

Marfat.com

رضی اللہ عنہ فرمودند کہ از بس شعاع نور کہ در عالم و ذوات در گرفتہ است دیدن نمی توانم چشم خیرہ می شود۔ جز نور ہیچ نمی بینم۔ در ہر چہ نگہ می کنم ہمیں نور در نورست۔ می گویم وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ وَاللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ و از بس غلغلہا اَنِّیْ اَنَا اللّٰهُ کہ از اشیاء و ذرات بر می آید گوشم استماع ندارد۔ و از کثرت مخاطبات کہ از ہر عضوے و رگے می شنوم فرصت ندارم۔ فرماں می شود اے محمدؐ، ہر عضوے و رگے از آن تو دل گشتہ، بیت

لا عضو لی الا و فیہ محبۃ
فکان اعضائی خلقتی قلوبا

و ہر جزوی از اجزائے تو چشم و گوش شدہ ہوش دار۔ از آں جا مخاطبات یک یک بشنو۔ چنانکہ سنائیؒ ازیں رہ نمائی ایمائے کردست۔ بیت

اگر پائے ایست سر گردد و گر دیدہ بصر گردد
سنائی وار ذاتش ہمہ ذاتش زباں گردد

من ہمہ علم شدہ ام و ہر عضوے از اں من علمے علیحدہ از رب می گردد و ہیچ خبر دے از آں من بے علم نیست ؎

ہمہ چشم تا چہ بنمایند
ہمہ گوشم تا چہ شنوایند

خواجہ حبیب اللہ ابو المرشد مقبول الحضرت شاہ ید اللہ محمدؐ محمد الحسینی گیسو دراز قدس اللہ

فرماتے تھے عالم اور ذات میں اتنا نور بھرا ہے کہ میں اسے دیکھ نہیں سکتا۔ میری آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔ نور کے سوا مجھے کچھ نظر نہیں آتا جس چیز کو دیکھتا ہوں وہ نور در نور نظر آتی ہے۔ اور میں پکار اُٹھتا ہوں، اللہ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اور ذرات سے "بے شک میں ہی ہوں" کا اتنا غلغلہ بلند ہوتا ہے کہ میرے کان سُن نہیں سکتے۔ ہر عضو اور ہر رگ سے مخاطبات اس کثرت سے ہوتے ہیں کہ مجھے فرصت نہیں ملتی۔ فرمان ہوتا ہے، اے محمدؐ، تیری ہر رگ اور تیرا ہر عضو دل ہو گیا ہے۔ شعر (ترجمہ)

میرا کوئی عضو ایسا نہیں ہے جس میں محبت نہ ہو
• گویا میرے سارے اعضا دل ہو گئے ہیں

تیرے اجزا کا ہر جز آنکھ اور کان بنا دیا گیا ہے، سنبھل، ہر ہر جز کے مخاطبات کو سُن۔ جیسے کہ سنائیؒ نے اس طرف ایما اور رہنمائی کی ہے۔ شعر

اگر پیر ہے، سر ہو جائے اور دیدہ ہے تو نظر ہو جائے
سنائی کی طرح اس کی ذات تمام ذات بن جائے

میں یکسر علم ہو گیا ہوں۔ میرا ہر عضو رب کا ایک الگ علم ہو جاتا ہے اور اس کی مجھ بے علم کو کچھ بھی خبر نہیں۔ شعر

میں ہمہ تن آنکھ ہوں کہ کیا دکھاتے ہیں
اور میں ہمہ تن کان ہوں کہ کیا سناتے ہیں

خواجہ حبیب اللہ، ابو المرشد، مقبول الحضرت،

Marfat.com

سرہ العزیز می فرمایند، بہ بیں کہ چہ مرداند۔ باخود چیا دارند۔ حضرت بندگی مخدوم ما رضی اللہ عنہ عجب ذات بود و چہا باخود داشت کہ در وسع امکان کسے نمی آید و در فہم ہیچ بشرے در نیاید۔

شاہ ید اللہ محمد محمد الحسینی گیسو دراز قدس اللہ سرہ العزیز فرماتے ہیں، دیکھو یہ کیسے مرد ہیں اور اپنی ذات میں کیا کیا رکھتے ہیں۔ ہمارے بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ کی ذات بھی عجیب تھی۔ وہ اپنی ذاتِ مبارک میں کیا کیا رکھتے تھے کہ کوئی اس کا تصور نہیں کرسکتا اور کسی بشر کی سمجھ میں نہیں آسکتی۔

(٢٥) نقل است (مح) کہ روزے منصور قلندر بہ ملاقات حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ، آمد۔ پرسید کہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ، درباب محی الدین ابن عربی، صاحب فصوص چہ فرمایند۔ فرمودند نام آں بیرون افتادہ پیش من چہ گیری۔ او گفت مخدوم چنیں اند۔ مخدوم توانند گفتند۔ اورا چیزے دادند منصور باز گشت۔ بیرون آمد۔ خدمت میاں لہرا نشستہ بودند۔ منصور را پرسیدند کہ منصور ترا می گویند؟ ہیچ جواب داد ان نتوانست۔ پائے پس باز گشت۔ مجال دم زدن نشد۔

(٢٥) نقل ہے (مح) کہ ایک روز منصور قلندر حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ سے ملنے آئے۔ انھوں نے حضرت بندگی مخدومؒ سے پوچھا کہ آپ صاحب فصوص الحکم محی الدین ابن عربی کے بارے میں کیا فرماتے ہیں۔ فرمایا، اس باہر پڑے ہوئے کا نام میرے آگے کیوں لیتے ہو۔ منصور قلندر نے کہا آپ خود ویسے ہیں۔ حضرت مخدومؒ کچھ فرمانا چاہتے تھے۔ پھر انھیں کوئی چیز دی۔ منصور لوٹ گئے۔ اور باہر آگئے۔ باہر حضرت میاں لہرہ بیٹھے ہوئے تھے۔ منصور سے پوچھا، منصور تم ہی کو کہتے ہیں۔ انھوں نے کوئی جواب نہیں دیا۔ پچھلے پیروں لوٹ گئے۔ دم مارنے کی مجال نہ ہوئی۔

(٢٦) نقل است (مح) کہ رضا از رب العالمین حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را عطا شدہ بود کہ تا آں زماں کہ در دنیا بمانی بمان آخر الامر حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ آں شب کہ موت از خدائے خواستہ بودند، خواجہ

(٢٦) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ کو رب العالمین کی بارگاہ سے اس بات کی اجازت دی گئی تھی کہ آپ جب تک چاہیں دُنیا میں رہیں آخر کار جس رات حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ نے خدا سے موت مانگی، خواجہ حبیب اللہ، ابوالمرشد،

Marfat.com

حبیب اللہ، ابو المرشد، مقبول الحضرت، شاہ یداللہ را معلوم شدہ، آمدند۔ استادہ شدند و گفتند، بحق شیخ نصیر الدین محمود، حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، نے، مرداں ہر چہ اختیار کردند، از اں باز نگردند و تو از کجا می شنیدی۔ مگر نزدیک دل من حاضر بودی۔ و بر کس مگوئی ہم بر خود داری۔

(۲۷) نقل است (مح) کہ پنج روز پیش از آں کہ باز خواہند گشت، مقبول الحضرت شاہ یداللہ را طلبیدہ، کنار گرفتند و گفتند محمدؐ یوسف الحسینی مرد۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ و روح از قالب بدر آمد۔ و مقبول الحضرت شاہ یداللہ را پس روح خود ایستادہ کردند و نماز بروح خود بر خود ادا کردند با پنج تکبیرات و فرمودند تا آں کس کہ بر من اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن نگفتہ است۔ من بگویم۔ و آں چناں کیست کہ بر من نماز بگذارد۔ خود بر خود بگزارم و فرمودند محمدؐ در ہوائے ہویت جولانے دارد و در سرائے انیت ماوی است۔ ہر دو عالم در قبضۂ من است از آں کہ من در قبضۂ اویم۔ از محمدؐ جز تمثل و تشکل پیش نماندہ۔ ہمہ حق گشتہ۔ ہر طرفے کہ بیند، جز حق نمی بیند۔ ہُو ہُو، اِلّا ہُو اِلّا ہُو پس ہوش دار۔ از و منتظر باش، وقت آخر است دریاب۔ و آب دہن بخور۔ چوں روز دوشنبہ شد،

مقبول الحضرت شاہ یداللہ کو یہ بات معلوم ہو گئی وہ حضرت مخدومؒ کے پاس آئے، کھڑے ہو گئے اور کہا، آپ کو شیخ نصیر الدین محمودؒ کا واسطہ کہ اپنے اس ارادے سے باز آئیں۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ مرد جس بات کا ارادہ کر لیتے ہیں اس سے نہیں پھرتے تم نے کہاں سے یہ بات سن لی۔ شاید تم میرے دل کے نزدیک موجود تھے۔ یہ بات کسی سے نہ کہنا، اسے بس اپنی حد تک ہی رکھنا۔

(۲۷) نقل ہے (مح) حضرت مخدومؒ نے اپنے انتقال سے پانچ روز پہلے مقبول الحضرت، شاہ یداللہ کو طلب کیا۔ انھیں لپٹا لیا اور فرمایا محمدؐ یوسف الحسینی مر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون حضرت مخدومؒ کی روح قالب سے نکل گئی۔ حضرت مخدومؒ نے شاہ یداللہ کو اپنی روح کے پیچھے کھڑا کیا۔ اور پانچ تکبیروں کے ساتھ اپنے آپ پر نماز (نماز جنازہ) پڑھی۔ پھر فرمایا، کسی نے مجھ پر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن نہیں پڑھا، میں پڑھتا ہوں۔ دنیا میں ایسا کون ہے جو میری نماز جنازہ ادا کرے۔ میں خود ادا کرتا ہوں۔ پھر فرمایا، محمدؐ ہویت کی فضا میں گھوم رہا ہے۔ اور انیت ماوی کی سرا میں ہے۔ دونوں عالم میرے قبضے میں ہیں کیونکہ میں اس کے قبضہ میں ہوں۔ تمثل اور تشکل کے سوا محمدؐ کے پاس کچھ باقی نہیں رہا ہے۔ سراسر حق ہو گیا ہے۔ جس طرف دیکھتا ہے حق کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔ ہُو ہُو، لا ہو الا ہو۔ اس لیے ہوشیار رہ۔

Marfat.com

اول وقت مستان غلطیده ۔ ہر دو دست
بر سینہ نہادہ چشمہا کشادہ دادہ بودند ۔
بر صورت انتظار ۔ وچوں دم بالا آمدے، ذکر
گویاں بالا آمدے وچوں فرو رفتے ذکر گویاں
فرو رفتے ۔ و آواز ذکر بروں می شنیدند ۔ ہم
دریں میاں صورتے کہ لائق آں مقام است
و مناسب آں ذاتِ است، متجلی شد خندیدند۔
او آمد ۔ لب بر لب نہاد و گیرند دندان مبارک
خائیدند ۔ آب از چشم رواں شد ۔ و آبے از
دہن بیرون افتاد ۔ جان عزیز بدو سپردند ۔
آں آب کہ از دہن مبارک افتادہ بود خواجہ
حبیب اللہ، ابوالمرشد، مقبول الحضرت
شاہ ید اللہ بحکم فرمان خوردند چشم فی الحال
بستہ شد ۔ و دہن ہم چناں کشادہ بود ۔ بیت

محمدؐ را فرو آری چو در گور
نہے روح و زہے راحت سرائے

مقبول الحضرت شاہ ید اللہ می فرمایند عجب
صورتے بود کہ متجلی شد ۔ رداء کبریا بر دوش
و ازار عظمت در بر ۔ با حسن و با ناز و ملاحت
کہ بیک بوسہ جان برد ۔ ملک الموت درمیان
نبود ۔ و او را مجال نیست کہ بیاید ۔ قبض روح
بے واسطہ شد ۔ بیت

در کوئے تو عاشقاں چناں جاں بدہند
کانجا ملک الموت نگنجد ہرگز

اس کا منتظر رہا ۔ اس کا آخری وقت اس سے
فائدہ اٹھالے ۔ دوشنبہ کا روز آیا تو اوّل وقت
مست لیٹ گئے ۔ دونوں ہاتھ سینے پر رکھ لیے
اور آنکھیں کھلی رکھیں، جیسے کسی کا انتظار ہو۔
جب سانس اوپر آتا تو ذکر کرتا ہوا اوپر آتا اور
جب نیچے جاتا تو ذکر کرتا نیچے جاتا ۔ لوگوں نے ذکر
کی آواز باہر تک سنی ۔ اسی دوران میں ایک
صورت جو اس مقام کے لایق اور اس ذات کے
مناسب ہے، متجلی ہوئی اسے دیکھ کر آپ ہنسنے
لگے ۔ وہ صورت آئی اور اس نے آپ کے ہونٹوں
پر ہونٹ رکھے ۔ آپ نے اسے لپٹا لیا ۔ دندانِ
مبارک چبانے لگے ۔ آنکھوں سے پانی رواں
ہوگیا ۔ اور منہ سے پانی باہر گرنے لگا ۔ آپ نے
اپنی جانِ عزیز اس کے سپرد کردی ۔ خواجہ حبیب اللہ،
ابوالمرشد مقبول الحضرت شاہ ید اللہ نے آپ
کے حکم کے مطابق یہ پانی پی لیا ۔ آنکھیں تو فوراً
بند ہوگئیں لیکن منہ اسی طرح کھلا رہا ۔ بیت ؎

محمدؐ کو جب قبر میں اتارو گے
تو اسے کیا ہی اچھی روح اور کیا ہی اچھی راحت سرا ملے گی ۔

مقبول الحضرت شاہ ید اللہ فرماتے ہیں کہ جو
صورت ظاہر ہوئی تھی عجیب صورت تھی ۔ رداء کبریا
کاندھے پر، عظمت کا لباس جسم پر، حسن،
ناز اور ملاحت ایسی کہ بس ایک بوسہ میں جان
لے لی ۔ ملک الموت درمیان میں نہ تھا ۔ اس
کی مجال نہ تھی کہ آتا ۔ روح اس کے واسطے کے

Marfat.com

بغیر قبض کی گئی۔ شعر ؎

تیری گلی میں عاشق اس طرح جان دیتے ہیں
کہ اس جگہ ملک الموت کی سمائی نہیں ہو سکتی

(۲۸) نقل است (مح) کہ روزے درمیان راہ کفار جمع شدہ بودند۔ و شیطان درمیان ایشاں شملہ برسر کشیدہ، می رقصید۔ با اضطرابے سماع می شنود کہ آں اضطراب در بیان نیاید۔ اتفاقاً درویشے را با آں راہ گزر شد۔ پرسید سماع شنیدن حق تست یا حق من؟ مرا بنگر کہ از کدام قرب بکدام بُعد افتادہ ام۔ آں درویش گفت، حق تست۔ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ ہم دراں روز بزیارت خواجہ قطب الدین می رفتند۔ ہماں طریق او را دیدند۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را دید۔ گفت امیر محمد، برائے خدائے را بہ تعجیل برو۔ دنبالہ من چرا گرفتہ۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ باز گشتند۔

(۲۸) نقل ہے (مح) کہ ایک روز راستے میں کافر جمع ہو گئے تھے اور ان کے درمیان شیطان پگڑی باندھے ناچتا تھا۔ اور اضطراب کے ساتھ سماع سنتا تھا۔ اب اضطراب کہ بیان نہ ہو سکے۔ اتفاقاً اس راستے سے ایک درویش کا گزر ہوا۔ شیطان نے اس درویش سے پوچھا کہ سماع سننا تیرا حق ہے یا میرا؟ مجھے دیکھ کہ میں کیسے قرب سے کتنا دور پھینک دیا گیا ہوں۔ درویش نے کہا سماع سننا تیرا حق ہے۔ بندگی مخدومؒ اسی روز خواجہ قطب الدین کے مزار کی زیارت کے لیے گئے۔ آپ نے بھی شیطان کو کو اسی حال میں دیکھا۔ شیطان نے حضرت بندگی مخدومؒ کو دیکھا تو کہا، امیر محمدؐ، خدا کے لیے جلد یہاں سے چلے جائیے۔ آپ میرے پیچھے کیوں پڑے ہوئے ہیں۔ حضرت بندگی مخدومؒ وہاں سے چلے گئے۔

(۲۹) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ ما خدائے تعالیٰ را می پرستیم محض برائے او و نہ برآئے آں کہ او رزاق است و یا بطمع بہشت و ہم دوزخ، زیرا چہ اگر بہشت و دوزخ نمی بودے او را نمی پرستیدے پس پرستش محض برائے اوست نہ برائے دیگر چیز

(۲۹) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے تھے کہ ہم خدائے تعالیٰ کی پرستش صرف اس کے لیے کرتے ہیں۔ ہم اس کی پرستش اس لیے نہیں کرتے کہ وہ رزاق ہے یا جنت کا لالچ ہے یا دوزخ کا ڈر ہے۔ کیونکہ اگر جنت اور دوزخ نہ ہوتی تو کیا اس کی پرستش نہ کرتے؟

Marfat.com

ملک و عالم نخواہند آں کہ خواہند یار را
در نظر جنت نیاید عاشق دیدار را

(۳۰) نقل است (مح) کہ روزے بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، قبولا، ما می خواہیم ازیں جامہ بیروں آئیم دیگر جامہ بپوشیم۔ آں جامہ ایں است، الکبریاء ردائی والعظمتہ ازاری و دوئی موہوم را بیگانگی باز آریم۔ ایں جا احد با احد یکے می گردد۔ ہشدار، مقام جمع الجمع است۔ و مغفرت خاصہ ہمیں است و مغفرتے کہ ما می خواہیم مراد از آں ایں است۔

(۳۱) نقل است (مح) کہ چوں بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از عالم ظاہری بسوئے باطن باز گشتند، بندگی میاں لہرہ نظر بسوئے آسمان کردند و گفتند کہ در تمام ملکوت غلغلہ افتاد است کہ روح سید محمدؐ می آید آرند و آب غسل بندگی حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ بروئے وریش مبارک خود می مالیدند۔ وایں بیت تکرار کردند۔ بیت:

البحر بحراً علی ماکان فی قدم
ان الحوادث امواجاً وانہاراً

(۳۲) نقل است (مح) کہ ہر وقتے کہ بندگی

اس لیے اس کی پرستش صرف اس کے لیے ہے نہ کہ کسی دوسری چیز کے لیے۔ شعر

وہ لوگ جو یار کو چاہتے ہیں ملک اور دنیا نہیں چاہتے
دیدار کے عاشق کی نظر میں تو جنت بھی نہیں بھرتی

(۳۰) نقل ہے (مح) کہ ایک روز بندگی مخدومؒ نے فرمایا، اے قبولا، ہم چاہتے ہیں کہ اس جامہ کو اتار کر دوسرا جامہ پہن لیں۔ اور وہ جامہ ہے ردائے کبریائی اور لباس عظمت، موہوم دوئی اور بے گانگی کو دور کردیں۔ یہاں احد احد کے ساتھ ایک ہو جاتا ہے۔ خبردار، یہ مقام جمع الجمع ہے۔ اور مغفرت اس کا خاصہ ہے۔ جو مغفرت ہم چاہتے ہیں، اس سے ہماری مراد یہی مغفرت ہے۔

(۳۱) نقل ہے (مح) کہ جب حضرت بندگی مخدومؒ عالم ظاہر سے عالم باطن کی طرف لوٹ گئے تو بندگی میاں لہرہ نے آسمان کی طرف نظر کی اور کہا کہ تمام عالم ملکوت میں شور ہے کہ سید محمدؐ کی روح لائی جارہی ہے۔ بندگی میاں لہرہ نے حضرت مخدومؒ کے غسل کا پانی اپنے چہرے اور ریش مبارک پر ملا اور یہ شعر دہراتے رہے۔ شعر:

قدیم سے جو شئے موجود ہے وہ سمندر ہے
اور جو حوادث پیش آتے ہیں وہ گویا اس سمندر
کی موجیں اور نہریں ہیں۔

(۳۲) نقل ہے (مح) کہ رات کو جب حضرت

Marfat.com

مخدوم رضی اللہ عنہ شب را می غلطیدند کنیزک را می فرمودند مقدار دور بہ غلطد۔ مقام مطاف ملائکہ بگذار و ملائکہ فرو می آیند طواف می کنند۔ مردان غیب ہم می آیند۔ طواف می کنند۔

بندگی مخدومؒ لیٹ جاتے تو کنیز سے فرماتے کہ وہ آپ سے دُور لیٹے۔ تاکہ فرشتوں کے طواف کے لیے جگہ چھوڑ دے۔ کیونکہ فرشتے اُترتے ہیں اور طواف کرتے ہیں۔ مردانِ غیب بھی آتے ہیں اور طواف کرتے ہیں۔

(۳۳) نقل است (مح) کہ شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ می گوید عند الرب مرا بردند۔ ہمہ اشیا را حاضر دیدم۔ حضرت بندگی رضی اللہ عنہ می فرمودند شیخ ہنوز در عالم صورت است۔ از عین العیان چیزے ندارد۔ زیرا کہ اشیا را آں جاہ گزر نیست چوں آں می رسد مرد نمی ماند۔ و ایں بیت خواندند۔ بیت:

مارا تو محمد چہ شناسی و چہ دانی
آخر کہ چہ چیزیم کجائیم، کرائیم
اے ابو الفتح محمد باز آئی
(شعر) باز آمد نیست در مکان من

(۳۳) نقل ہے (مح) کہ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ کہتے ہیں کہ مجھے رب کے پاس لے گئے تمام اشیا کو میں نے حاضر دیکھا۔ حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے ہیں، شیخ مقام صورت میں ہیں عین العیاں کی انھیں کچھ خبر نہیں۔ کیونکہ اشیا کا وہاں گزر نہیں۔ پھر آپ نے یہ شعر پڑھا۔ شعر

ہم کو اے محمدؐ تو کیا پہچانتا ہے اور کیا جانتا ہے
آخر ہم کیا چیز ہیں، کہاں اور کس کے ہیں
اے ابو الفتح محمد لوٹ آ، تجھے میرے مکان ہی کو لوٹ آنا ہے۔

(۳۴) نقل است (مس) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ بعد ائمہ معصومین چہار شیخ را در قبور تصرف یکی می بود۔ اما چونکہ من متولد شدم از ایشاں دور شد واز من تا قیامت دور نخواہد شد۔

(۳۴) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ ائمہ معصومین کے بعد چار شیوخ کو یہ تصرف حاصل تھا کہ وہ قبروں میں زندہ تھے۔ جب میں پیدا ہوا تو ان کا یہ تصرف ختم ہوگیا۔ لیکن مجھ سے یہ تصرف قیامت تک دور نہ ہوگا

(۳۵) نقل است (جوا) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودہ اند کہ من با عین القضاۃ یک روز در یک مقام بودم۔ بعد ازاں از مقام

(۳۵) نقل ہے (جوا) حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ میں عین القضات کے ساتھ ایک روز ایک مقام رہا۔ اس کے بعد میں ان کے

Marfat.com

او کار بیشتر بروم۔

(۳۶) نقل است (جوا) از سید السادات سید یوسف کہ کنیزک بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ حکایت می کرد کہ شبے بجہت وضو کنانیدن در مقام حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ افتادہ بودم۔ ناگاہ دیدم مردے پیرے خوش محاورہ دستار بستہ پیدا شد۔ بر حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ جواب او فرمودند۔ و مرا ہیبت او زد۔ ہم چنیں کہ گلی از دست رفتم۔ باز ساعتے مکالمت شد۔ من آں فہم نکردم۔ و باز آں مرد غایب شد۔ و خدمت بندگی میاں بڑا قدس اللہ سرہٗ العزیز می فرمایند کہ اگر ازیں حکایت حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ در قلم آرم مجلدے دیگر تالیف می باید کرد۔ احتمال مستغرق آں شود یا نشود۔ و بعمرے دانم کہ نشود۔

(۳۷) نقل است (جوا) چونکہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را معلوم شد کہ در دہلی بلا خواہد نازل شد کہ بدفع آں را نباشد و ملجا از آں نبود، ہمہ خلق را بتصریح فرمودند کہ دریں شہر چنیں و چنیں بلاہا بر آید۔ بریں حد کہ زمیں فرو بالا خواہد شد۔ و کم خانہ بود کہ مغل زمیں آں خانہ نکافتند و آں خانہ را خراب و ویران نکنند۔ اگرچہ سنت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ

مقام سے بہت آگے بڑھ گیا۔

(۳۶) نقل ہے (جوا) سید السادات سید یوسف سے کہ حضرت مخدومؓ کی کنیز نے بیان کیا کہ ایک رات میں حضرت بندگی مخدومؓ کو وضو کرانے کے لیے آپ کے مقام کے قریب پڑی ہوئی تھی، یکایک میں نے دیکھا کہ ایک خوبصورت بوڑھا آدمی دستار باندھا ہوا ظاہر ہوا۔ اس نے حضرت بندگی مخدومؓ نے اس کا جواب دیا۔ مجھ پر اس کی ہیبت ایسی چھائی کہ میرے ہاتھ سے برتن گر گیا۔ تھوڑی دیر تک اس سے آپ کی بات چیت ہوتی رہی۔ یہ گفتگو میری سمجھ میں نہ آئی۔ پھر وہ شخص غایب ہو گیا بندگی میاں بڑا قدس اللہ سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ اگر میں حضرت بندگی مخدومؓ کی ایسی حکایتیں لکھوں تو ایک کتاب تیار ہو جائے اور شاید اس میں بھی یہ حکایتیں نہ سمائیں۔ اتنا جانتا ہوں کہ ایک عمر میں بھی یہ ختم نہ ہوں گی۔

(۳۷) نقل ہے (جوا) چونکہ حضرت بندگی مخدومؓ کو معلوم ہو گیا تھا کہ دہلی پر ایسی بلا نازل ہونے والی ہے کہ جس کا دفع کرنا ممکن نہیں اور اس سے پناہ ملنی ممکن نہیں، تو آپ نے صراحت کے ساتھ لوگوں سے کہا کہ اس شہر پر ایسی ایسی بلائیں آنے والی ہیں۔ اس حد تک کہ زمین تہ و بالا ہو جائے گی۔ کم ہی مکان ہوں گے جس کی زمین کو مغل کھود نہ ڈالیں گے اور انھیں خراب

Marfat.com

ایں بود کہ ہر چہ می بینند بر خلق نگویند۔ اما ایں واقعہ بہ بانگ بلند بر خاص و عام و وضیع و شریف را خبر کردند و بر ہمہ خلق گفتند بدیں امید کہ محتمل کسے گفت خود شنود۔ ازیں بلا بگریزد، و در شہرے و ولایتے دیگر برود و ازیں بلا خلاص یابد۔ آخر ہم چناں شد۔ آں کہ سخن حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ شنید، در ولایت دیگر دیگر رفت و در امن سلامتی ماند و آں کہ نرفت خراب و تاراج شد۔ چنانچہ مشہور است در وقتے کہ مغلاں در یک دروازۂ دہلی درآمدند بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از دروازۂ دیگر بیروں آمدند و متوجہ دولت آباد شدند۔

(۳۸) نقل است (چوا) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ دست بیعت بخلق می دادند۔ روزے دلش گرفت ازیں کار تنگ آمدہ جانب نمازگاہ رفتند۔ آنجا ابدالی پیدا شد۔ دست حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ گرفت و گفت کہ بخدائی از خطرہ باز آئی۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ تو ضامن می شوی کہ ہر کہ دست بر دست من نہد او را امان از آتش دوزخ باشد۔ آں ابدال گفت من ضامن ام کہ خدائے تعا

[illegible]

کہ وہ جو کچھ دیکھتے تھے وہ لوگوں سے کہتے نہ تھے۔ لیکن اس سلسلے میں آپ نے باواز بلند ہر خاص و عام اور وضیع و شریف کو خبر دی اور تمام لوگوں سے اس امید میں کہتے رہے کہ کوئی آپ کی بات مان لے اور اس بلا سے بھاگ کر کسی اور شہر اور کسی دوسرے ملک کو چلا جائے اور اس بلا سے چھٹکارا پائے آخرکار ایسا ہی ہوا۔ جس کسی نے حضرت بندگی مخدومؒ کی بات سنی اور دوسرے ملک کو چلا گیا۔ امن و سلامتی میں رہا۔ جو نہ گیا خراب اور تاراج ہوا۔ چنانچہ مشہور ہے کہ جب مغل ایک دروازے سے دہلی میں داخل ہوئے۔ بندگی مخدومؒ دوسرے دروازے سے باہر نکل گئے اور دولت آباد روانہ ہو گئے۔

(۳۸) نقل ہے (چوا) کہ حضرت بندگی مخدومؒ بیعت کے لیے مخلوق کو اپنا ہاتھ دیتے تھے۔ ایک روز دل گرفتگی کے عالم میں اس کام سے تنگ آکر مسجد کی طرف چلے۔ وہاں ایک ابدال نمودار ہوئے۔ انھوں نے حضرت بندگی مخدومؒ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا کہ خدا کے لیے اس خطرے سے باز آیئے۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ کیا آپ اس بات کے ضامن ہوتے ہیں کہ جو بھی میرے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دے وہ دوزخ کی آگ سے محفوظ رہے گا۔ ابدال نے کہا میں

Marfat.com

مرا پیش تو ہمین کار فرستادہ است۔ یعنی برائے ضمانت۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بازگشتند جانب خانہ آمدند۔

(۳۹) نقل است (سی) کہ از ایام رضاعت تا کہ بحضرت شیخ پیوند فرمایند یک صورتے از عالم غیب ہمراہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ می بود۔ ہر وقتے کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ خواستندے کہ کار نا ملایم شروع کنند آں صورت از آں فعل باز داشتندے۔

(۴۰) نقل است (سی) کہ حضرت شیخ می فرمودند کودکے شانزدہ سالہ از دولت آباد آمدہ من کہ پیر ہفتاد سالہ ام مرا سر جنبانیدن نمی دہد۔ در ایام بست سالگی کشوفات و تجلیات و عکس نور ربوبیت بر چہرۂ مبارک حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ اہل کمال را معائنہ می شد و کمال ریاضت و مجاہدہ حاصل گشتہ بود و بعضے صوفیان متجلی در آں سن بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را می گفتند کہ مقام حضرت شیخ فرید قدس اللہ سرہ العزیز دست دادہ است۔ و ملاقات مردانِ غیب و ابدالان و اوتاد و خواجہ خضر کرات و مرات بحضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ در سن سی سالگی می شد و ملتفت بایشاں در بعضے اوقات نگشتندے۔ انقطاع صحبت انام و اکل طعام و خط منام کلیہ دراں وقت

ضامن ہوں۔ خدائے تعالیٰ نے اسی کام کے لیے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ یعنی ضمانت کے لیے۔ حضرت بندگی مخدومؒ وہاں سے لوٹ کر گھر آگئے۔

(۳۹) نقل ہے (سی) کہ دودھ پینے کے دنوں سے لے کر حضرت شیخ کے مرید ہونے تک عالمِ غیب سے ایک صورت حضرت بندگی مخدومؒ کے ساتھ رہتی تھی۔ جب کبھی حضرت مخدومؒ کوئی نامناسب کام کرنا چاہتے تو وہ صورت آپ کو ایسا کام کرنے سے باز رکھتی تھی۔

(۴۰) نقل ہے (سی) کہ حضرت شیخ نے فرمایا کہ سولہ سال کی عمر کا ایک لڑکا دولت آباد سے آیا۔ میں تو ستر سالہ بوڑھا ہوں، وہ مجھے سر ہلانے بھی نہیں دیتا۔ اہلِ کمال نے بیس سال کی عمر میں کشوفات، تجلیات، اور ربوبیت کے نور کا عکس حضرت بندگی مخدومؒ کے چہرے پر دیکھ لیا تھا۔ آپ کو ریاضت اور مجاہدہ میں کمال حاصل ہو گیا تھا۔ بعض روشن دل صوفیوں نے اس سن ہی میں حضرت بندگی مخدومؒ سے کہا تھا کہ آپ کو حضرت شیخ فرید قدس سرہٗ کا مقام حاصل ہو گیا ہے۔ تیس سال ہی کی عمر میں حضرت بندگی مخدومؒ مردانِ غیب، ابدالوں، اوتادوں اور حضرت خضر سے بارہا مل چکے تھے۔ بعض اوقات آپ ان کی طرف توجہ نہ فرماتے تھے۔ اس زمانے

Marfat.com

از دست دادہ بود۔

میں آپ نے لوگوں سے ملنا جلنا، کھانا پینا اور سونا بالکل ہی چھوڑ دیا تھا۔

(۴۱) نقل است (سی) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ من در شکم مادر بودم و خواہر بزرگ من وفات کردہ بود۔ مادر من تضرع و زاری می کرد و دست بر شکم می زد و مرا بدے می گفت۔ می شنیدم و ناخوش می شدم۔ در دل من آمد کہ بگویم کہ اے مادر، خدا اے فراموش کردی۔ نہ گفتم کہ فتنہ قایم شود۔ بعد تولد نقش زدن دست مادر بر پشت مبارک برآمدہ بود۔ ہمہ را نمائندہ اند۔

(۴۱) نقل ہے (سی) حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے تھے کہ میں ابھی ماں کی پیٹ ہی میں تھا کہ میری بڑی بہن کا انتقال ہوگیا۔ میری والدہؒ نے روتے پیٹتے اپنے پیٹ پر ہاتھ مارا اور مجھے بُرا بھلا کہا۔ میں نے یہ بات سُنی اور مجھے ناگوار گزری۔ میں نے اپنے دل میں کہا کہ یہ کہہ دوں کہ اے ماں، تم نے خدا کو بھلا دیا۔ لیکن میں نے یہ بات نہ کہی کہ کہیں فتنہ برپا نہ ہو جائے۔ ولادت کے بعد والدہ کے ہاتھ کی مار کا نقش آپ کی پُشتِ مُبارک پر اُتر آیا تھا۔ یہ نقش آپ سب کو دکھایا کرتے تھے۔

(۴۲) نقل است (سی) کہ در دو سالگی کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از دہلی بدولت آباد می آمدند در آں سن اینچہ در راہ از احوال و حالات واقع شد، تمام یاد داشتہ بودند۔ بلکہ وقت تولد کیاں کہ حاضر بودند و در کدام محل زائیدند و ایام رضاع تمام یاد داشتند۔

(۴۲) نقل ہے (سی) کہ دو سال کی عمر میں حضرت بندگی مخدومؒ دہلی سے دولت آباد آئے۔ اتنی سی عمر کے باوجود راستے میں جو حالات اور واقعات پیش آئے وہ سب آپ کو یاد تھے۔ بلکہ آپ کی ولادت کے وقت کون کون حاضر تھے اور کس مقام پر آپ کی ولادت ہوئی اور ایام رضاعت کی تمام باتیں آپ کو یاد تھیں۔

(۴۳) نقل است (سی) کہ در ہفتم سال روزہ ماہ رمضان المبارک می داشتند۔ ونگاہے نماز فرض فوت نہ شدہ و بعضے می گویند کہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ در شکم مادر روزہ

(۴۳) نقل ہے (سی) کہ حضرت بندگی مخدومؒ نے سات سال کی عمر سے رمضان المبارک کے روزے رکھنے شروع کئے۔ کبھی آپ کی فرض نماز ناغہ نہیں ہوئی۔ بعض کہتے ہیں کہ

Marfat.com

می داشتم۔ یعنی روزۂ نفس می داشتم۔

بندگی مخدومؒ فرماتے تھے کہ میں ماں کی پیٹ میں بھی روزہ رکھتا تھا یعنی نفس کا روزہ رکھتا تھا۔

(۴۴) نقل است (خا) کہ بندگی مخدوم ہو المرشد فی العموم رضی اللہ عنہ را قوت ارشاد ہفتاد و دو ملت بود۔ چنانچہ در خاتمہ فرمودند کہ اے عزیز، بہ تحقیق بدانی، می خواستم ہر ملتے کہ آں را ہفتاد و دو ملت گویند، ارشاد و تعلیم او می نویسم و ایں ہفتاد و دو ملت احمدی است و می خواستم کہ رہ ارشاد و تعلیم مشرکان و مجوس و ترسا ہم نویسم۔ باوجود آنکہ ایشاں باں شرک و مجوسیہ ترسائی گرفتار اند۔ اما وقت عزیز است و عمر قصیر۔

(۴۴) نقل ہے (خا) کہ سب کے مرشد بندگی مخدومؒ کو بہتر فرقوں کی ہدایت کی قوت حاصل تھی۔ چنانچہ خاتمہ میں فرماتے ہیں کہ اے عزیز، یہ بات تحقیق سے سمجھ لے کہ میں چاہتا ہوں کہ ہر فرقے کی یعنی ان تمام فرقوں کی جو بہتر فرقے کہلاتے ہیں اور ملتِ احمدی کے بہتر فرقے ہیں ان کی تعلیم اور ارشاد کی باتیں لکھوا دیں۔ میں چاہتا ہوں کہ مشرکوں، مجوسیوں اور آتش پرستوں کی تعلیم اور ارشاد کی باتیں بھی لکھوں باوجودیکہ یہ لوگ شرک، ستارہ پرستی اور آتش پرستی میں مبتلا ہیں۔ لیکن وقت قیمتی ہے اور عمر تھوڑی۔

(۴۵) نقل است (خا) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را اسرار بواطن ہمہ معلوم بود۔ چنانکہ در خاتمہ فرمودند کہ خداوند سبحانہٗ تعالیٰ فرمود۔ وما من دابۃ فی الارض الا ہو اٰخذٌ بناصیتہا ان ربی علیٰ صراطٍ مستقیم۔ اخذ بناصیتہا عبارت از رابطہ کہ ممکن را بواجب است۔ علیٰ صراطٍ مستقیم عبارت از اجتماع آں رابطہ است بدست رب۔ فسبحان الذی بیدہ ملکوت کل شیءٍ والیہ ترجعون ہم بریں اشارت فرمودہ است۔ باشد کسے کہ ایں رابطہ بدست او بدہد

(۴۵) نقل ہے (خا) کہ حضرت بندگی مخدومؒ کو باطن کے سب اسرار معلوم تھے۔ چنانچہ خاتمہ میں فرماتے ہیں کہ خداوند سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ہے "کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی چوٹی اس کے ہاتھ میں نہ ہو۔ بے شک میرا رب سیدھی راہ پر ہے۔" "چوٹی اس کے ہاتھ میں ہے" سے وہ رابطہ مراد ہے جو ممکن کو واجب سے ہے۔ "سیدھی راہ پر ہے" سے مراد اس رابطہ کا رب کے ہاتھ میں اجتماع ہے۔ "پاک ہے وہ ذات جس کے قبضہ میں ہر چیز کی بادشاہت ہے۔ اور تم اس کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔"

Marfat.com

اور بر اسرار و ہمیہ بر بواطن ہمہ مطلع باشد واتباع شیخ نصیر الدین محمود اودھی ثم الچشتی قدس اللہ سرہ العزیز محمد حسینی را سلمہ اللہ تعالیٰ الیٰ یوم التناد پر تو آں بر دلش زدہ است ہر آئینہ شے مافی ذرخال دل او بیضہ نہادہ است کہ از آشیاں معارف وحقائق آں جا تولدے ہست۔ ولیکن فہوم قاصر والرب غیور ہمت روا ندارد ہر اہلے ونا اہلے سخن رود۔

سے بھی اسی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے جس شخص کو یہ رابطہ عطا کرتے ہیں وہ باطن کے تمام اسرار وہمیہ سے واقف ہوتا ہے۔ شیخ نصیر الدین محمود اودھی ثم الچشتی قدس اللہ سرہ العزیز کی اتباع نے محمد حسینی (قیامت تک اللہ انھیں قایم رکھے) کے دل پر ایسا قبضہ جمایا ہے ہر طرح تمام اشیا اس کے دل کے خال میں انڈے دیتے ہیں اور معارف اور حقایق کے آشیانے سے اس جگہ ولادتیں ہوتی رہتی ہیں۔ لیکن ان کے سمجھنے سے انسانوں کی سوجھ بوجھ قاصر رہتی ہے۔ اور غیور رب کی ہمت اس کی روادار نہیں ہوتی کہ ہر اہل و نا اہل تک بات پہنچے۔

(۴۶) نقل است (خا) بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ تا چہل سال زن نکردند کہ طالب را نشاید۔ چنانچہ در خاتمہ فرمودہ اند اے یار عزیز و دوست من تا توانی ازیں کار محترز باش۔ خود را بزیاں مدہ۔ خود را اندکار دیں پس مینداز۔ خود را از محنتی و رنجور مساز۔ خود را اسیر کودکی مکن۔ خود را در گرداب پلیدی مینداز۔ نفس را از حرص و ہوس باز آر۔ آنچہ من با تو می گویم بشنو۔ من غنی صفت ازیں واماندہ ازیں کار نیم۔ با ہمہ قوتے وشہوتے کہ دارم ترا تنبیہ می کنم و ہیچ

(۴۶) نقل ہے (خا) کہ بندگی مخدوم نے چالیس سال تک شادی نہیں کی کہ یہ امر طالب کے شایانِ شان نہیں۔ چنانچہ خاتمہ میں فرماتے ہیں کہ اے یار عزیز، اور میرے دوست، جہاں تک ممکن ہو اس کام سے باز رہ اپنے آپ کو نقصان میں نہ ڈال۔ اپنے آپ کو دین کے کام میں پیچھے نہ رکھ۔ اپنے آپ کو مصیبت اور پریشانی میں نہ ڈال۔ اپنے آپ کو بچپن کی خواہشات کا اسیر نہ بنا۔ اپنے آپ کو گندگی کے جھنور میں نہ جھونک۔ نفس کو حرص وہوس

Marfat.com

صوفی و ہیچ سالکے روندہ دریں کار نیاید کہ او بستہ نشد۔ شوقے گم شود۔ از درد طلب باز مانی۔ ذوقے فوت گردد۔ اگر عارفی و اللہ تجلیات گم گردد۔ بعدہ، حضرت شیخ علاء الدین الندی رحمۃ اللہ علیہ التماس بہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ کردند کہ زن بکنید۔ کہ ہم چو توئی را مضرت نیست۔ و الحاح نمودند۔ بنا بران قبول کردہ زن کردند۔ و حضرت شیخ علاء الدین خود محصور ماندند۔

سے باز رکھ۔ جو کچھ میں تجھ سے کہتا ہوں اسے سُن۔ میں غنی صفت ہوتے ہوئے بھی اس کام کے لیے مجبور ہوا۔ اس تمام قوت اور شوکت کے ساتھ جو میں رکھتا ہوں تجھے تنبیہ کرتا ہوں کہ کوئی صوفی اور کوئی چلنے والا سالک اس میں پڑا کہ اس کے ہاتھ پیر بندھ گئے شوق گم ہو جاتا ہے۔ ورنہ طلب میں کمی آجاتی ہے۔ ذوق مر جاتا ہے۔ اگر تو عارف ہے تو خدا کی قسم تجلیات گم ہو جاتی ہیں۔ اس کے بعد، حضرت شیخ علاء الدین الندی رحمۃ اللہ علیہ نے بندگی مخدومؒ سے التجا کی کہ آپ شادی فرمالیں کہ آپ جیسے کے لیے اس میں کوئی نقصان نہیں ہے۔ انھوں نے بڑی منت سماجت کی۔ اس لیے آپ نے ان کی التجا قبول کر کے شادی فرمالی لیکن خود حضرت علاء الدین الندی نے شادی نہیں کی مجرد ہی رہے۔

(۴۷) نقل است (مس) کہ پیش بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ یکے آمدہ رنگ خاک بہشت و بوئے خاک بہشت پرسید۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ خواجہ حبیب اللہ ابو المرشد شاہ ید اللہ را طلبیدند۔ حضرت شاہ ید اللہ آمد تا گفتند حالیا در بہشت بازی می کردم و بطلب حضرت قطبی آمدم۔ و پائے کف خود آں کس کہ پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ سوال کردہ بود نمودند و بویانید

(۴۷) نقل ہے (مس) کہ کسی نے حضرت بندگی مخدومؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ سے بہشت کی مٹی کا رنگ اور بہشت کی مٹی کی بو کے بارے میں سوال کیا۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے خواجہ حبیب اللہ ابو المرشد شاہ ید اللہ کو طلب فرمایا۔ حضرت شاہ ید اللہ تشریف لائے، اور کہنے لگے کہ میں ابھی بہشت میں کھیل رہا تھا۔ اور حضرت قطبی کی طلبی پر حاضر ہوا ہوں۔ پھر انھوں نے اپنے تلوے اس

Marfat.com

وگفتند کہ رنگ خاک بہشت ایں است
خاک بہشت ایں است۔

(۴۸) نقل است (مس) کہ سید حنیف
قدس اللہ سرہٗ العزیز را یک مریدے بود
اما بر بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ اعتقاد از
پیر خود بیش از بیش داشت۔ گاہ گاہ
بخدمت حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
آمد و شد ہم داشت۔ چونکہ نقل کرد حضرت
شاہ ید اللہ را برے زیارت سیومی فرستادند
و فرمودند کہ امروز کاریست۔ سید حنیف
قدس اللہ سرہٗ العزیز ہم آمدہ بودند۔
حضرت شاہ ید اللہ رفتند دیدند کہ قبر او را
یک سوراخے است۔ از آں سوراخے
آتش می آید و او را می سوزد۔ مقبول الحضرت
شاہ ید اللہ انگشت خود را در آں سوراخ
نہادہ و دعا از خدائے خواستہ او را بخشانیدند
از عذاب خلاص دہانیدند۔ چونکہ حضرت شاہ
ید اللہ پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
آمدند حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ خود استادہ
کنار گرفتند۔ و بسیار خوش شدند۔ و آنچہ از
عالم الہیات و غیوبات بہ حضرت شاہ ید اللہ
را عطا کردند در ہماں روز کردند۔ و فرمودند کسے
را کہ خبر زمیں یک گز و نیم نباشد او را مرید کردند

شخص کو دکھائے جس نے حضرت بندگی مخدومؓ
سے سوال کیا تھا۔ اس کو اپنے تلوے سُنگھائے
اور فرمایا کہ بہشت کی مٹی کا رنگ یہ ہے اور
بہشت کی مٹی یہ ہے۔

(۴۸) نقل ہے (مس) کہ سید حنیف قدس اللہ
سرہ العزیز کا ایک مرید تھا۔ لیکن اسے اپنے پیر سے
کہیں زیادہ حضرت بندگی مخدومؓ پر اعتقاد تھا
کبھی کبھی حضرت بندگی مخدومؓ کے پاس بھی آیا
جایا کرتا تھا۔ جب اس کا انتقال ہو گیا تو آپ
نے اس کی زیارت سیوم میں حضرت شاہ ید اللہ
کو بھیجا۔ اور فرمایا کہ آج کام کرنا ہے۔ سید حنیف
قدس اللہ سرہ العزیز بھی آئے تھے۔ حضرت شاہ
ید اللہ بھی گئے اور دیکھا کہ اس کی قبر میں ایک
سوراخ ہے۔ اس سوراخ سے آگ آتی ہے اور
اس کو جلاتی ہے۔ مقبول الحضرت شاہ ید اللہ
نے اپنی انگلی اس سوراخ میں رکھی اور خدا سے
دعا کر کے اسے بخشا دیا۔ اور اس کو عذاب سے
رہائی دلا دی۔ جب حضرت شاہ ید اللہ حضرت
بندگی مخدومؓ کے سامنے آئے تو حضرت بندگی
مخدومؓ خود کھڑے ہو گئے آپ کو گلے لگا لیا اور
بہت خوش ہوئے۔ الٰہیات اور غیوبات سے
جو کچھ حضرت شاہ ید اللہ کو حضرت بندگی مخدومؓ
نے عطا فرمایا تھا، اسی روز عطا فرمایا۔ اور فرمایا
جس شخص کو ڈیڑھ گز زمین کی خبر نہ ہو، اس کے
لیے مرید کرنا حرام ہے۔

Marfat.com

حرام است ۔

(۴۹) نقل است (مس) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ صد و بست و پنج کتاب ساختہ ۔ اما ہیچ کتابے نیندیشندہ و نہ سوادے کردند ۔ چہ تفسیر، چہ کلام، چہ تصوف، چہ ابیات، چہ فارسی چہ عربی ۔ فی الحال می گفتند و می نویسانیدند ۔ کسے کہ عربی و عجمی و ہندی بود بے سواد و بے تامل تصنیف کردن نمی تواند ۔ اما کسے کہ دہلوی بود کتابے عربی و فارسی و نیز آں بے تامل بے تفکر بے سواد چناں کند کہ حل نشود مگر کسے را کہ در عربی و فارسی و تصوف دخل تمام باشد ۔ ایں بغیر از کرامت نمی شود حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بنا فرمودۂ پیر درس خواندند ۔ و در خانہ آمدہ کتاب در طاق می نشستند و مشغول حق می بودند ۔ چنانچہ گفتہ اند کتاب در طاق و دل مشتاق ۔ از برکت فرمودۂ شیخ علم ظاہری چناں ہم حاصل شد کہ در عربیت بر صاحب کشاف ہم صرفے نہادند ۔

(۵۰) نقل است (مس) حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را با پیر مسعود بک بحث شد ۔ چنانچہ مشہور است، آخر چوں کہ پیر مسعود بک درماندہ شد ۔ مسعود بک پس پشت پیر استاذ بود ۔ جواب شروع کرد ۔ حضرت بندگی مخدوم

(۴۹) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی مخدوم نے ایک سو پچیس کتابیں لکھیں ۔ لیکن کوئی کتاب بھی پہلے سے سوچی اور نہ اسے خود اپنے ہاتھ سے لکھا ۔ چاہے وہ تفسیر ہو کہ کلام، چاہے فارسی ہو کہ عربی ۔ کوئی عرب ہو کہ ایرانی یا ہندی بغیر اپنے ہاتھ سے لکھے اور سوچے تصنیف نہیں کر سکتا ۔ لیکن ایک شخص جو دہلوی ہو کتاب عربی اور فارسی میں وہ بھی بغیر سوچے بغیر لکھے ایسا کر سکتا ہے کہ یہ بات حل نہ ہو یہ بات اسی سے ممکن ہے جسے عربی اور فارسی اور تصوف پر کامل عبور حاصل ہو ۔ یہ بات کرامت کے بغیر ممکن نہیں ۔ حضرت بندگی مخدوم اپنے پیر کے ارشاد کی تعمیل میں باقاعدہ درسی تعلیم حاصل کرتے تھے ۔ گھر آتے تو کتاب طاق میں رکھ دیتے اور عبادت حق میں مشغول ہو جاتے ۔ چنانچہ فرمایا ہے کتاب طاق میں اور دل مشتاق ۔ شیخ کے ارشاد کی برکت سے آپ کو علم ظاہری بھی اتنا حاصل ہوا کہ عربیت میں صاحب کشاف سے برابری کی ٹکر لی ۔

(۵۰) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی مخدوم کی مسعود بک کے پیر سے بحث ہوئی ۔ جیسا کہ مشہور ہے آخر میں مسعود بک کے پیر مجبور ہو گئے ۔ مسعود بک اپنے پیر کی پیٹھ کے پیچھے کھڑے تھے ۔ انھوں نے جواب دینا شروع کیا ۔ حضرت بندگی مخدوم کو

Marfat.com

رضی اللہ عنہ در غضب آمدہ فرمودند کہ زبان تو
بریدہ باد۔ چوں شنیدند کہ جواب رقعہ می نویسد
فرمودند کہ دست ہم بریدہ باد۔ آخرالامر ہم چناں
شد۔ چنانچہ مشہور است کہ بصاحب ولایت
بے خلوصیت دل در نیاید۔ چناں افتد کہ ہرگز
برنخیزد۔ بیت

ہر آں کہتر کہ با مہتر ستیزد
چناں افتد کہ ہرگز بر نخیزد

(۵۱) نقل است (مس) اشیخ کوچک
در دروازہ خُرد کردہ بود تا ہر کہ بیاید دوتا
شدہ بیاید۔ چنانچہ دوہرہ۔

نہوڑے آوے نہوڑے جاوے
لاگے کوچک پیر کے پاوے

چونکہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ برائے
ملاقات شیخ کوچک رفتند دروازۂ خود
بخود بالا شد۔ شیخ کوچک چونکہ مرتبہ و
بزرگی حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
مشاہدہ کرد و گفت سید محمد اش نہ پائے۔

(۵۲) نقل است (مس) میاں کمتو رحمۃ اللہ
علیہ را سلطان کشانیدہ۔ حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ کہ نزدیک میاں کمتو رحمۃ اللہ علیہ
رفتند و دستِ مبارک خود کہ بر زخم داشتند
میاں کمتو نشستند۔ باز بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ غلطانیدند کہ فتنہ قائم خواہد شد۔

اس پر بڑا غصہ آیا۔ آپ نے فرمایا کہ تیری
زبان کٹ جائے۔ اور جب آپ نے سُنا کہ
آپ کے رقعہ کا وہ جواب لکھ رہے ہیں تو فرمایا
اس کے ہاتھ بھی کٹ جائیں۔ آخر کار ایسا ہی
ہوا۔ چنانچہ مشہور ہے کہ صاحب ولایت سے
خلوصیت دل کے سوا پیش نہیں آنا چاہیے
شعر:۔

ہر وہ چھوٹا جو بڑے سے لڑتا ہے
ایسا گرتا ہے کہ پھر نہیں اُٹھتا

(۵۱) نقل ہے (مس) اشیخ کوچک نے اپنے
گھر کا دروازہ چھوٹا رکھا تھا تاکہ ہر آنے والا
جھک کر آئے۔ چنانچہ دوہرہ ہے ؎

جھک کر آئے جھک کر جائے
اس طرح کوچک پیر کے پیر کو لگے

جب حضرت بندگی مخدومؓ شیخ کوچک سے
ملنے کے لیے گئے تو دروازہ خود بخود اونچا
ہوگیا۔ جب شیخ کوچک نے حضرت بندگی
مخدومؓ کے رتبہ کی بلندی دیکھی تو کہا سید محمد
اس میں نہ سمائے۔

(۵۲) نقل ہے (مس) میاں کمتوؒ کو سلطان
نے مروا ڈالا۔ جب حضرت مخدومؓ میاں کمتوؒ
کے قریب گئے اور اپنا ہاتھ ان کے زخم پر رکھا تو
میاں کمتو اُٹھ بیٹھے۔ لیکن بندگی مخدومؓ نے
انھیں پھر لٹا دیا کہ فتنہ بپا نہ ہو جائے۔

Marfat.com

(۵۳) نقل است (جوا) در دہلی بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بعد رحلت بندگی شیخ نصیر الدین نصیر الملت والدین دست بیعت می دادند جہانے سجدہ می کرد۔ علماء دہلی می خواستند کہ محضر بکنند یکے از جملہ علماء گفت کہ یکے از ما برود در حضرت او و بہ بیند کہ تا چہ حالست مرتبۂ او۔ بعدہ محضر بکنید۔ اشرف ساوی کہ ہمہ علم می دانست او را فرستادند چونکہ بیش حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ آمد دید و سجدہ کرد و از مجمع محضر خود را کشید و گفت۔ بیت

نباید کرد محضر با چنیں کس
مرا دل گفت سجدہ کن ہماں بس

دگفت آں کس کہ خواہد محضر کند یک بار پیش آورد کہ سجدہ کند و خواہد کرد۔ ہمہ سر بر زمین آوردند از گفت و گوئی لب بستند۔

(۵۳) نقل ہے (جوا) نصیر الملت والدین حضرت بندگی شیخ نصیر الدینؒ کی وفات کے بعد دہلی میں حضرت بندگی مخدومؓ نے اپنا دست بیعت دراز فرمایا۔ ایک دُنیا نے آپ کو سجدہ کیا۔ دہلی کے عالموں نے چاہا کہ اس کے خلاف محضر تیار کریں۔ ان عالموں میں سے ایک عالم نے کہا کہ ہم میں سے کوئی ان کے پاس جائے اور دیکھے کہ ان کا مرتبہ کتنا ہے۔ اشرف ساوی جو تمام علم جانتے تھے انھیں بھیجا گیا۔ جب وہ حضرت بندگی مخدومؓ کے سامنے آئے تو سجدہ کیا اور محضر تیار کرنے والے لوگوں سے اپنے آپ کو الگ کر لیا اور کہا۔ شعر

ایسے شخص کے خلاف محضر پیش نہیں کرنا چاہیے
جس کے لئے میرے دل نے کہا کہ سجدہ کر اور یہی بس ہے

پھر انھوں نے کہا کہ جو شخص محضر پیش کرنا چاہتا ہے وہ ایک بار آپ کے سامنے آئے، سجدہ کرے اور سجدہ کرے گا۔ سب نے سر زمین پر رکھا اور اس بارے میں مزید گفتگو بند کی۔

(۵۴) نقل است (مس) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ پنج وقت نماز فرض در مکہ می گزاردند و ہم در خانقاہ خود در وقت نماز فرض می بودند۔ روزے پیر مردے پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ وارضاہ آمد۔ روئے بر زمین نہاد آورد۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ بنشیں۔ بنشست۔ او گفت کہ شما را در طواف

(۵۴) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی مخدومؓ پانچ وقت کی فرض نماز مکہ میں ادا کرتے تھے اور پھر نماز فرض کے وقت خانقاہ میں موجود رہتے تھے۔ ایک روز ایک بوڑھا آدمی حضرت بندگی مخدومؓ کے پاس آیا۔ زمین بوس ہوا۔ حضرت بندگی مخدومؓ نے اس سے فرمایا بیٹھو۔ وہ بیٹھ گیا۔ اس نے کہا میں نے آپ کو حج کے موقعہ پر کعبہ کا طواف کرتے دیکھا۔

Marfat.com

کعبہ حج دیدم۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ اے پیرمرد، کعبہ پیش درِ ماست۔ اگر مرداں بخواہند کہ یک زمانے تا تو چشم بر چشم زنی از مشرق تا بہ مغرب بگردند و باز بمقام خود آیند۔ وہم دریں محل دست آں پیر مرد برگرفتند و فرمودند کہ چشم برچشم بزن۔ چونکہ چشم برچشم زد خود او حضرت بندگی را در مشرق دید و باز خود را و حضرت بندگی مخدوم را در مقام خود دید۔ باز حضرت بندگی مخدوم فرمودند باز چشم برچشم بزن۔ چونکہ زد حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را و خود را در مغرب دید۔ باز در مقام خود خود را و حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ را دید۔ و آں پیرمرد سر بر زمیں آورد و مشرف بشرف بیعت گشت۔

(۵۵) نقل است (مس) خدمت میاں یداللہ پسر شاہ نہنہ چونکہ دو سہ خون کردند بادشاہ زمانہ با علماء و قضاۃ قرار داد کہ ایشاں را طلبیدہ از روئے شرع بر ایشاں خون لازم کردہ، قصاص از ایشاں خواہم گرفت۔ بعدہ ایشاں را طلبید۔ ایشاں نہ آمدند۔ باز طلبید۔ باز نہ آمدند۔ چونکہ سیوم بار طلبید، ایشاں حیران شدہ تمام شب در گنبد حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ مشغول ماندند۔ یکایک نزدیک صبح آواز آمد کہ برو، مترس۔ بندگی میاں یداللہ بر پالکی سوار شدہ

حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ اے پیرمرد! کعبہ ہمارے دروازے کے سامنے ہے۔ اگر مرد چاہیں تو ایک آن میں کہ تم پلک جھپکاؤ مشرق سے مغرب تک گھوم کر اپنے مقام پر آجاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آپ نے اس بوڑھے آدمی کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا کہ پلک جھپکاؤ۔ جیسے ہی اس نے پلک جھپکائی، اپنے آپ کو اور حضرت مخدومؒ کو مشرق میں دیکھا اور پھر اپنے آپ کو اور حضرت بندگی مخدومؒ کو اپنی جگہ دیکھا پھر حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا پھر پلک جھپکاؤ۔ اس نے پلک جھپکائی تو حضرت مخدومؒ کو اور اپنے آپ کو مغرب میں دیکھا اور پھر اپنے آپ کو اور حضرت بندگی مخدومؒ کو اپنی جگہ دیکھا۔ وہ بوڑھا شخص زمیں بوس ہوا اور بیعت کے شرف سے مشرف ہوا۔

(۵۵) نقل ہے (مس) حضرت شاہ نہنہ کے بیٹے حضرت شاہ یداللہ نے دو تین قتل کر دیئے بادشاہِ وقت نے علما اور قضات کے مشورے کے مطابق حکم دیا کہ انہیں طلب کرکے از روئے شرع قتل کا الزام ثابت کرکے ان سے قصاص لیا جائے۔ اس کے بعد انہیں طلب کیا گیا۔ وہ نہ آئے۔ انہیں پھر بلایا گیا۔ وہ پھر بھی نہ آئے۔ جب انہیں تیسری مرتبہ بلایا گیا تو وہ حیران ہوکر ساری رات حضرت بندگی مخدومؒ کے گنبد میں مشغول رہے۔

Marfat.com

آمدند۔ بادشاہ ہمہ قضاۃ و علماء و اکابر و اشراف و فضلاء و وزراء امرا را جمع کردہ بندگی میاں ید اللہ را بیاوردہ۔ چونکہ نظر بادشاہ بر بندگی میاں ید اللہ افتاد فی الحال برجستہ پیش دوید بر پائے افتادہ بر بالائے صدر خود نشاندہ خود بہ ادب و تواضع پیش نشست و قضاۃ و علماء و حضار مجلس را عجب آمد۔ پس بادشاہ عذر خواستہ، تشریف دادہ باعزاز و اکرام باز گردانید۔ قضات و علماء و وزرا بصورت عرضداشت پیش بادشاہ پیوستند کہ چہ قرار دادہ بودند و چہ کردند۔ بادشاہ گفت چکنم۔ چونکہ نظر من بر بندگی میاں ید اللہ افتاد، دیدم کہ با او دو شیر می آیند۔ پس بضرورت از ترس آں پیش آں شدہ آوردم۔ چونکہ بنشستم، ہر دو شیر بہر دو طرف بازوئے من دہان کشادہ زبان بیرون کردہ ایستادند بحدیکہ کف دہان ہر دو شیر بر چادر من می افتاد۔ چادر خود ایشان را نمودہ گفت اگر اعتبار نمی کنید بہ بینید۔ فی الواقع ہم چناں بود۔ پس از خوف و بیم آن از و بسیار عذر خواستہ روان کردم۔ ہمہ قضاۃ و علماء و حضرا حیران ماندند۔

یکایک صبح کے قریب آواز آئی کہ جا، مت ڈر۔ حضرت میاں ید اللہ پالکی پر سوار ہو کر آئے۔ بادشاہ نے تمام قضات، علماء، اکابر، اشراف، فضلاء، وزراء اور اُمراء کو جمع کیا تھا۔ بندگی میاں ید اللہ ان کے سامنے لائے گئے۔ جیسے ہی بادشاہ کی نظر بندگی میاں ید اللہ پر پڑی فوراً کھڑا ہو گیا۔ دوڑ کر آگے آیا اور اپنے سے اوپر انھیں بٹھایا۔ خود بہت ادب اور تواضع سے سامنے بیٹھا۔ یہ بات قضات، علماء اور حاضرین مجلس کو بڑی عجیب معلوم ہوئی۔ اس کے بعد بادشاہ نے معذرت کی اور خلعت دے کر اعزاز و اکرام کے ساتھ آپ کو رخصت کر دیا۔ قضات، علماء اور وزراء نے بادشاہ سے عرض کی کہ آپ نے کیا طے کیا تھا اور کیا کیا۔ بادشاہ نے کہا میں کیا کروں۔ جیسے ہی میری نظر بندگی میاں ید اللہ پر پڑی میں نے دیکھا کہ ان کے ساتھ دو شیر آتے ہیں۔ مجبوراً ان کے ڈر سے آگے بڑھ کر ان کا استقبال کیا۔ جب میں بیٹھ گیا، دونوں شیر منھ پھاڑے، زبان باہر نکالے میرے دونوں بازوؤں پر کھڑے ہو گئے۔ اس طرح کہ دونوں شیروں کے منھ کا کف میری چادر پر گرتا تھا۔ پھر اس نے اپنی چادر لوگوں کو دکھائی اور کہا، اگر میری بات پر یقین نہیں آتا تو اسے دیکھو۔ سچ مچ ایسا ہی تھا۔ اس لئے میں نے ان شیروں سے ڈر کر ان سے بڑی معذرت چاہی۔

Marfat.com

اور انھیں رخصت کر دیا۔ یہ سن کر تمام قاضی، عالم اور حاضرین حیران رہ گئے۔

(۵۶) نقل است (مس) کہ روزے حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ کنار دریا نشستہ بودند۔ دانشمند بزرگ در دست کتاب گرفتہ جہت سوال آمدہ پیش حضرت مخدوم رضی اللہ نشست۔ فی الحال حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ کتاب از دست او گرفتہ در دریا انداختند او حیران شدہ گفت، یا سید چہ کردی؟ باز حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ دست مبارک خود را در دریا انداختہ آں کتاب آوردہ گرد افشاندہ بدست او دادند و فرمودند کہ چہ سوال دادی، بگو۔ گفت، کسے را چہ زہرہ است کہ برہم چو توئی سوال کند۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند کہ سوال تو ایں و جواب تو ایں۔ و در سوال او یک آیتے بود۔ در ہر لفظ آں آیت ہزار معنی بیان فرمودند۔ آں دانشمند سر بر زمیں آوردہ قصد ارادت حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ کرد۔ فرمودند برو۔ نصیب تو ایں جا نیست چنانچہ سلطان احمد را فرمودہ بودند۔

(۵۶) نقل ہے (مس) کہ ایک روز حضرت بندگی مخدومؒ کسی دریا کے کنارے بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک بڑے عالم ہاتھ میں کتاب لئے آپ سے سوال کرنے کے لئے آئے۔ اور حضرت بندگی مخدومؒ کے آگے بیٹھ گئے۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فوراً آپ کے ہاتھ سے کتاب لے کر اسے دریا میں ڈال دیا۔ وہ حیران رہ گئے۔ اور انھوں نے کہا، اے سید، آپ نے یہ کیا کیا؟ حضرت بندگی مخدومؒ نے اپنا دستِ مبارک دریا میں ڈالا۔ وہ کتاب نکالی اور اس پر کی گرد جھاڑ کر ان کے ہاتھ میں دے دی۔ پھر فرمایا، کہ ہاں، تم کیا سوال کرنا چاہتے تھے، کہو۔ انھوں نے کہا، کسی کی کیا مجال کہ آپ جیسے سے کوئی سوال کرے۔ حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ تمھارا سوال یہ ہے اور تمھارا جواب یہ ہے۔ ان کے سوال میں کلام اللہ کی ایک آیت آئی تھی۔ اس آیت کے ہر لفظ کے ہزار معنی بیان فرمائے۔ عالم نے اپنا سر زمین پر رکھ دیا، اور حضرت بندگی مخدومؒ کے مرید ہونے کی خواہش کی۔ آپ نے فرمایا تیرا نصیب یہاں نہیں ہے چنانچہ سلطان احمد سے بھی آپ نے یہی فرمایا تھا۔

(۵۷) نقل است (مس) کہ در ایام دوازدہ سالگی زاغ بر سبوئے وضوئے حضرت بندگی مخدوم

(۵۷) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی مخدومؒ بارہ سال کے تھے کہ آپ کے وضو کے

Marfat.com

رضی اللہ عنہ بیحال کرد۔ حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ بسوے او دیدند۔ فی الحال سر او
از تن و پا از سر، ہر عضوے از عضوے یک دیگر
جدا شدہ والدہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ گفتند چہ کردی؟ فرمودند، با ما چرا بے ادبی
کرد۔ من چکنم؟ والدہ حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ گفتند عجب شدہ سید محمدؐ این
زبان ہر کہ بے ادبی تو کند، حال او ہمچنین
باشد۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ تبسم
کناں فرمودند چنانکہ بودہ شد، برو۔ ہنوز
سخن از زبان حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
نیکو بدر نیامدہ بود کہ زاغ چنانچہ بود شدہ بپرید۔

(۵۸) نقل است (مس) چند درویشاں
بے معنی نشستہ بودند۔ فجاءۃً بغتتہً درمیان
ایشاں گاوے پیدا شد۔ ایشاں ذبح کردہ
تمام خوردند۔ صاحب گاو را چونکہ خبر شد از
دیوان پیادگاں آورد۔ ایشاں حیران شدہ
پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ دواں
آمدہ صورت حال بموقف عرض رسانیدند۔ حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ پرسیدند چیزے، ہست
یا تمام خوردید؟ گفتند، تمام خوردہ ایم۔ فرمودند
پوست یا استخواں ہست؟ گفتند، پوست و
استخواں ہست۔ فرمودند استخواں در پوست
بپیچیدہ چوبے مقدار یک گز بر دست ایشاں

لوٹے پر ایک کوے نے بیٹ کر دی۔ آپ
نے اس کی طرف دیکھا۔ اسی وقت اس کا سر،
اس کے پیر، اور اس کا ایک ایک عضو دوسرے
عضو سے جدا ہو کر آپ کے آگے گر گیا۔ حضرت
بندگی مخدومؒ کی والدہ بولیں یہ کیا کیا آپ نے فرمایا کہ
اس نے ہم سے کیوں بے ادبی کی میں کیا کروں۔
حضرت بندگی مخدومؒ کی والدہ نے فرمایا کہ سید محمدؐ
آج کل تم کیسے عجیب ہو گئے ہو کہ جو بھی تم سے
بے ادبی کرے، اس کا حال ایسا ہو جائے۔ یہ
سن کر حضرت بندگی مخدومؒ مسکرا دیئے۔ اور
فرمایا، جیسا تھا، ویسا ہو جا۔ ابھی حضرت
بندگی مخدومؒ کی زبان سے یہ کلمہ پوری طرح ادا
بھی نہ ہوا تھا کہ کوا جیسا تھا ویسا ہی ہو کر اڑ گیا۔

(۵۸) نقل ہے (مس) کہ چند درویش کہیں
بے کار بیٹھے تھے۔ یک بیک ان کے درمیان
ایک گائے نمودار ہوئی۔ انھوں نے اس
گائے کو ذبح کیا اور اسے کھا گئے۔ جب گائے
کے مالک کو خبر ہوئی تو دیوان سے پیادے
لے کر آیا۔ درویش پریشان ہو گئے۔ دوڑے
دوڑے حضرت بندگی مخدومؒ کے پاس آئے۔
حضور میں صورت حال عرض کی۔ حضرت بندگی
مخدومؒ نے پوچھا کہ گائے کی کوئی چیز باقی ہے یا
اسے پوری کھا گئے؟ عرض کیا، ہم اسے پوری
کی پوری کھا چکے ہیں۔ فرمایا، کیا اس کا چمڑا
یا اس کی ہڈیاں موجود ہیں؟ عرض کیا اس کا

Marfat.com

زادند۔ فرمودند ایں چوب بزنید و بگوئید چنانچہ بود، شو، بہ برکت محمد۔ ایشاں استخواں را در پوست پیچیدہ ہم چناں کردند۔ بفرمان عزوجل گاو بہ ایستاد ایشاں خوش شدہ تسلیم صاحب گاو کردند۔

چمڑا اور ہڈیاں موجود ہیں۔ فرمایا، ہڈیوں کو چمڑے میں لپیٹو۔ ایک گز لمبی ایک لکڑی ان کے ہاتھ میں دی۔ اور فرمایا، اس لکڑی سے سے اسے خوب مارو۔ اور کہو محمدؐ کی برکت سے جیسی تھی ویسی ہی ہو جا۔ انھوں نے ہڈیوں کو چمڑے میں لپیٹا اور ویسا ہی کیا۔ خدائے عزوجل کے فرمان سے گائے زندہ ہو کر اُٹھ بیٹھی ان لوگوں نے خوش ہو کر وہ گائے اس کے مالک کے حوالے کردی۔

(۵۹) نقل است (جوا) از جوامع الکلم کہ روز پنجشنبہ ماہ مذکور وقت خرج مائدہ طرفے از فضائل بی بی باعظمت فاطمہ سام ذکرے بود۔ فرمودند تا آں کہ شخصے حکایت می کرد، عرضہ داشتم بعد موت؟ فرمودند، آرے، بعد موت، کہ روزے معہود خویش در حضرت رب العزت می رفتم۔ از طور ملکی در گزشتم۔ ناگاہ فرشتہ گفت، لیکسی تو بایست۔ چہ باشد کہ نیک بے باک وار می گزری۔ من سوگند خوردم و ہمانجا نشستم کہ تا خود رب العزت تعالیٰ مرا نطلبد بیشتر نہ شوم۔ ساعتے نگزشت بی بی خدیجہ و فاطمہ زہرہ آمدند رضی اللہ عنہما آمدند در پائے ایشاں افتادم۔ ایشاں گفتند، اے فاطمہ، امروز ہم چو تو کیست کہ خدائے تعالیٰ بہ طلب تو ماہ افرستادہ است۔ گفتم، من کنیزک شما ام۔ عزت من بالاتر ازاں نباشد کہ

(۵۹) جوامع الکلم سے نقل ہے (جوا) کہ اس مہینے کی جمعرات کو دسترخوان پر باعظمت بی بی حضرت فاطمہ سام کے بعض فضائل کا ذکر ہو رہا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ انھوں نے کسی شخص سے بیان کیا (میں نے عرض کیا، کہ کیا مرنے کے بعد؟ فرمایا، ہاں مرنے کے بعد) کہ میں اپنے مقررہ دن (یعنی مرنے کے بعد) رب العزت کے حضور میں چلی۔ جب طور ملکی سے گزری تو ناگاہ ایک فرشتے نے کہا، تو کون ہے، ٹھہری رہ، تجھے کیا ہوا ہے کہ اس بے باکی کے ساتھ چلی جا رہی ہے؟ میں اسی جگہ بیٹھ گئی اور میں نے قسم کھائی کہ جب تک رب العزت مجھے نہ بلائے آگے نہ جاؤں گی۔ تھوڑی دیر نہ گزری کہ بی بی خدیجہ اور بی بی فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہما آئیں۔ میں ان کے پیروں پر گر پڑی انھوں نے کہا، اے فاطمہ، آج تجھ سا کون ہے کہ خدائے تعالیٰ نے

Marfat.com

شما بطلب می آمده اند۔ اما شما روا دارید،
من سوگند خورده ام کہ جز بطلب خدا بغیر واسطہ
بیشتر نشوم، از آں سوگند بگزرم۔ ایشاں ہر
دو رفتند۔ در حضرت گفتند، خداوندا تو بہتر
می دانی کہ فاطمہ می گوید کہ سوگند خورده ام،
بے طلب و بلا واسطہ کسے من نیایم۔ فرمان شد،
فاطمہ راست می گوید کہ شما از میانہ دور شوید۔
ندا إلیّ إلیّ خاست۔ من از جا جنبیدم۔
بحضرت شدم۔ گفتم، خداوندا، در حضرت تو
ایں چنیں بے ادباں ہم می باشند کہ آئندگان
حضرت ترا نمی شناسند۔ ایں سخن گفت و
یک آہ زد۔ درمیان گور خویش تکیہ نشست۔
کمترین خدمت گاران عرضہ می دارد کہ چنیں گماں
دارم ایں حکایت بندگان میاں مخدوم است۔
اما برسم قدیم بلفظ غیبت فرمودند۔ مسموع
از ثقات است کہ پاسخ شبّر و شبیر و حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ نیز ہم چنیں است۔

(٦٠) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ
رضی اللہ عنہ بر خواجہ حبیب اللہ ابوالمرشد

نے تیرے بُلانے کے لئے ہمیں بھیجا ہے۔ میں
نے کہا، میں تو آپ کی باندی ہوں۔ میری عزت
اس سے زیادہ نہیں کہ آپ میرے بلانے کے
لئے آئیں۔ لیکن میں نے قسم کھائی ہے کہ بغیر واسطہ
طلب کئے خدا کے آگے نہ جاؤں گی۔ آپ بھی اس
کو روا نہ رکھیں گی کہ میں اس قسم کو توڑ دوں۔ وہ
دونوں واپس ہوگئیں۔ اور حضور باری میں عرض
کیا کہ خداوندا تو ہی بہتر جانتا ہے کہ فاطمہ کہتی
ہے کہ میں نے قسم کھائی ہے کہ بغیر واسطہ خدا کے
طلب کئے میں نہ آؤں گی۔ فرمان ہوا کہ فاطمہ سچ
کہتی ہے۔ تم درمیان سے ہٹ جاؤ۔ پھر "میری
طرف، میری طرف" کی صدا بلند ہوئی۔ میں اپنی
جگہ سے اٹھی۔ حضورِ باری میں حاضر ہوئی۔ میں
نے کہا، خداوندا، تیرے حضور میں ایسے بے ادب
بھی ہیں جو تیرے حضور میں آنے والوں کو نہیں
پہچانتے؟ یہ بات کہی اور ایک آہ کھینچی اور اپنی
قبر میں ٹیکہ لگا کر بیٹھ گئیں۔ کمترین خدمت گاران
(مرتب ملفوظات جوامع الکلم، حضرت اکبر حسینیؒ) عرض
کرتا ہے کہ میرا گمان ہے کہ یہ بندگی مخدومؒ ہی
کی حکایت ہے۔ لیکن رسم قدیم کے مطابق لفظ
غیبت سے اسے رد کیا۔ ثقہ راویوں سے سُنا گیا
ہے کہ شبّر و شبیر کا جواب اور حضرت بندگی مخدومؒ
والی حکایت بھی اسی طرح کی ہے۔

(٦٠) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ
نے خواجہ حبیب اللہ ابوالمرشد، مقبول الحضرت

Marfat.com

مقبول الحضرت شاہ ید اللہ معنی دہ آیت
قرآن گفتہ اند۔ ولے در ہر لفظ ہزار معنی
گفتہ اند۔

شاہ ید اللہ کو قرآن کی دس آیتیں سمجھائیں اور
ہر لفظ کے ہزار معنی بتائے۔

(۶۱) نقل است (مح) کہ در دہلی چند روز
بحث بود کہ معیت بذات است یا بصفت؟
بر ہمہ مشکل ماندہ بود۔ آخر ہمہ بزرگانِ دہلی
بر حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ آمدند۔
بصورت عرض داشت کردند و پرسیدند
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند
معیت اعتباری مراد می دارید یا حقیقی؟ گفتند
اعتباری۔ فرمودند، پس اعتباری ذات او
کیست؟

(۶۱) نقل ہے (مح) کہ دہلی میں کچھ دنوں
تک یہ بحث چلتی رہی کہ معیت ذات سے ہے
یا صفت سے۔ سب کے لئے بڑی مشکل پیش
آئی۔ آخر دہلی کے تمام بزرگ حضرت بندگی
مخدومؒ کے پاس آئے۔ اور عرضداشت کی
صورت میں آپ سے یہ مسئلہ دریافت کیا۔
حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ تمھاری مراد
اعتباری معیت سے ہے یا حقیقی سے؟ کہا،
اعتباری۔ فرمایا، اس کی ذات کا اعتباری
کون ہے؟

(۶۲) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ روزے درون حجرہ بودند۔
برون سماع بود۔ قوالان این ابیات خواندند

بیت:

اے باد بہار عنبریں بوئے
در پائے لطافت تو میرم
آنکس کہ بجز تو کس ندارد
در ہر دو جہان من آں فقیرم
اے مونس روزگار سعدی
رفتی و نرفتی از ضمیرم

کفش ہا پوشیدہ از حجرہ بروں آمدند۔ و
سماع می شنیدند باذوق بسیار۔ وسماع تے

(۶۲) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم
ایک روز حجرے میں تشریف رکھتے تھے۔
باہر سماع ہورہا تھا۔ قوال یہ شعر گارہے تھے۔

(ترجمۂ اشعار)

اے عنبریں بو باد بہاری!
میں تیرے لطافت کے پیروں میں مر رہا ہوں
دونوں دنیاؤں میں جس کا
تیرے سوا کوئی نہ ہو، وہ فقیر میں ہوں
اے روزگار سعدی کے مونس
تو تو چلا گیا، لیکن تیری یاد دل سے نہ گئی!

حضرت بندگی مخدومؒ جوتے پہن کر حجرہ سے باہر
آئے، اور بڑے ذوق کے ساتھ سماع سننے لگے۔

Marfat.com

در گرفته بود۔ بعدہ کہ دیدہ سیاہ بکلی غائب
شد و تمام دیدہ سپید گشتہ وکف از دہان
بیرون می آمد۔ در آں حالت پیراہن خود
می کشیدند۔ بندگی میاں برہ درمیان در
آمدند۔ پیراہن کشیدن ندادند۔ حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند، کیست
میان من و دوست در می آید۔ بندگی میاں
برہ ہیبت خوردند۔ پس پا باز گشتند۔
بعدہ باندکے مدت نقل کردند۔ و بعضے می
گویند تا دو سہ گز بہ ہوا ہم شدہ بودند۔ دراں
مجلس خضر ہم حاضر بود۔ گفت کہ اگر ایں چنیں
ولی از دست خواہد رفت باز چوں خواہد آمد۔
بنا براں بندگی میاں برہ درمیان آمدند۔ ہر دو قدم مبارک
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ گرفتند حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ فرمودند کیست کہ درمیان دوست و
من می آید۔ بندگی میاں برہ ہیبت خوردند
پس پا باز گشتند۔ بعدہ بقرب مدت
نقل کردند۔

(۶۳) نقل است (مس) کہ حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ در نماز گاہ کہنہ
مشغول بودند۔ عورتے آمد۔ از بندگی مخدوم

آپ پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی، اور ایسی
کیفیت طاری ہوئی کہ پورا دیدہ سپید ہو گیا۔
اور پتلیاں غائب ہو گئیں اور منھ سے کف
جاری ہو گیا۔ اس حالت میں آپ نے اپنا
لباس اتارنا شروع کیا۔ بندگی میاں بڑے
درمیان میں آ گئے۔ اور لباس اتارنے نہ دیا۔
حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا تو کون ہے کہ میرے
اور دوست کے درمیان گھسا آتا ہے۔ بندگی
میاں بڑے پر ہیبت طاری ہو گئی۔ پچھلے پیر
لوٹ گئے اور اس واقعہ کے کچھ ہی دنوں بعد
ان کا انتقال ہو گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس حالت
میں حضرت بندگی مخدومؒ فضا میں دو تین گز
بلند بھی ہو گئے تھے۔ اس مجلس میں خضر بھی
حاضر تھے۔ انھوں نے کہا کہ اگر ایسا ولی ہاتھ
سے نکل گیا تو پھر لوٹ کر کہاں آئے گا۔ اس لئے
بندگی میاں بڑے درمیان میں آ گئے اور حضرت
بندگی مخدومؒ کے دونوں قدم مبارک پکڑ لیے۔
حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا کہ تو کون ہے کہ
میرے اور دوست کے درمیان آتا ہے۔ بندگی
میاں بڑے پر ہیبت طاری ہو گئی۔ پچھلے پیر
لوٹ گئے اور اس واقعہ کے کچھ ہی دنوں بعد
انھوں نے انتقال فرمایا۔

(۶۳) نقل ہے (مس) کہ حضرت بندگی
مخدومؒ پرانی عیدگاہ میں نماز پڑھ رہے تھے
ایک عورت آئی۔ اور حضرت بندگی مخدومؒ

Marfat.com

رضی اللہ عنہ سوال کرد کہ ارادت چیست؟
فرمودند کہ ترک عادت است۔ باز پرسید
کہ ارادت چیست؟ فرمودند ازیں عالم نمی
نمائی۔ از کجا آمدی و کجا می روی؟ باز سوال
کرد کہ ارادت چیست؟ وگفت سید محمد
سخن رسمانہ مگو۔ فرمودند ہلہ بگویم ارادت
چیست وگفتند ارادت اینست خواستن
حق از پیر۔ باز گفتند معنی دیگر بگویم کہ در فہم
درآید۔ ارادت خواستن مرید پیر را و
گفتند ھذا ھوالحق، قد قلنا۔ عورت
سلام کرد وگفت تمت کلمتُ ربک صدقاً
وعدلاً۔ بیت ؎

کے بود ما زما جدا ماندہ
من و تو رفتہ و خدا ماندہ

تا آں کہ ببینند، از پیش غایب شدئہ
ردا او کبریا بردوشش و ازار عظمت دربر۔
بدیں نمط آمد، سوال کرد، غایب شد۔

(۶۴) نقل است (م ح) کہ روزے بعد
فجر پیش حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ خواجہ
حبیب اللہ ابو المرشد مقبول الحضرت شاہ
ید اللہ قدس اللہ سرہٗ رفتند۔ حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند امشب ہمہ فرزندان
را بحضرت عزت بردہ بودم۔ ہمہ را باز گردانیدہ

سے سوال کیا کہ ارادت کیا ہے؟ فرمایا
ترک عادت ہے۔ پھر پوچھا کہ ارادت کیا
ہے؟ فرمایا تو اس دنیا کی معلوم نہیں ہوتی،
کہاں سے آئی ہے اور کہاں جاتی ہے؟ پھر
سوال کیا کہ ارادت کیا ہے؟ اور کہا سید
محمد، رسمی بات نہ کہو، فرمایا، اچھا، کہتا ہوں
ارادت کیا ہے اور فرمایا، ارادت کے معنی
ہیں پیر سے حق چاہنا۔ پھر فرمایا، دوسرے
معنی کہتا ہوں کہ سمجھ میں آئیں۔ ارادت
کے معنی ہیں مرید کو پیر کی طلب۔ فرمایا، یہی
حق ہے اور ہم نے کہہ دیا۔ عورت نے سلام
کیا اور کہا، تیرے رب کی سیدھی اور سچی بات
تمام ہوئی۔ شعر

یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ہم اپنے سے جدا ہوں
میں اور تو جب درمیان سے نکل گئے تو بس
خدا ہی رہا۔

پھر دیکھا تو وہ عورت سامنے سے غایب ہو گئی
کاندھے پر ردائے کبریا، جسم پر لباسِ عظمت،
بس اسی طرح وہ آئی تھی۔

(۶۴) نقل ہے (م ح) کہ ایک روز فجر
کے بعد خواجہ حبیب اللہ مقبول الحضرت،
شاہ ید اللہ قدس اللہ سرہٗ حضرت بندگی مخدوم
کے پاس حاضر ہوئے۔ حضرت بندگی مخدوم
نے فرمایا آج رات میں اپنے تمام فرزندوں
کو حضورِ باری میں لے گیا تھا۔ سب کو لوٹا دیا

Marfat.com

تراقبول کردند۔ چہ کنم از طرف خویش تغییرے
نکردم ولیکن برائے باز گردانیدند۔ چکنم۔
ازاں واسطہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ مقبول الحضرت شاہ ید اللہ را قبول
اللہ می گفتند۔

(۶۵) نقل است (مح) کہ ہر وقتے کہ
بندگی مخدوم در بیابانہا می آمدند می فرمودند
عاشقاں را سلامے۔ محققاں را پیامے۔ محمد
یوسف حسینی ما تو امامے۔

(۶۶) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند مابدیں خوشیم
کہ مارا بدیں صورت فرستاد تا ہیچ کس
درنیابد۔ معرفت مرداں خدائے دریافتہ
نشود چناں کہ معرفت اللہ و ایں دو بیت
خواندند۔ بیت ؎

برتر از وہم و حس عقل و قیاس
چیست جز خاطر خدائے شناس
درمیان عاشقاں مرغاں درند
کز قفس پیش از اجل بیروں پرند

(۶۷) نقل است (مح) از قالب حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ ہر شب صورتے
بروں می آمد۔ آب می ستد۔ وضو می کرد۔
آنچہ وظائف بود ہم ادا می کرد۔ و حضرت
بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ ہم بروا اکتفا نمی
کردند۔ می خواستند۔ وضو می کردند۔ باز ہمہ

گیا۔ میں کیا کرتا۔ اسی لیے حضرت بندگی مخدومؒ
مقبول الحضرت شاہ ید اللہ کو قبول اللہ
پکارا کرتے تھے۔

(۶۵) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ
جب کبھی بیابانوں میں جاتے تو فرماتے،
عاشقوں کو سلام، محققوں کو پیام اور
محمد یوسف حسینی ایک ہمارے امام۔

(۶۶) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ
نے فرمایا کہ میرا عقیدہ ہے کہ جیسی صورت
پر ہمیں پیدا کیا ہے ویسی صورت کا دوسرا
کوئی نہ آئے گا۔ خدا کی معرفت کی طرح
مردان خدا کی معرفت دریافت نہیں ہو سکتی۔
پھر یہ دو شعر پڑھے ؎

وہم، حس، عقل اور قیاس
سب سے خدا شناس کا مزاج برتر ہے
عاشقوں کے درمیان ایسے پرند
ہیں موت سے پہلے قفس کے باہر اڑتے ہیں

(۶۷) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؒ
کے قالب سے ہر رات ایک صورت برآمد
ہوتی۔ پانی لیتی، وضو کرتی، جو وظائف ہوتے
وہ بھی ادا کرتی۔ حضرت بندگی مخدومؒ اس پر
اکتفا نہ فرماتے، اٹھتے، وضو کرتے، اور پھر
تمام وظائف ادا کرتے تاکہ سنت نبویؐ کی

Marfat.com

وظائف را ادا می کردند تا اتباع نبی شود۔

(۶۸) نقل است (مح) کہ خواجہ حبیب اللہ ابوالمرشد مقبول الحضرت شاہ ید اللہ قدس اللہ سرہٗ العزیز می فرمایند آں مخاطبات، آں تجلیات، آں بازیہا کہ با حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ سہ روز بیش از موت بود، نمی گویم از آں کہ مختصرہا طاقت آں ندارند و فراخ گوشہا تنگ آید۔

اتباع ہو۔

(۶۸) نقل ہے (مح) کہ خواجہ حبیب اللہ، ابوالمرشد، مقبول الحضرت شاہ ید اللہ قدس اللہ سرہٗ العزیز فرماتے ہیں کہ حضرت بندگی مخدومؒ کے انتقال سے تین دن پہلے جو مخاطبات، جو تجلیات اور جو بازیاں ہوئیں وہ میں بیان نہیں کر سکتا کہ اگر اختصار کے ساتھ بیان کروں تو وہ اس اختصار میں نہ سمائیں، اور اگر تفصیل سے بیان کروں تو تفصیل سُننے والوں کو کم معلوم ہوں۔

(۶۹) نقل است (مح) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ فرمودند توحیدے کہ من گفتہ ام ہیچ کس در عالم نگفتہ است۔ و نخواہد گفت۔ توحید من وراے ہمہ توحیدہا است و فردا ہمیں توحید ما را نفع کند نہ آں کہ شئے دیگر کہ نفع آں شرم است۔

(۶۹) نقل ہے (مح) کہ حضرت بندگی مخدومؓ نے فرمایا کہ جس طرح توحید میں نے بیان کی ہے، دنیا میں کسی نے بیان نہیں کی ہے۔ اور نہ بیان کر سکے گا۔ میری توحید تمام توحیدوں سے آگے ہے۔ یہی توحید کل ہمیں فائدہ پہنچائے گی نہ وہ دوسری چیز جس کا نفع شرم ہے۔

(۷۰) نقل است (مح) کہ خواجہ حسن بصری در رہے می رفت۔ جوانے ملاقات شد۔ چراغ بر دست گرفتہ، سلام کرد۔ چراغ گشت۔ پرسید، یا شیخ ایں از کجا آمد بکجا رفت؟ خواجہ ساکت شد۔ او از پیش غایب شد۔ و بعضے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم حسن بصری را خواجہ می گفتند و حل مشکلات تمام کردہ بودند۔ آخر از دست جوانے الزام خورد۔ حضرت مولانا یوسف

(۷۰) نقل ہے (مح) کہ خواجہ حسن بصریؒ کہیں جا رہے تھے۔ راستے میں ایک نوجوان سے ملاقات ہوئی۔ اس کے ہاتھ میں چراغ تھا۔ اس نے خواجہ حسن بصری کو سلام کیا، چراغ بجھا دیا، اور پوچھا، اے شیخ یہ کہاں سے آیا اور کہاں گیا؟ خواجہ حسن بصری خاموش رہے۔ وہ نوجوان سامنے سے غایب ہو گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعض اصحاب نے حسن بصریؒ کو خواجہ کہا ہے اور انھوں نے تمام

Marfat.com

مردے صادق و طالب و دانشمند از مقبول الحضرت
شاہ یداللہ پرسید کہ سوال ایں جواں را
جوابے ہست یا نہ؟ مقبول الحضرت شاہ
یداللہ گفتند، حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ می فرمودند اگر من بودم ایں جواب می
دادم، ازو آمد، بدو رفت، اِنَّا لِلّٰہِ وَ
اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

مشکلیں حل کی تھیں۔ آخر انہیں ایک نوجوان
کے ہاتھوں منہ کی کھانی پڑی۔ حضرت
مولانا یوسف نے جو ایک مردِ صادق، طالب اور
عالم ہیں، مقبول الحضرت شاہ یداللہ سے
پوچھا کہ اس نوجوان کے سوال کا جواب بھی
ہے یا نہیں؟ مقبول الحضرت شاہ یداللہ
نے فرمایا، حضرت بندگی مخدومؒ فرماتے تھے کہ
اگر میں ہوتا تو اس نوجوان کو جواب دیتا کہ
"اسی سے آیا، اور اسی کی طرف گیا، اِنّا للہ
وَاِنّا الیہ راجعون۔

(۷۱) نقل است (مہ) کہ امام فخر الدین
رازی در راہے می رفت با عورتے ملاقات
شد۔ گفت یا امام شنیدہ ام کہ در معرفت
خدائے عزوجل نہ صد و نود و نہ کتاب تصنیف
کردہ۔ سوال می کنم، جوابی بگو۔ امام گفت
بپرس۔ او آغاز کرد، ایں تصنیفات کہ
کردہ قبل المعرفت کردہ یا بعد المعرفت
است۔ اگر قبل المعرفت است، آں زماں
خود ہمہ جہل بود، چہ نوشتہ؟ و اگر بعد
معرفت است، آں زماں او خود در بیان
نمی آید و آنچہ در بیان نمی آید، چہ نویسند؟
امام فخر الدین گفت، جنازۂ فخر الدین را بر
دارید کہ بر دست پیر زالے الزام خورد۔
روزے بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
بالائے حوض خاص نشستہ بودند شخصے آمد۔

(۷۱) نقل ہے (مہ) کہ امام فخر الدین
رازی کہیں جا رہے تھے۔ راستے میں ایک
عورت ملی۔ اس نے کہا، اے امام، میں نے
سنا ہے کہ خدائے عزوجل کی معرفت میں
آپ نے نو سو ننانوے کتابیں تصنیف کی ہیں
میں آپ سے ایک سوال کرتی ہوں، جواب دیجئے
امام نے فرمایا، پوچھو۔ اس نے پوچھا کہ یہ جو
کتابیں آپ نے لکھی ہیں، معرفت کے بعد لکھی
ہیں یا معرفت سے پہلے۔ اگر معرفت سے پہلے
لکھی ہیں تو وہ آپ کے جہل کا زمانہ تھا۔ کیا
لکھا ہوگا؟ اگر معرفت کے بعد لکھی ہیں تو اس
وقت معرفت بیان میں نہ سمائی ہوگی۔ اور
جس بات کی بیان میں سمائی نہ ہو اس کے
بارے میں کیا لکھا جا سکتا ہے۔ امام فخر الدین
رازی نے فرمایا، فخر الدین کا جنازہ اٹھاؤ کہ ایک

Marfat.com

پرسید، اے سید محمد، خدائے را شناختی
یا نہ؟ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ ساکت
ماندند۔ ہیچ جواب نداوند۔ او خندید۔ خدائے
رامی شناسی! گفت، غایب شد۔

خواجہ حبیب اللہ ابوالمرشد شاہ
یداللہ می فرمودند، می دانید، ساکت چرا
ماندند؟ ایں جا جواب ہمیں سکوت است۔
بیاں ممکن نیست۔ اگر بگوید شناختہ ام،
گوید چہ شناختہ؟ واگر گوید نہ شناختہ ام،
گوید چندیں عمر چرا ضائع کردی۔ پس ضرورت
ساکت شوند۔ آں شاید ہم دانست کہ جواب
ایں مقام ہمیں سکوت است، خندید و رفت۔
چنانکہ گفتہ اند، مَنْ عَرَفَ اللّٰہَ کَلَّ
لِسَانُہٗ وَمَنْ عَلِمَ جَھِلَ وَمَنْ جَھِلَ
عَلِمَ۔ جہل ایں مقام علم است۔ بیت

ہرگز دل من ز علم محروم نشد
کم ماند ز اسرار کہ مفہوم نشد

(۷۲) نقل است (سم) از حضرت بندگی مخدوم

بڑھیا سے اس نے منہ کی کھائی۔

ایک روز حضرت بندگی مخدومؒ حوض خاص
کے اوپر بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک شخص آیا،
اور اس نے پوچھا، اے سید محمد، آپ خدا کو
پہچانتے ہیں؟ حضرت بندگی مخدومؒ خاموش
رہے۔ اس کا کوئی جواب نہ دیا۔ وہ ہنسا اور
کہنے لگا، تو خدا کو پہچانتا ہے۔ یہ کہا اور غائب
ہو گیا۔

خواجہ ابوالمرشد مقبول الحضرت شاہ یداللہ
فرماتے ہیں کہ جانتے ہو حضرت بندگی مخدومؒ
کیوں خاموش رہے؟ اسی سکوت میں اس
کا جواب ہے، بیان ممکن نہیں۔ اگر کہتے کہ
پہچانتا ہوں تو کہتا کیا پہچانا؟ اور کہتے نہیں
پہچانا، تو کہتا، اتنی عمر کیوں رائگاں کی؟ اس
لیے بالکل خاموشی اختیار کی۔ وہ بھی شاید
جان گیا کہ اس مقام کا جواب یہی سکوت ہے۔
اس لیے ہنسا اور چلا گیا۔ چنانچہ کہا گیا ہے
"جس نے اللہ کو پہچانا، اس کی زبان جو جہل
ہو گئی۔ جس کو علم حاصل ہوا اس نے درحقیقت
اپنی جہالت کا اعتراف کیا، اور جس نے اپنی
جہالت کا اعتراف کیا وہی صاحبِ علم ہوا۔ اس
مقام کا جہل علم ہے؎

میرا دل ہرگز محروم نہ رہا
کم ہی رہے ایسے اسرار جو سمجھ میں نہ آئے

(۷۲) حضرت بندگی مخدومؒ سے نقل ہے (سم)۔

Marfat.com

رضی اللہ عنہ۔ مثنوی ؎

زبہر عیادت برائے مریض
کہ بود دست سمتش طویل و عریض
چہ خود با مداد برفتم بر او
سبے نالہ و آہ دیدم درو
مرض را بگفتم ز دست مریض
چنیں نالہ ات ہم ز دست مریض
ورا آں کہ در دست تو بر مریض
چناں نالہ پیدا شدہ در مریض
مرض گفت حقا مریض چناں
کہ نالم ز جورش کجا در جہاں
چو ایوب باید کہ نالم ازو
ز صبرش چو رنجور گردم ازو
کہ در وقت شدت بگفت او چنیں
خدایا توئی ارحم الراحمیں

مثنوی ؎ ۔

ایک مریض تھا، اس کی بیماری بڑی لمبی چوڑی تھی، ایک صبح میں اس کی عیادت کے لیے گیا۔ میں نے دیکھا کہ وہ بہت زیادہ ہائے وائے کرتا تھا۔ میں نے مرض سے مخاطب ہو کر کہا کہ کیا مریض کے ہاتھوں تو بھی ایسا ہی روتا ہے جیسے کہ تیری وجہ سے مریض نے یہ رونا دھونا اختیار کیا ہے؟ مرض نے کہا، خدا کی قسم ایوب جیسا مریض مجھے کہاں ملے گا کہ جس کے ظلم سے میں آہ و زاری کروں۔ ان کے صبر سے مجھے بہت تکلیف ہوتی تھی کہ وہ شدید تکلیف کے عالم میں بھی یہی کہتے تھے کہ خدایا تو ارحم الراحمین ہے۔

(۷۳) نقل است (۴۳م) کہ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را سخناں جانوراں ہم معلوم بود۔ چنانکہ می فرمایند۔ مثنوی ؎

بوقتی در آں راہ گجرات من
کہ می رفتم آں دم ز کنبھات من
در آں سال امساک باراں بودہ
بسے از مواشی سقط می شدہ
نشیب درختاں فتادہ بودہ
ز اجناس طیراں بمردہ بدہ
شنیدم کہ زاغے زبالائے شاخ

(۷۳) نقل ہے (۴۳م) کہ حضرت بندگی مخدومؒ جانوروں کی زبان بھی جانتے تھے۔ چنانچہ فرماتے ہیں۔ مثنوی ؎

جس زمانے میں میں گجرات کے راستے کنبھایت سے گزر رہا تھا، اس سال بارش بہت کم ہوئی تھی۔ اور اس کی وجہ سے چوپائے مر رہے تھے، اور درختوں کے نیچے پڑے ہوئے تھے۔ اجناس کی کمی کی وجہ سے پرندے بھی بہت مر رہے تھے۔ میں نے ایک درخت کی ٹہنی پر بیٹھے ہوئے ایک کوّے کو رزق کی اس کثرت

Marfat.com

چناں شکر گفتے ز رزق فراخ
اَللّٰھُمَّ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَۃِ وسعت عَلَیْنَا
رِزْقًا بِفَضْلِكَ یَا رَحِیْمُ وَ یَا وَھَّابُ
یَا کَرِیْمُ یَا تَوَّابُ ۔

پر اس طرح شکر ادا کرتے سُنا ہے
اے اللہ، اے مغفرت کو وسعت دینے
والے، تو نے اپنے فضل و کرم کو ہم پر وسعت
دے دی اے رحیم، اے عطا فرمانے والے،
اے بخشنے والے،

جمالش جلال و جلالش جمال
بہ تمثیل فہمند اہل کمال
مصیبت بدہقانیاں است و در
بزاغاں ہماں موجب شکر گرد

اس کا جمال جلال ہے اور اس جلال
جمال، اس بات کو اس تمثیل سے اہلِ کمال
اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔ جس چیز میں دہقانیوں
کے لئے مصیبت ہے، وہی چیز کوّوں کے
لئے موجب شکر بن جاتی ہے۔

(٧٤) نقل است (سم) مثنوی ؎

شنیدم کہ منصور مرد ولی
اتابک بُدہ بر حسین علی
اگر چہ کہ در جمع ابدال بود
و لیکن بہ از جملہ امثال بود
چو در خدمت مصطفےٰ اُمد بسے
ز مقدار عمرش چہ داند کسے
کہ روزے بسید بگرد او کلام
و ایں جانبشتہ شدہ آں تمام
بگفتا بہ مے خانہ عارف اگر
بنوشد مئے و مست آید بدر
بعورات بدکارہ گردد بکار
بچیزے ز عرفانش نقصاں شمار
چناں گفت منصور از وقت حال
بادل بود آں کلام و مقال

(٧٤) نقل ہے (سم)۔ مثنوی:

میں نے سُنا ہے کہ منصور ولی حضرت
حسین ابن علیؓ کے اتالیق تھے۔ اگر چہ ان
کا شمار ابدالوں میں ہوتا ہے، لیکن وہ
اس طرح کے لوگوں میں سب سے بہتر تھے۔ وہ
ایک مدت تک رسول اللہ صلعم کی خدمت
میں رہے۔ ان کی عمر کا کسی کو بھی اندازہ
نہیں۔ ایک دن انھوں نے سید (مراد خود
حضرت خواجہ گیسو دراز بندہ نوازؒ ہیں) سے
جو کچھ کہا، وہ تمام و کمال یہاں لکھا جاتا ہے۔
انھوں نے کہا کہ اگر کوئی عارف شراب خانے
میں شراب پئے اور وہاں سے بدمست ہو کر
نکلے، بدکار عورتوں سے منھ کالا کرے تو یہ
نہ خیال کرو کہ اس کے عرفان میں کوئی کمی
ہو گی۔ منصور نے وقتِ حال کیا اچھی بات

Marfat.com

بداں محملے چند دارد مقام
نمودست سید بیانش تمام
نہ او خورد مئے را نہ او فعل کرد
نمودار ظاہر نمودست مرد
چنانچہ کہ عیسیٰ علیہ السلام
نہ مقتول بُد کشتہ دیدش انام
ازاں جمع باشد یکے درمیان
بہ مئے خانہ نشیند بہ بدکارگان
کند ہرچہ مئے خوارگاں می کنند
کند بد ہر آنچہ کہ شاں می کنند
نمودار او خود نماید چنیں
حقیقت نہ او کار آید چنیں
نمودارش بہر سترے بود
بدانندگاں نیز کارے بود
ولیکن برآں کس مکن اعتماد
نہ شاید کہ بروے کنی اعتقاد
ازیں طائفہ نیز باشند نگر
نمایند گاہے بہ شکل دگر
تواں گفت محمل دگر زاں عمل
شود مئے بدستش چو عین عسل
تمثّل ہم از غیب شاہد بود
کہ مئے خانہ گردیدہ مسجد بود

مئے عسل گردد بدستش، مئے کدہ مسجد شود ۔ مثنوی سے

کہی ہے کہ یہ کلام اور یہ بات دل سے نکلی ہے۔ اس کلام کے چند محمل ہیں جن کو سید (حضرت مخدوم خواجہ بندہ نوازؒ) نے تمام و کمال بیان کردیا ہے۔ نہ اس نے شراب پی اور نہ اس نے بُرا فعل کیا، حالانکہ ظاہر میں یہ کام اسی سے ہوا۔ جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام قتل نہیں ہوئے، لیکن لوگوں نے انھیں قتل ہوتے دیکھا۔ وہ لوگوں کے درمیان شراب خانے میں اور بدکاروں میں بیٹھا ہوگا۔ وہی کرے گا جو شراب خوار کرتے ہیں اور وہی کرے گا جو یہ لوگ کرتے ہیں۔ اس کا ظاہر یہی دکھائے گا لیکن حقیقت میں اس سے ایسا کام نہ ہوگا۔ اس کا یہ ظاہر ستر کے لیے ہوگا، اور جاننے والوں کے پاس یہ بھی ایک کام ہوگا۔
لیکن ایسے شخص پر اعتماد نہ کرو اور ایسوں پر اعتقاد نہ رکھو۔ اس گروہ کے لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں کہ ہر وقت ایک نئی شکل میں نمودار ہوتے ہیں۔ دوسرے محمل کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ شراب بھی اس کے ہاتھوں میں شہد بن جاتی ہے غیب سے تمثّل اس کا شاہد ہے کہ اگر شرابخانہ دیکھا تو وہ مسجد ہوجاتی ہے۔

اس کے ہاتھ میں شراب شہد بن جاتی ہے اور شراب خانہ مسجد ہوجاتا ہے ۔ مثنوی سے

Marfat.com

دگر عارف فرض کردم ہمی
بفعل بدی مرتکب شد ومی
کہ مے خورد با اجنبیت بخفت
از آں حال شرحے تو ام بگفت
کہ گفتند بعضے ز اہل کمال
چنیں نیز آمد از ایشاں مقال
کہ آں در مقام ولایت بداں
برجعت بود آں دلیل ونشاں
مقام محبت گناہ قلیل
بنقصان حب است عصیاں دلیل
ولے در مقامات عرفاں بود
دلیل کمالش بہ عصیاں بود
محمد ابوالفتح گیسو دراز
بہ تبع نبی گشتہ او سرفراز
بعلم یقیں بفہم متیں
ز حق التحقیقت بگفتہ چنیں
بود دوزخے بہر آں عارفاں
کہ راہ طریقت نرفتند شاں
بگفتار وکردار بے رہ شوند
یقیں داں کہ ایشاں بدوزخ بوند
دریں جا بایشاں مقالہ شود
بر ایشاں ظہور جلالت شود
کہ من کردہ ام ہرچہ کردم زبیش
کنوں ہم کنم ہرچہ خواہم زخویش
بدنیا چناں چہ کہ بودم عیاں

دوسرا عارف اسی طرح فرض کیا۔ وہ برے کام کا مرتکب ہوا۔ یعنی اس نے شراب پی اور اجنبی عورت کے ساتھ سویا۔ اس کی شرح میں بیان کرتا ہوں۔ بعض اہلِ کمال نے یہ بھی کہا ہے کہ ایسی رجعت مقام ولایت کی دلیل اور نشان ہے۔ مقام محبت میں چھوٹا سا گناہ بھی محبت میں کمی کا باعث ہوتا ہے لیکن مقامات عرفان میں گناہ اس کے کمال کی دلیل بن جاتا ہے۔ محمد ابوالفتح گیسو دراز اتباع نبوی کی دولت سے سرفراز ہوا ہے۔ اور وہ علم یقین، فہم متین اور حق التحقیقت کے ساتھ اس طرح بیان کرتا ہے ان عارفوں کے لیے دوزخ ہے جو راہِ طریقت پر نہیں چلتے۔ جو گفتار اور کردار سے بے راہ ہو جاتے ہیں، یقین مانو کہ وہ دوزخ میں جاتے ہیں۔ اس کے بارے میں ان سے پرسش ہو گی اور ان پر جلال خداوندی کا ظہور ہو گا۔ فرمان ہو گا کہ جو کچھ کیا میں نے کیا، اب بھی جو چاہوں گا کروں گا دنیا میں تجلی اور کشف کی صورت میں ایسا ہی عیاں تھا۔ پہچانو، چلو اور اور پھر دیکھو۔

Marfat.com

بکشف و تجلی بود ہمچناں
شناسید و سوزید ہم بنگرید
دریں دوزخ و درد اکنوں شوید
بتحقیق گویم تو از حق شنو
بتبع محمدؐ دریں رہ برو
گر آرام خواہی و امن و قرار
تو در پے روی نہ قدم استوار
محالست بے تبع پیغمبراں
کہ ماواہ گردد بدارالاماں
چنانچہ ثنائی سنائے نمود
بہ صد سبل او سبیلے نمود
طُرق بے شمار است مقصد یکے
بہر رہ کہ آئی رسی بے شکے
ولیکن رہ پاک از خار و خس
رہ تبع پیغمبران است و بس

سنو! میں تحقیق سے سچی بات کہتا ہوں۔ اس راستے میں محمدؐ کی پیروی اختیار کرو۔ اگر آرام، امن اور قرار چاہتے ہو تو آپ ہی کے راستے پر ثابت قدمی سے چلو۔ پیغمبروں کی پیروی کے بغیر یہ ناممکن ہے کہ ٹھکانا جنت بنے۔ چنانچہ ثنائی نے کیا اچھے راستے کی نشاندہی کی ہے۔ کہتے ہیں، راستے بے شمار ہیں، لیکن مقصود ایک ہے۔ اور جس راستے سے آؤ اس تک بے شک پہنچو گے۔ لیکن خار و خس سے پاک صرف پیغمبروں کی پیروی کا راستہ ہے۔

آں کسے گوید کہ راہ مصطفیٰ
آفتاب و آنگہ کسے بیند سہا

منصور یکے از ابدال است۔ و او از میاں ایشاں آزاد است یعنی تکلیفہا کہ بر ایشاں ستند از وے برگرفتہ اند۔ عمر او واللہ اعلم تا چہ قدر باشد۔ او گوید حسین بن علی رضی اللہ عنہما را اتابکی کردہ ام چونکہ حسین را زادند در کنار من نہادند۔ روزے پیش حضرت مخدوم

جس شخص نے مصطفیٰؐ کا راستہ دیکھ لیا وہ آفتاب دیکھ لینے کے بعد سہا کیا دیکھے گا۔

منصور ایک ابدال ہیں اور ابدالوں پر جو پابندیاں ہیں وہ منصور پر سے اٹھا لی گئی ہیں۔ ان کی عمر کا حال اللہ ہی کو معلوم ہے کہ کتنی ہے۔ وہ خود کہتے ہیں کہ حسینؓ ابن علیؓ کی میں نے اتالیقی کی ہے۔ جب حضرت حسینؓ پیدا ہوئے تو انھیں میرے گود میں دیا گیا۔ ایک روز

Marfat.com

رضی اللہ عنہ گفت کہ عارفے در خمار آید، مے نوشد و مستاں بروں شود، در خانہ عورت بدکارہ در آید، بداں مباشر شود، ہیچ از معرفت و تجلیات و کشوفات او نقصاں نپذیرد۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ و ھو المرشد فی العموم فرمودہ اند، ایں سخن را چند محلے ہست۔ محلے سدیدی اعتزاری و صحیحی۔ یکے ہمیں است کہ از قبیل و ما قتلوہ و ما صلبوہ ولکن شبہ لاھم باشد۔ و اگر فرض کنم چنیں بود کہ مے را بعینہ خوردہ است و ایں کار را بر عورت بیگانہ بفعلہ وجستہ کردہ است، عرفان و تجلیش کم نگشتہ۔ چنانچہ گفتہ اند معصیت در مقام ولایت دلیل بر مراجعت کند و در مقام محبت دلیل بر منفعت کند۔ و معصیت در مقام معرفت دلیل بر کمال کند۔ اما محمد حسینی بحق الحقیقت، بعلم یقین و فہم متیں می گوید کہ دوزخی اند آنانکہ باتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نرفتہ اند۔ ہر چہ نفس ایشاں تقاضا کردہ است از گفتار و کردار کم نکردہ اند۔ ایشاں را در دوزخ اندازند۔ با ایشاں گویند، آرے، ہر چہ کردم من کردم، ہر چہ کنم من کنم۔ انیک من در کشف و ظہورے تجلی ام، چنانچہ در دنیا بودم۔ مرا بدانید، بر بینید، بشناسید، بسوزید۔

انھوں نے حضرت مخدومؒ سے کہا کہ اگر کوئی عارف شراب خانے میں آئے، شراب پیئے اور وہاں سے مست ہو کر نکلے، بدکار عورت کے گھر جائے، اس سے مباشرت کرے تو اس کی معرفت، تجلیات اور کشوفات میں کمی نہ ہوگی۔ ہم سب کے مرشد حضرت بندگی مخدومؒ نے فرمایا، اس بات کے چند محل ہیں جیسے محل سدیدی، اعتزاری اور صحیحی۔ ان میں سے ایک یہ ہے "نہ انھوں نے آپ کو قتل کیا نہ آپ کو صلیب دی لیکن وہ شبہ میں ڈال دیئے گئے"، اگر فرض کیا کہ اس نے واقعتاً برا کام کیا تو اس کے عرفان اور اس کی تجلی میں کمی نہ ہوگی۔ چنانچہ کہا گیا ہے کہ مقام ولایت میں معصیت، مراجعت کی اور مقام محبت میں منفعت کی دلیل ہے اور مقام معرفت میں معصیت کمال پر دلالت کرتی ہے۔ لیکن محمد حسینی حق الحقیقت علم عین اور فہم متین سے کہتا ہے کہ وہ لوگ دوزخی ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلعم کی پیروی نہیں کی ہے۔ جو کچھ ان کے نفس نے تقاضا کیا، اس کے پورا کرنے میں کمی نہیں کی ہے۔ انھیں دوزخ میں ڈالا جائے گا۔ ان سے کہا جائے گا، ہاں، جو کچھ کیا، میں نے کیا، جو کچھ کرتا ہوں، میں کرتا ہوں۔ اب بھی

Marfat.com

اے عزیز، بنا ید ایں سخن بر تو مشکل شود۔ امروز عارفاں را سر درد می باشد، شکم درد می باشد، تپ می باشد، وجعے می باشد، دیگر و دیگر و تجلی عرفان ہمہ باقی با او با ایں ہمہ درد آں عارف را می سوزند و با وجعی گرفتار شدہ نالہ و زاری می کند۔ اے گرفتگی داد، البتہ می خواہد رنج بصحت بدل شود وکذالک۔ فردا، آمنا و صدقنا، روح ابو علی سینا برند۔ فرماں آید، از رہ محمدؐ آمدہ است یا خود می خواہد بما پیوند گوید، خود می خواہم کہ بتو پیوند کنم۔ فرماں شود کہ بعد بعثت محمدؐ، بر مارہ نیست جز رہ محمدؐ۔ باز گردانید در ہاویہ نکال و عذاب بدارید۔ و عرفان او با او باقیست۔ اے درویش، دریں جہاں و در آں جہاں، بل من لا ذل لا بد آرام و قرار و برخورداری و آسودگی جز باتباع محمدؐ نیست۔ بیت ؎

مصطفیٰ وانکہ کسے گوید کہ رہ
آفتاب وانگہ کسے بیند سہا

(۷۵) نقل است (مس) حضرت

کشف اور تجلی ظہوری میں ہوں جیسا کہ دنیا میں تھا۔ مجھے جانو، دیکھو، پہچانو اور چلو۔

اے عزیز اس بات کے سمجھنے میں کچھ دشواری نہ ہونی چاہیئے۔ آج عارف کے درد سر ہے، درد شکم ہے۔ بخار ہے درد اور دوسرے امراض ہیں، عرفان تجلی ان تمام دردوں کے ساتھ اسے جلاتی ہے اور درد میں مبتلا ہو کر وہ آہ و زاری کرتا ہے۔ اس پر وہ دل گرفتہ ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی تکلیف صحت میں بدل جائے۔ اسی طرح کل جب بو علی سینا کی روح کو حضور خداوندی میں لے گئے تو فرمان ہوا کہ محمدؐ کے راستے آئے ہو یا اپنی کوشش سے ہم سے جڑنا چاہتے ہو۔ ابو علی سینا کی روح کہے گی میں چاہتا ہوں کہ اپنی کوشش سے آپ سے وابستہ ہو جاؤں۔ فرمان ہوا۔ محمدؐ کی بعثت کے بعد راہ محمدؐ کے سوا ہم تک پہنچنے والا کوئی نہیں۔ اس لیے جاؤ، اور دوزخ کے اسفل طبقوں کے عذاب میں ڈال دو۔ لیکن اس کا عرفان باقی ہے۔ اے درویش اس دنیا میں اور اس دنیا ہی میں نہیں بلکہ ازل سے لے کر ابد تک آرام، قرار، برومندی اور آسودگی اتباع محمدؐ کے سوا کسی اور چیز میں نہیں ہے۔

(۷۵) نقل ہے (مس) کہ حضرت

Marfat.com

بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را با ارواح انبیاء و اولیاء ملاقات بود۔ چنانکہ روح حضرت افضل الاولیاء علی رضی اللہ عنہ را پرسید کہ عرس شما بکدام تاریخ است۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمودند کہ ہجدہم ماہ مبارک رمضان ہست۔

بندگی مخدوم رضؓ کی اولیاء اور انبیاء کی روحوں سے ملاقات تھی۔ چنانچہ حضرت افضل الاولیاء حضرت علیؓ سے پوچھا کہ آپ کے عرس کی کیا تاریخ ہے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ (۱۸) ماہِ مبارک رمضان ہے۔

(۷۶) نقل است (مس) بندگی مخدوم را قوتی بود کہ ہر کس را کہ کنار می گرفتند نعمت می دادند و ہم ستدند۔ چنانچہ حکایت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ و حکایت سید جلال بخاری رحمۃ اللہ علیہ خواندہ باشی۔

(۷۶) نقل ہے کہ (مس) حضرت بندگی مخدومؓ میں وہ قوت تھی کہ جسے چاہتے اپنے سینے سے لگا کر اسے نعمت دے سکتے تھے۔ اور لے سکتے تھے۔ جیسا کہ حضرت بندگی مخدومؓ اور سید جلال الدین بخاری کے واقعہ میں آپ نے پڑھا ہوگا۔

(۷۷) نقل است (سم) از بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ۔ مثنوی

بیازار دیدم رخ گلعذار
بروزے گزشتم بوقت بہار
بدیدم زنے مست بنشستہ بود
جہاں در خم زلف بربستہ بود
بحسن و لطافت رخش چوں گلے
عذارش سمن بوئے لعلش لبے
زنے شیوہ باز و بسے عشوہ ساز
بسے ناز بانے بسے عشوہ باز
زنے شوخ چشمے و عیارۂ
کرشمہ نمائے و مکارۂ
لبش وقت خندہ چو آب حیات
شود زندہ از خندۂ او موات

(۷۷) نقل ہے (سم) خود حضرت بندگی مخدومؓ سے: مثنوی

ایک روز میں موسم بہار میں بازار سے گزر رہا تھا۔ میں نے وہاں ایک گلعذار کو دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ ایک مست عورت بیٹھی ہوئی ہے اور ایک دُنیا کو اس نے اپنی زلفوں میں باندھ رکھا ہے۔ حسن و لطافت میں اس کا چہرہ گلاب جیسا تھا اور اس کے رُخسار لالہ جیسے اور چنبیلی جیسی بو دینے والے لگتے تھے۔ وہ بڑے ناز و انداز دکھانے والی عورت تھی اور بڑی عشوہ باز و عشوہ ساز تھی۔ بڑی شوخ چشم اور عیارہ تھی۔ نخرے دکھانے والی مکارہ تھی ہنستے وقت اس کے

Marfat.com

کند خندہ اش بندہ آزادہ را
بود رونق از لبش بادہ را
ہم از قاب قوسین لبانش نشاں
ز نور رخش نور چشم بداں
بداں نور بینم اگر سوئے او
بنور رخش تواں دید ہم روئے او
رخ او نشان الوہیتش
ز بستاں بیاں ربوبیتش
ز انوار قدسی برو تابشی
ز الطاف سبحانش آرایشی
با عزاز و اکرام بنشستہ بود
بہر سوئے جانے فرو بستہ بود
بدو کان تنبول تکیہ زدہ
بہ برگ لبش جاں سپاری شدہ
برنگ رخش جان مردم فدائے
بداں چو نہ گردد دل مبتلائے
ہر آنکس کہ دیدہ شدہ مبتلائے
ز عشاق جانہا بر وشد فدائے
جبینش ز لاہوت رمزے نمود
لبش از جمال اللہ رمزے نمود
ز نظارہ چندے کہ گردش بدند
چہ گویم ہمہ مبتلایش بدند
ز عشقش نفس ہر یکے می زدے
کہ ہر یک بدعوی قریبش شدے
بہ برگ لب و رنگ رخسار او
دلم چوں نگردد بدیدار او

ہونٹ آب حیات جیسے تھے کہ مُردہ بھی اس کی ہنسی سے زندہ ہو جاتا تھا۔ اس کی ہنسی آزاد کو اپنا غلام بنا لیتی تھی اور اس کے ہونٹوں سے شراب کی رونق بڑھتی تھی۔ اس کے لب قاب قوسین کی نشان دہی کرتے تھے۔ اس کے چہرے کے نور سے آنکھوں کو نور حاصل ہوتا تھا۔ اس نور سے اس کی طرف دیکھا جائے تو اسی کا چہرہ دکھائی دیتا تھا۔ اس کا چہرہ الوہیت کی نشان دہی کرتا تھا۔ اور اس کی چھاتیاں ربوبیت کا بیان تھیں۔ اس کا چہرہ انوارِ قدسی سے جگمگا رہا تھا اور خدا کی عنایتوں سے تزئین و آرائش پائے ہوئے تھا۔ وہ بڑی شان و شوکت کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی اور ہر طرف سے جانیں اس پر فدا ہو رہی تھیں۔ وہ ایک پان کی دوکان میں بیٹھی تھی اور پان کی لالی سے اس کے ہونٹ سُرخ تھے۔ اس کی خوبصورتی پر لوگ فدا تھے اور بُری طرح اس پر فریفتہ تھے جس نے بھی اس کو دیکھا وہ سو جان سے اس پر فدا ہو گیا۔ اور عاشقوں کی جانیں اس پر تصدق ہونے لگیں۔ اس کی پیشانی لاہوت کا راز کھولتی تھی اور اس کے ہونٹ جمال خداوندی کی جھلک دکھاتے تھے۔ اس کو دیکھنے کے لئے جتنا اس کے گرد چکر کاٹتے تھے کیا کہوں سب ہی اس پر کس بُری طرح فریفتہ ہو جاتے تھے۔ ہر شخص اس کی محبت کا دم بھرتا تھا اور اس دعوے کے ساتھ ہر اس کے قریب ہوتا

Marfat.com

ز ہر یک شدہ جان سپاری بروں
چوں دیدند مقصود دل را دروں
ہمی کرد دعوت بسوئے قدم
بقصد تمامیش قاصد شدم
ہماں لحظہ در خاطرم در گزشت
بود مرشد آں کس کہ زیں برگزشت
ازیں خطرہ وقفہ نشد ساعتے
ہمی باز ماندم ازآں راحتے
ہماندم بآواز مارا بخواند
بدلہا ہمہ قصد خود را نشاند
منم آنکہ جملہ بفرمان من
منم شاہ عشق تو سلطان من
تو جان منی و جہاں جان من
تو آن منی و جہاں آن من
چنیں قول او چوں بگوشم شدہ
زمام تمالک ز دستم شدہ
عنان وجاہت ز دستم برفت
ہمہ بند بندم زمن برگسست
ہمیں خواستم تا بسویش روم
کہ با دولت قربت او شوم
ہماں دم شنیدم کہ از جان جاں
بگفت است آں فتنۂ انس و جاں
بیفف گفت بتبع رائے رسول
بمیانم ز من گرچہ گردی ملول
بشوخی قدم خواستم تا نہم
بقصد دل خود باو جان دہم

ہونا چاہتا تھا۔ اس کے پنکھڑیوں جیسے ہونٹوں اور اس کے رُخ رنگین کو دیکھنے کے لئے میرا بھی دل کیوں نہ تڑپتا۔ ہر شخص اپنی جان پر کھیلنے تیار ہو گیا کیونکہ اس میں ہر ایک کو اپنا دلبر مقصود نظر آتا تھا۔ جب اس نے مجھے اپنی طرف بلایا تو میں نے سب کا قاصد بننے کا ارادہ کیا۔ اسی آن میرے دل میں خیال آیا کہ وہی مرشد ہو سکتا ہے جو اس سے گزر جائے۔ دل میں اس خطرے کے پیدا ہوتے ہی وہ راحت مجھ سے چھن گئی۔ اسی آن اس نے بلند آواز سے ہم کو پکارا اور اپنی محبت سب کے دلوں میں بٹھا دی۔ کہا میں وہ ہوں کہ سارا عالم میرے زیر فرمان ہے۔ میں شاہِ عشق ہوں اور تو میرا سلطان ہے۔ تو میری جان ہے اور دنیا میری جان ہے۔ تو میرا ہے اور دنیا میری ہے۔ جب اس کی یہ باتیں میرے کانوں تک پہنچیں تو مجھے اپنے آپ پر قابو نہ رہا۔ اختیار کی لگام میرے ہاتھ سے نکل گئی اور میرا جوڑ جوڑ ڈھیلا پڑ گیا۔ اس کی قربت کی دولت حاصل کرنے کے لئے میں نے اس کی طرف بڑھنا چاہا۔ اسی آن میں نے اس فتنۂ انس و جان کو یہ کہتے سنا۔ "اے جانِ جان، اگرچہ میری تمنا نے تجھے بے تاب کر دیا ہے پھر بھی اتباعِ رسولؐ کو اپنا شعار بنا، رک جا، ٹھیر جا۔" یہ سننے کے باوجود اپنے دل کی آرزو کے مطابق اپنی جان اس پر نثار کرنے کے لئے میں نے شوخی سے اس کی طرف قدم بڑھانا چاہا۔

Marfat.com

چو بینم ز دکاں نے آں نگار
نہ نظارہ بازار و نے آں دیار
نہ آں یار پرکار و یاران او
نہ آں گفت گوے نہ دوران او
خود ایستادہ ماندم بحیرت دراں
نہ بد آنچہ من بردہ بودم گماں
بخود پختہ کردم خیال چناں
کہ مقصود جانم ہمیں شد عیاں
بدیدم کہ آں پختہ ام خام شد
محمد ازاں وہم بے کام شد
بمن خورد دوچار آں دم یکے
کہ او اہل تحقیق بد بے شکے
کہ بے خویش پر نیش درویش بود
درو دردمندے و دل ریش بود
زمن ہر چہ کج گشتہ بد راست گفت
ز بحر حقیقت چنیں در بسفت
یگانہ ترا ایں سہ گانہ نمود
کہ عشق ازل ایں نشانہ نمود
یگانہ یگانہ یگانہ ترا
نمودہ بصورت سہ گانہ ترا
کہ تا تو بباشی نہ بینی دگر
چنانچہ کہ دیدی تو شکل و صور
بباید نماید نباید رود
نہ دیگر بداں شکل پیدا شود

(۷۸) نقل است (کہ) خدمت شیخ
علاء الدین اندی رحمۃ اللہ علیہ چناں اعتقاد
بر بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را بر بندگی [illegible]
[illegible]

کیا دیکھتا ہوں کہ نہ وہ دوکان ہے اور نہ وہ
حسینہ ہے۔ نہ وہ نظارہ ہے اور نہ وہ مقام
نہ وہ اس کے جاں باز دوست۔ نہ وہ اور
نہ گفتگو کا سلسلہ۔ میں ہی اکیلا حیرت زدہ
وہاں کھڑا تھا اور جو کچھ گزرا تھا اس کا نشان
وگمان بھی نہ تھا۔ میں نے یہ خیال پختہ کر لیا
تھا کہ میرا مقصود جاں یہی ہے جو عیاں
ہوگیا۔ میں نے سوچا کہ میں پختہ ہوگیا ہوں
بس اسی لمحہ میں خام ہوگیا۔ اسی وہم کی وجہ
سے محمد اپنی مراد کو نہ پا سکا۔ اسی آن اسی نے
مجھے پکار کر آگاہ کیا کہ وہ بے شک کوئی اہل تحقیق
تھا اور اپنے آپ سے برہم درویش تھا۔ اس
کے اندر کوئی دل ریش دردمند چھپا ہوا تھا۔
جو کچھ مجھ سے غلطی ہوئی تھی اسے درست کیا
اور بحر حقیقت کے یہ موتی پرو گیا۔ یگانہ نے
تجھے اس طرح سہ گانہ دکھایا اور عشق ازل نے
تجھے اپنا نشانہ بنایا۔ یگانہ، یگانہ، یگانہ نے
تجھے سہ گانہ کی صورت میں اپنے آپ کو دکھایا
تاکہ تو پھر کسی اور کو نہ دیکھ سکے۔ جیسی شکل
و صورت تو نے دیکھی ویسی شکلیں اور صورتیں
تجھے دکھاتا ہے۔ ان کے پیچھے [illegible]
کیونکہ پھر ان شکلوں [illegible]

(۷۸) نقل ہے کہ حضرت شیخ
علاء الدین اندی رح کو بندگی مخدوم رض سے اس
درجہ اعتقاد تھا کہ حضرت مخدوم رض کے دوسرے

Marfat.com

مخدوم رضی اللہ عنہ نبود۔ بارہا حضرت بندگی
مخدوم رضی اللہ عنہ می خفتندے و خدمت
شیخ علاؤالدین روئے خویش برکف پائے
مبارک حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
می داشتندے و می خفتندے۔ چوں
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بیدار
می شدندے خدمت شیخ را بہ ایں حالے
می دیدندے و می گفتندے، چرا ہم چنیں
می کنی؟ خدمت شیخ می گفتندے، اے
امیر سید محمد، ترا کس نشناختہ است۔
من شناختہ ام۔ زیرا کہ لا یعرف الجوھر
الا بالجوھری۔

(۷۹) نقل است (سی) سلطان
فیروز بہمنی را فرزندان می شدندے و
ہم در خرد سالگی نقل می گشتندے۔
روزے سلطان فیروز پیش حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ بالتماس پیوست کہ فرزندان
من نمی زیند۔ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
دعائے بکنند تا بزیند۔ حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ فرمودند کہ چنداں فرزندانے
خواہد ترا کہ تو میزبانی ایشاں کردن تنگ
خواہی آمد۔ بعد چند گہے پسر در خانہ سلطان
آمد۔ جبرئیل نام درویش بود۔ بر سلطان
آمد و گفت، ایں پسر مرا بدہند۔ در خانہ
خود خواہم داشت۔ یک اسپ تازی نیز
بدہند راست خواہم کرد وقتے کہ مکتب
شاہزادہ خواہد شد بریں اسپ سوار خواہم کرد۔

خلفا کو اس درجہ اعتقاد بندگی مخدوم رض
سے نہ تھا۔ بارہا ایسا ہوا ہے کہ حضرت
بندگی مخدوم رض سوتے تھے اور شیخ علاؤالدین
اپنا چہرہ حضرت بندگی مخدوم رض کے تلووں
پر رکھ کر سو جاتے تھے۔ جب حضرت بندگی
مخدوم رض بیدار ہوتے اور حضرت شیخ علاؤالدین
کو اس حال میں دیکھتے تو فرماتے یہ سب کیوں
کرتے ہو۔ شیخ فرماتے، اے امیر سید محمد،
تمہیں کسی نے نہیں پہچانا۔ میں نے تمہیں
پہچانا ہے، کیونکہ جوہر کی قدر جوہری کے
سوا کوئی نہیں جانتا۔

(۷۹) نقل ہے (سی) کہ سلطان
فیروز شاہ بہمنی کے لڑکے پیدا ہوتے لیکن
کم سنی ہی میں مر جاتے تھے۔ ایک روز
سلطان فیروز نے حضرت مخدوم رض نے فرمایا کہ
تجھے اتنے فرزند ہونگے کہ تو ان کی کثرت سے
تنگ آ جائے گا۔ کچھ دنوں بعد سلطان کے
گھر لڑکا پیدا ہوا۔ جبرئیل نامی ایک درویش
تھا۔ وہ سلطان سے ملا۔ اور اس سے کہا
کہ اس لڑکے کو مجھے دے دے۔ میں اسے
اپنے گھر میں رکھوں گا۔ ایک تیز عربی گھوڑا
بھی دے۔ جب شہزادہ کی مکتب نشینی
ہو گی تو اس گھوڑے پر وہ سوار ہو گا۔
سلطان نے ایسا ہی کیا۔ حضرت بندگی مخدوم رض
کو غیرت آئی۔ کچھ باتیں کہیں۔ یہ باتیں سلطان
کے کانوں تک پہنچیں۔ چند مہینوں کے بعد
ایام شیرخوارگی ہی میں سلطان کا لڑکا مر گیا۔

Marfat.com

سلطان ہم چناں کرد۔ آخر حضرت مخدوم
رضی اللہ عنہ را غیرت آمد۔ چیزے سخن
گفتند۔ بسمع سلطان ہم رسیدہ بود۔
میاں چند ماہ در ایام شیر خوارگی آں پسر
سلطان) نقل کرد۔ بندگی میاں برہ شنیدند
و گفتند، کسے دادہ بودند یعنی بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ، باز خود ستیدند۔ آں درویش
از روئے سلطان شرمندہ و مخذول شد۔
سلطان بازبزاری و فروتنی پیش حضرت
مخدوم رضی اللہ عنہ، بالتماس پیوست و
عذر خواست۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ، باز ہماں لقب دادند۔ آخر ہمچناں
شد کہ از میزبانی کردن تنگ آمدہ بود۔

(۸۰) نقل است (مہ) سلطان را
معتاد بود کہ دوبار بر بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ برائے ملاقات می آمدے۔ وقت
بیروں شدن لشکر و وقت از بازگشتن
لشکر۔ روزے ہم بیروں آمدہ برائے
وداع استمداد بندگی مخدوم رضی اللہ
عنہ، نیز آمد۔ ملاقات کردہ بازگشت۔
جلال متوکل نام درویش بود۔ بر او نیز
رفت و او نیز دعائے استمداد سے خواست۔
حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ را استماع
شد۔ فرمودند، الحمد للہ، بار از گردن
من دور کرد۔ ایں سخن حضرت بندگی مخدوم
رضی اللہ عنہ، نیز بسمع سلطان برسید۔
بردست خواص دو اں گفتہ فرستاد کہ

بندگی مخدوم میاں بڑے (حضرت سید اکبر
حسینیؒ) نے بھی یہ خبر سُنی تو فرمایا کسے دیا
تھا یعنی بندگی مخدومؓ نے اسے واپس لے
لیا۔ اس درویش کو سلطان کے آگے
شرمندگی اور پشیمانی اُٹھانی پڑی۔ سلطان
نے پھر رو رو کر فروتنی اور عاجزی کے ساتھ
حضرت مخدوم رضی اللہ عنہ، سے التماس
کیا، اور اپنی پچھلی حرکت پر معذرت
پیش کی۔ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ
نے پھر وہی بات دُہرائی۔ آخر وہی ہوا کہ
بچوں کی کثرت سے تنگ آگیا تھا۔

(۸۰) نقل ہے (مہ) کہ سلطان کا
قاعدہ تھا کہ دوبار حضرت بندگی مخدوم رضؓ
کی خدمت میں ملاقات کے لئے حاضر ہوا
کرتا تھا۔ ایک تو لشکر لے کر باہر جاتے
وقت اور ایک لشکر لے کر واپس آتے
وقت۔ ایک بار سلطان اسی غرض سے
بندگی مخدوم رضؓ سے رخصت ہونے اور مدد
کی دعا کی درخواست کرنے کے لئے آیا
اور آپ سے مل کر چلا گیا۔ جلال متوکل
نامی ایک درویش تھے۔ فیروز شاہ ان
سے بھی ملنے گیا اور ان سے بھی مدد کی
دعا کی درخواست کی۔ حضرت مخدوم رضؓ نے
یہ بات سُنی تو فرمایا، الحمد للہ، اس نے
میری گردن سے یہ بھاری بوجھ اُتار لیا۔
حضرت مخدومؓ کی یہ بات بھی سلطان کے
کانوں تک پہنچی۔ اور اس نے اپنے خاص

Marfat.com

بار من بر بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ است نہ بر دیگر. و ضمناً برین آمدہ بود. بزیارتگاہ بندگی شیخ ... میان بنام عمادش او بود. بحضرت ملاقات کردم. در آن بار کہ بر حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ آمدہ بود، حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ منع ہم کردہ بودند کہ دریں بار تو مرو. برادر خورد را بفرست یعنی سلطان احمد را، او خود رفت. قصہ مشہور است. در آں مہم فتح نشد. بحضور گشتہ ہزیمت باز گشت. ہر کہ بر صاحب ولایت بخلوصیت توجہ نگیرد مقصود او بر نیاید، ایں چہ باشد.

آدمیوں کو دوڑتا اور کہلوایا کہ میرا بوجھ تو حضرت بندگی مخدوم رض پر ہے کسی اور پر نہیں۔ یہاں ضمناً وہاں بھی گیا تھا۔ اپنے محل کو لوٹتا تھا، درمیان میں جلال متوکل کا گھر تھا۔ ان سے بھی ملاقات کر لی۔ جس سلسلہ میں سلطان حضرت بندگی مخدوم رض کے پاس آیا تھا، اس سلسلہ میں حضرت بندگی مخدوم رض نے سلطان کو منع فرمایا تھا کہ اس بار تم خود نہ جاؤ۔ اپنے بھائی یعنی سلطان احمد کو بھیجو۔ لیکن وہ خود ہی مہم پر چلا گیا مشہور قصہ ہے۔ اس مہم میں فتح حاصل نہ ہوئی شکست اٹھا کر لوٹا۔ جو بھی صاحب ولایت کی بات پر خلوص کے ساتھ توجہ نہیں دیتا، اس کا مقصود حاصل نہیں ہوتا، اس کی کیا حیثیت ہے۔

(۸۱) نقل است (مہ) بارہا حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ بتاسف تمام می فرمودند، افسوس کہ حق تعالی درزمانہ اصعب و اشد ما را پیدا کرد. اگر در عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و صحابہ کرام و تبع تابعین و جنید و شبلی بودے کارہائے من از کارہائے ایشاں کم تر نبودے. ازیں جا قاضی احمد دبیر عرضہ داشت کہ دریں زمانہ اصعب اگر ہم چو بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ مبعوث نبودے خلق را بسوئے خدائے تعالی دعوت کہ کردے و راہ کہ نمودے.

(۸۱) نقل ہے (مہ) کہ حضرت بندگی مخدوم رض نہایت درجہ افسوس کے ساتھ بارہا یہ فرماتے تھے کہ افسوس حق تعالی نے ہمیں بڑے سخت اور برے زمانے میں پیدا کیا۔ اگر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا صحابہ کرام یا تبع تابعین یا جنید رح یا شبلی رح کے زمانے میں ہوتا تو میرے کام ان کے کاموں سے کم نہ ہوتے۔ اس پر قاضی احمد دبیر رح نے عرض کیا کہ اگر بندگی مخدوم اس سخت اور کڑے زمانے میں نہ بھیجے جاتے تو مخلوق کو خدا کی طرف کون دعوت دیتا۔ پھر عرض کیا کہ حضرت بندگی

Marfat.com

باز عرضہ داشت کہ از صدقۂ حضرت بندگی مخدوم رضی اللہ عنہٗ چیزے کہ بندہ را عطا کردہ اند یعنی از عالم الٰہیات و غیوبات از اں می دانم کہ بہ قدم بندگی مخدوم رضی اللہ عنہٗ از میاں متقدمان کہ بودہ باشد۔ چنانچہ قطعہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہٗ بر ایں دلالت می کند ؎

مخدوم رضؓ کے صدقے میں مجھے جو کچھ عطا ہوا ہے، یعنی عالم الٰہیات و غیوبات سے جو کچھ عطا ہوا ہے اس کی بنا پر میں جانتا ہوں کہ متقدمین میں حضرت بندگی مخدوم کے مرتبے کو کون پہنچتے ہیں۔ چنانچہ خود بندگی مخدومؓ کا یہ قطعہ اس پر دلالت کرتا ہے۔

قطعہ

محمد را بہ پرس از عشق باری
کہ او از جد خود احمد بہ پرسید
بگفت اے کودک شایستہ من
زہے کارے کہ آں فرزند بگزید

قطعہ

عشق بازی کے بارے میں محمد سے پوچھو
کہ اس نے خود اپنے جد امجد احمد (صلعم) سے پوچھا۔
آپ نے فرمایا، اے میرے لائق بیٹے، آفریں ہے میرے فرزند پر کہ وہ ایسے کام پر فائز کیا گیا۔

(۸۲) نقل است (مہ) کہ بندگی مخدوم رضی اللہ عنہٗ را خانہ نہ بود در دہلی بندگی مخدوم رضی اللہ عنہ از درون خانہ وقت تہجد می شناختند۔

(۸۲) نقل ہے (مہ) کہ دہلی میں حضرت بندگی مخدومؒ کا جو گھر تھا، اس کے اندر بیٹھے ہوئے ہی آپ تہجد کا وقت پہچان لیتے تھے۔

